اسکول برائے تعلیم وتربیت کی اسکالر امۃ الرحمٰن میمونہ دختر جناب محمد اشرف علی خان کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''زیر ملازمت اساتذہ میں نفسیاتی صحت، احیاء کی قوت اور جذباتی وسماجی ذہانت'' کے موضوع پر ڈاکٹر اندراجیت دتہ، اسسٹنٹ پروفیسر سی ٹی ای بھوپال کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ڈاکٹر بدرالاسلام، سی ٹی ای اورنگ آباد اور ڈاکٹر شاکروی، بھوپال ان کے شریک نگران تھے۔

سیدہ سارہ سلطانہ

شعبۂ تعلیمات نسواں کی اسکالر سیدہ سارہ سلطانہ دختر جناب سید شریف الحسن کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے ''خاتون سربراہ خاندان کے مسائل (حیدرآباد شہر میں مسلم خواتین کے حوالے سے ایک تانیثی تجزیہ)'' کے موضوع پر اپنی تحقیق مکمل کی۔ ان کی تحقیق کی نگراں صدر شعبۂ تعلیمات نسواں پروفیسر آمنہ تحسین تھیں۔

طلعت پروین

اسکول برائے سائنسی علوم کی اسکالر طلعت پروین دختر ایس محمد حسین کو طبیعیات (فزکس) میں پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ پروفیسر ایچ علیم باشا کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کے مقالے کا موضوع ''مشاہدہ وموازنہ تغیر وتبدل اور عدل استحکام کے اشارے ریڈیو سونڈے ڈیٹا کی بدولت ہندوستان میں مختلف خطوں میں'' تھا۔

شکیل احمد

شعبۂ نظم ونسق عامہ کے اسکالر شکیل احمد ولد نور حسین کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ شکیل احمد نے ''بہتر حکمرانی کے لیے ای حکمرانی ایک آلہ: جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ میں خدمت سینٹرز کا ایک مطالعہ'' کے عنوان سے اپنا تحقیقی مقالہ، پروفیسر کنیز زہرہ کی نگرانی میں مکمل کیا۔

شفقت اور خلوص کا ہمالیائی پیکر ڈاکٹر نجم السحر

محمد حسام الدین ریاض

تعلیم وتربیت بالخصوص پیشہ تدریس کوئی آسان کام نہیں ہوتا طلبہ کے ساتھ بڑے ہی اخلاص، صبر، تحمل، بردباری، برداشت اور شفقت آمیز رویہ بہت ضروری ہوتا ہے۔

ان ہی مندرجہ بالا صفات سے ڈاکٹر نجم السحر، پروفیسر ڈسٹنس ایجوکیشن مصفا تھیں۔ ڈاکٹر نجم السحر نے اپنی زندگی کے 21 برس مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد میں گزارے۔ 2004ء میں ان کا تقرر ہوا تھا تاحیات وہ مولانا آزاد یونیورسٹی میں تشنگان علم وادب کی پیاس بجھاتی رہیں۔ چھوٹی سی عمر میں ان کی والدہ سیدہ حمیرہ قادری صاحبہ نے دنیا کو الوداع کہہ دیا۔ والد جناب احمد قمرالدین صاحب کی زیر تربیت وآغوش میں نجم السحر نے زندگی کے نشیب وفراز طئے کیے والدہ حمیرہ قادری صاحبہ کا تعلق خود بھی ایک معزز وقابل احترام علمی گھرانہ سے تھا۔ وہ جامعہ عثمانیہ سے ایم اے کامیاب تھیں۔ یہ اُس زمانے کی بات ہے جب لڑکیوں کو محدود پیمانہ پر تعلیم دلوائی جاتی تھی لیکن چونکہ حمیرہ قادری صاحبہ کا گھرانہ علم کی دولت سے مالا مال تھا اس لیے انہیں علم کی بڑی دولت حاصل ہوئی اور اسی گھر کا چشم وچراغ نجم السحر تھیں۔

نجم السحر م کی ابتدائی تعلیم کے جی تا دہم جماعت پرانے شہر کے محلّہ مغل پورہ میں واقع جاوید ماڈل اسکول میں ہوئی جوان کے ماموں چلایا کرتے تھے۔

1979ء میں ان کی شادی میر تاج الدین صاحب سے ہوئی۔ تاج الدین بہت ہی مخلص اور وضعدار شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے نجم السحر صاحبہ کے ساتھ خوش گوار زندگی گزاری۔ اوران کے چمنِ حیات میں 5 پھول کھلے۔ تین بیٹے اور دو بیٹیوں نے نجم السحر اور میر تاج الدین کو ہر طرح سے آرام پہنچانے اور خیال رکھنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھی۔

شادی سے پہلے انہوں نے انٹرمیڈیٹ میں داخلہ لیا۔ شادی کے سبب ان کی تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوگیا تھا۔ لیکن شادی کے بعد انہوں نے دوبارہ نامپلی گرلز کالج سے انٹر میڈیٹ، PANINIYA کالج دلسکھ نگر سے بی ایڈ کیا اور پھر بی ایڈ کے دوران عثمانیہ یونیورسٹی سے ڈسٹنس سے ایم اے بھی کیا۔

غالباً 1991ء میں گورنمنٹ پرائمری اسکول الاوہ یتیماں میں انہیں سرکاری اسکول میں پرائمری ٹیچر کی حیثیت سے ملازمت مل گئی۔ اس وقت جناب غلام محمود ہیڈ ماسٹر تھے۔ قبل ازیں انہوں نے میر جملہ تالاب کٹہ، حیدرآباد میں واقع خانگی اسکول یونیک ہائی اسکول (بانی محمد مقبول علی خان) میں بہترین تدریسی خدمات انجام دیں۔ اب اس اسکول کا نام فلوریڈا ہائی اسکول ہوگیا ہے۔ سنہ 2000 میں مانو میں ان کا تقرر ہوا۔ ابھی ان کی مدت ملازمت باقی ہی تھی کہ وہ 12 اپریل 2025 کو دنیا سے رخصت ہوگئیں۔

محترمہ نجم السحر کی قریبی ساتھی محترمہ فرحانہ پروین ساکن ملک پیٹ نے اپنی عزیز ترین دوست کے انتقال پر اشکبار آنکھوں اور بوجھل دل سے بتایا کہ "برسوں میں ایک ایسی شخصیت پیدا ہوتی ہے جو تکبر، غرور اور ہر برائی سے پاک ہوتی ہیں"

نجم السحر نے کامپر ہنسیو کالج، مانصاحب ٹینک میں بھی مثالی خدمات انجام دیں۔ فرحانہ پروین صاحبہ نے مزید بتایا کہ نجم السحر صاحبہ مخلص، خندہ پیشانی سے پیش آنے والی انمول خاتوں تھیں۔ انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ نجم السحر صاحبہ کئی یتیم خانوں اور ضرورتمندوں کی بڑے پیمانہ پر خفیہ انداز میں مدد کیا کرتی تھیں۔

محترمہ نجم السحر کی قریبی ساتھی پروفیسر وقار النساء نے بتایا کہ محترمہ نجم السحر سے ان کے ہی نہیں بلکہ سارے اسٹاف کے انتہائی خوشگوار تعلقات رہے۔ وہ طلبہ کی انتہائی مشفق استاد رہیں کسی بھی طالب علم کو کسی بھی قسم کی کوئی بھی دشواری پیش آتی تو وہ فوری

صباء خاتون

شعبۂ انگریزی کی اسکالر صباء خاتون دختر ضرار احمد خان کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالہ کا عنوان ''اٹیگریشن آف آئی سی ٹی ان انگلش ٹیچنگ پریکٹس: این اسسمنٹ آف عثمانیہ یونیورسٹی بی ایڈ پروگرام'' تھا۔ پروفیسر ناگیندر کوٹاچیرو، شعبۂ انگریزی کی نگرانی میں انہوں نے اپنا مقالہ تحریر کیا۔ واضح رہے کہ صباء خاتون، شعبۂ تعلیم و تربیت میں بحیثیت اسسٹنٹ پروفیسر برسرخدمت ہے۔

مولانا حافظ خواجہ شاہ مقیم الدین چشتی

مولانا حافظ قاضی خواجہ شاہ مقیم الدین چشتی قادری ولد حضرت الحاج قاضی خواجہ شاہ ریاض الدین چشتی القادریؒ، نبیرہ حضرت سید شرف الدین پیر غائب شاہ پرگی کو شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیاء سے پی ایچ ڈی کی ڈگری کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالے کا عنوان "تصحیح نسخہ خطی گنج الاسرار با تعلیقات" تھا۔ انہوں نے اپنا مقالہ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ فارسی کی نگرانی میں تحریر کیا۔ واضح رہے کہ گنج الاسرار حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ، اجمیری کی تصنیف ہے۔

مولانا شاہ محمد غیاث پاشاہ قادری

مولانا شاہ محمد غیاث پاشاہ قادری حکم شرفی ابن حضرت شاہ محمد غوث پاشاہ قادری اتم شرفیؒ، سجادہ نشین و متولی درگاہ حضرت برہنہ بادشاہ محبوب نگر کو شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیاء کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالہ کا عنوان "مطالعہ انتقادی نعت گوئی فارسی در عہد آصف جاہیانِ دکن" تھا۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ فارسی کی نگرانی میں انہوں نے اپنا مقالہ تحریر کیا۔

شگفتہ پروین

شعبۂ مطالعاتِ نسواں کی اسکالر شگفتہ پروین دختر امتیاز احمد کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالہ کا عنوان ''گھریلو کامگار خواتین کے چیلنجس۔ ایک تنقیدی مطالعہ (شہر مئوناتھ بھنجن (یوپی) کے حوالے سے)'' تھا۔ ڈاکٹر پروین قمر، اسوسیئٹ پروفیسر کی نگرانی میں انہوں نے اپنا مقالہ تحریر کیا۔

آمنہ بیگم

شعبۂ تاریخ کی اسکالر آمنہ بیگم دختر محمد عمر پاشاہ میاں کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''حیدرآباد نظام کے امراء: امرائے پائیگاہ کا مطالعہ''، پروفیسر دانش معین اور ڈاکٹر ایس عبداللطٰہ، اسسٹنٹ پروفیسر CSSEIP کی نگرانی میں مکمل کیا۔ آمنہ بیگم، این ٹی آر ڈگری کالج محبوب نگر میں بحیثیت لیکچرار برسرکار ہیں۔

ناہید فاطمہ

اسکول برائے سائنسس کی اسکالر ناہید فاطمہ دختر طفیل احمد کو کیمسٹری میں پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالہ کا عنوان ''کمپیوٹیشنل ڈیزائن، ترکیب اور اینٹی ڈپریسنٹ مالیکیولز کی حیاتیاتی تشخیص'' تھا۔ ڈاکٹر قسیم اللہ، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں انہوں نے اپنا مقالہ تحریر کیا۔ واضح رہے کہ ناہید فاطمہ مانو میں کیمسٹری کے مضمون میں پی ایچ ڈی کرنے والی پہلی اسکالر ہیں۔

ثمرین کوثر

اسکول آف سائنسس کی اسکالر ثمرین کوثر عبدالرؤف دختر عبدرالرؤف کو کیمسٹری میں پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''بیکر ایسٹ کی ثالثیت سے نئے طریقوں کے فروغ کے ذریعہ حیاتیاتی فعال سالموں کی تالیف'' کے زیر عنوان تالیف کیا۔ ان کے نگران ڈاکٹر قسیم اللہ، اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔

اسدالرحمان

شعبہ نظم و نسق عامہ کے اسکالر اسدالرحمان ولد عبدالمنان کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ڈاکٹر احمد رضا، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ نظم و نسق عامہ، مانو کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کے مقالے کا موضوع ''جموں و کشمیر میں بچوں کی فلاح و بہبود کا جائزہ: ضلع پونچھ کا مطالعہ'' تھا۔

پیرزادہ شعیب امین پارسا



شعبۂ نظم و نسق عامہ کے اسکالر پیرزادہ شعیب امین پارسا ولد محمد امین پارسا کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ پروفیسر کنیز زہرہ کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کے مقالے کا موضوع ''آفات کے انتظامیہ میں نظم و نسق کا کردار: کشمیر میں 2014 کے سیلاب کا ایک مطالعہ'' تھا۔

پروفیسر اشتیاق احمد ڈاکٹر روبینہ کو سرٹیفکیٹ پیش کرتے ہوئے۔

اور اس ذمہ داری کو نبھانا ایک چیالنج سے کم نہیں۔ پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ دفتر تعلقات عامہ کی کوئی الگ شناخت نہیں ہے بلکہ وہ انتظامیہ کا ایک حصہ ہے۔ انہوں نے دفتر تعلقات عامہ کو بہتر طور پر چلانے کے لیے ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری کی ستائش کی۔

انہوں نے کہا کہ مانو کے اساتذہ کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ یہاں کے اساتذہ مستقبل کے اساتذہ کو تیار کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں یونیورسٹی کی بہتر شبیہ کو دنیا کے سامنے پیش کرنا ہماری ہی ذمہ داری ہے۔

جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر نے خیر مقدمی خطاب میں کہا کہ یونیورسٹی کی شبیہ کو بہتر بنانے میں دفتر تعلقات عامہ اہم رول ادا کر رہا ہے۔ ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، پبلک ریلیشنز آفیسر نے کارروائی چلائی اور دفتر تعلقات عامہ کا مختصر تعارف پیش کیا۔ محترمہ ثمینہ تبسم، اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی نے شکریہ ادا کیا۔ تکنیکی سیشن میں ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے ابتداء میں شعبہ تعلقات عامہ کا مختصراً تعارف پیش کیا۔ مسٹر رضوان احمد، ڈائرکٹر آئی ایم سی نے فوٹو گرافی پر تفصیلی پریزنٹیشن دیا۔ مسٹر عبید اللہ ریحان، کیمرہ مین، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر نے کیمرے کے استعمال کے متعلق اہم معلومات فراہم کیں۔

دوسرے دن اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کی۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کی عوامی رسائی کے لیے اساتذہ تعلیمی سرگرمیوں کے متعلق معلومات کو سوشیل میڈیا پر پیش کریں۔ اس سے ہماری عوامی رسائی میں اضافہ ہوگا۔ جو بھی تعلیمی سرگرمیاں یونیورسٹی میں ہوتی ہیں انہیں بہتر انداز میں سوشیل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمس پر پیش کیا جانا چاہیے۔ پروفیسر اشتیاق احمد نے کہا کہ یہ ورکشاپ دیگر تعلیمی سرگرمیوں سے مختلف ہے کیونکہ اس کا مقصد مختلف شعبہ جات کی جانب سے میڈیا کے لیے خبروں کی تیاری کرنے والے ذمہ داران کو اس کی پیشہ ورانہ تکنیک سے آگاہ کرنا ہے۔ اس موقع پر ورکشاپ کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس کی تقسیم عمل میں آئی۔

ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، پبلک ریلیشنز آفیسر نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور ورکشاپ کی رپورٹ پیش کی۔ جناب شمس عمران، اسسٹنٹ پروفیسر (صحافت)، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم نے شکریہ ادا کیا۔ محترمہ ثمینہ تبسم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ انگریزی نے کارروائی چلائی۔

تکنیکی سیشن میں ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے اردو میں رپورٹ رائٹنگ، ڈاکٹر معراج احمد مبارکی اور جناب شمس عمران نے انگریزی میں رپورٹ کی تیاری پر روشنی ڈالی۔ آخر تمام ریسورس پرسنز نے شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے۔

پی ایچ ڈی

محمد یوسف

محمد یوسف ولد محمد اختر مرحوم کو شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) کا اہل قرار دیا ہے۔ محمد یوسف نے "ڈرونزی گیج: ای لرننگ ماحول میں اے آئی اور آئی او ٹی ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے غنودگی کا اندازہ لگانا" کے موضوع پر اپنی تحقیق مکمل کی۔ ان کے تحقیقاتی کام کی نگرانی پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی نے کی، جبکہ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل، پولی ٹیکنک حیدرآباد معاون نگران کی حیثیت سے شامل رہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ محمد یوسف اس وقت پولی ٹیکنک حیدرآباد، مانو میں اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

محمد عمر

شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کے اسکالر محمد عمر ولد جناب محمد اقبال کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مقالہ کا عنوان "موثر ٹرانسپورٹیشن سسٹم کے لیے ڈیپ لرننگ کے ذریعے بگ ڈیٹا تجزیات اور پیشن گوئی" تھا۔ پروفیسر پردیپ کمار کی نگرانی میں انہوں نے اپنا مقالہ تحریر کیا۔ واضح رہے کہ محمد عمر بحیثیت اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ کمپیوٹر سائنس میں برسرکار ہیں۔

جنید خان

شعبۂ نظم و نسق عامہ کے اسکالر جنید خان ولد رحمت علی خان کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا ہے۔ انہوں نے ''جموں و کشمیر میں شہری حکمرانی: سری نگر میونسپل کارپوریشن کا ایک مطالعہ'' کے عنوان سے اپنا تحقیقی مقالہ، ڈاکٹر عبدالقیوم، اسوسیئٹ پروفیسر و سابق صدر شعبۂ نظم و نسق عامہ، مانو کی نگرانی میں مکمل کیا۔ واضح رہے کہ جنید خان، شعبۂ نظم و نسق عامہ میں بحیثیت اسسٹنٹ پروفیسر برسرخدمت ہیں۔

نے قلعہ میں منعقدہ روشنی اور موسیقی سے لبریز شو کا بھی مشاہدہ کیا۔

ہماچل پردیش کے وفد کے لیے شام 8 بجے محترمہ بجینا کے کا مجوط کردینے والا کچی پوڑی رقص کا اہتمام کیا گیا تھا۔ وفد کے دورہ کے چوتھے دن حیدرآباد کے متحرک ورثے، اختراعی جذبے اور ثقافتی ورثہ کی کامیابی سے نمائش کی گئی، جس سے یوواسنگم پہل کے ذریعے پروان چڑھائے گئے رشتوں کو مزید مضبوط کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

ریاست تلنگانہ کے 50 طلبہ کا دورۂ ہماچل پردیش

22 دسمبر 2024 کو تلنگانہ کے 50 طلبہ کا وفد این آئی ٹی، ہمیر پور، ہماچل پردیش کے ایک ہفتے طویل مطالعاتی دورے پر روانہ ہوا۔ پروفیسر پی فضل الرحمٰن، وائس چانسلر انچارج نے شرکاء کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، یوواسنگم پروگرام کے نوڈل آفیسر نے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کا پیام سنایا۔ اس موقع پر بحیثیت مہمان محترمہ نندنی اگاسرا موجود تھیں۔ محترمہ اگاسرا جو ایشین گیمز کی برانز میڈلسٹ اتھیلیٹ ہیں نے یوواسنگم کے پروگرام کے متعلق بتایا کہ یہ ایک منفرد پہل ہے۔

خواتین دستکاروں کے لیے دھنک بازار کا انعقاد

مانو انجمنِ خواتین اور صفاء کے اشتراک سے 10 جنوری کو دھنک بازار 2025 کا اہتمام کیا گیا۔ اس کا مقصد خواتین میں تجارت کے فروغ کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا۔ مہمانِ خصوصی جناب ممتاز علی، چانسلر اردو یونیورسٹی نے اس کا افتتاح انجام دیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے پروگرام کی صدارت کی۔ دھنک بازار میں 40 اسٹالس لگائے گئے جن میں دستکاری کے مختلف نمونے، ثقافتی اشیاء کھانے کی اشیاء شامل تھیں۔ شائقین کی بڑی تعداد نے ان متنوع اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے ان نوجوان خواتین تاجروں کی حوصلہ افزائی کی۔

شری ممتاز علی نے اپنے خطاب میں سماجی اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں باہمی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے کاروبار اور اختراع میں تعلیم کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس تقریب میں اردو یونیورسٹی اور SAFA کے کئی ذمہ داران

چانسلر شری ممتاز علی دھنک بازار کا افتتاح کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن، محترمہ عرشیہ حسن، پروفیسر اشتیاق احمد و دیگر

موجود تھے۔ مسز عرشیہ حسن، صدر، مانو انجمن خواتین نے اپنی تنظیم کا تعارف پیش کیا، اور کہا کہ کمیونٹیز کو بااختیار بنانے اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے انجمن پُر عزم ہے۔ صفاء کی ڈائرکٹر اور بانی صدر محترمہ روبینہ نفیس فاطمہ نے تنظیم صفاء اور اس کی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

المنائی سمینار سے پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب

ڈین المنائی افیئرس اور المنائی اسوسیئشنس کے زیر اہتمام 17 دسمبر 2024 کو ایک سمینار بعنوان ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' منعقد کیا گیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق اب تعلیمی اداروں کو طلبہ کا انتظار کرنا نہیں ہے بلکہ ان تک تعلیمی خدمات کو پہنچانا ہے۔ انہوں نے طلبائے قدیم کو اس بات کا تیقن دیا کہ یونیورسٹی کے کاز کو آگے بڑھانے کے لیے اردو یونیورسٹی طلبائے قدیم کو ہر ممکنہ مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈین المنائی افیئرس انجمن طلبائے قدیم کے تعاون سے اپنی سرگرمیوں کو شہر بھر میں وسعت دینے کی خواہاں ہے۔ ان کے مطابق شہر حیدرآباد اگرچہ کہ قومی و عالمی سطح پر ایک اہم تجارتی مرکز بن گیا ہے لیکن ریاست تلنگانہ کا اردو کا طبقہ اردو یونیورسٹی سے صحیح طور پر استفادہ نہیں کر پا رہا ہے۔

پروفیسر سید نجم الحسن، کوآرڈینیٹر المنائی افیئرس نے افتتاحی کلمات کہے اور سمینار کا تعارف پیش کیا۔ انہوں کہا کہ کسی بھی یونیورسٹی کی رینکنگ کے لیے فارغ طلبہ کی رائے بھی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ اردو یونیورسٹی اپنے ترقی کے سفر میں فارغین کے مشوروں کو شامل حال رکھنا چاہتی ہے۔ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، اسوسیئٹ پروفیسر ایم سی جے نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ اس موقع یونیورسٹی کے اہم طلبائے قدیم جنہوں نے اپنے مقالہ جات پیش کیے ان میں ڈاکٹر اقبال احمد انجینئر، ڈاکٹر انعام الرحمٰن غیور، ڈاکٹر رفیعہ نوشین، ڈاکٹر زین العابدین، ڈاکٹر مہیب آفاقی، ڈاکٹر عبدالقدوس، ڈاکٹر تبریز تاج، ڈاکٹر ابو مظہر خالدی، ڈاکٹر عبدالعلیم، سی ڈی اوای، ڈاکٹر آصف علی، محترمہ اظہر النساء، ڈاکٹر عزیز النساء کے علاوہ ڈاکٹر روبینہ بیگم، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت بھی شامل تھے۔ صدر مانو المنائی اسوسی ایشن اعجاز علی قریشی نے سمینار کے اختتام پر شکریہ کے فرائض انجام دیئے۔ آخر میں پروفیسر سید عین الحسن کے ہاتھوں سمینار کے سبھی شرکاء میں اسناد تقسیم کیے گئے۔

میڈیا کے لیے خبروں کی تیاری پر ورکشاپ

دفتر تعلقات عامہ کے زیر اہتمام یونیورسٹی کے اساتذہ کے لیے دو روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ ورکشاپ کا عنوان ''میڈیا کے لیے خبروں کی تیاری'' تھا۔ 8 اکتوبر کو اس کا افتتاح ہوا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کی خبروں کی ترسیل شعبہ تعلقات عامہ کی ذمہ داری ہے۔

جبکہ اس دورے کا انعقاد پرنسپل جناب محمد ریاض الرحمن کی رہنمائی میں کیا گیا۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر جناب ڈوڈا ہنومان تھیا کی اجازت سے اس دورے کو حتمی شکل دی گئی۔ اسکول کے معلمات محترمہ ارجمند بانو، اسکول کوآرڈینیٹر محترمہ انیس فاطمہ خان، محترمہ سمرین تاج کی قیادت میں اس دورہ کا اہتمام کیا گیا۔ جناب رضوان شریف، کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ نے اساتذہ وطلبہ کا استقبال کیا۔ محترمہ سمبل رضوی، فیکلٹی آف انگلش نے اسکول کے اساتذہ کو تہنیتی شال پیش کیا۔ جناب محبوب الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، الکٹرانکس اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ نے طلبہ کیریر گائڈنس پر تفصیلی لیکچر پیش کیا۔ جناب مصطفیٰ ایس ایم، کوآرڈینیٹر امتحانات و لیب اسسٹنٹ نے امتحانات کی بہتر طور سے تیاری اور اس میں کامیابی پر مفید لیکچر دیا۔ طلباء کو تمام شعبہ جات اور متعلقہ تجربہ گاہوں کا دورہ کروایا گیا، جہاں انسٹرکٹرز محمد سعد الحسن، ریاض شیخ اور ضیاء الدین خان نے بہترین انداز میں لیبز کی خصوصیات اور عملی تجربات کے بارے میں بتایا۔ پروگرام کے اختتام پر ڈاکٹر منورما کماری، ہیڈ آف سول انجینئرنگ نے ہدیہ تشکر پیش کیا۔ جناب رضوان شریف نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔

متفرق خبریں

یوواسنگم پہل کے لیے مانو تلنگانہ کی نوڈل یونیورسٹی نامزد

اردو یونیورسٹی کو وزارت تعلیم کی پہل یوواسنگم میں ریاست تلنگانہ کے لیے نوڈل یونیورسٹی بنایا گیا تھا۔ ایک بھارت شریشٹھ بھارت (ای بی ایس بی) کے تحت یوواسنگم پروگرام کا مقصد ملک کی مختلف ریاستوں کے نوجوانوں کے درمیان ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مضبوط بنانا اور نوجوانوں کو بھارت کی ثقافت اور ترقیاتی کامیابیوں سے روشناس کروانا ہے۔ اس اسکیم کے تحت بنیادی طور پر اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ اور بیرونی نوجوان ایک دوسرے کی ریاستوں اور تعلیمی اداروں کا دورہ کرایا گیا۔ یہ پروگرام پانچ اہم باتوں پر مرکوز ہے: پریٹن (سیاحت)، پرمپرا (روایت)، پرگتی (ترقی)، پارسپرک سمپرک (عوام سے رابطہ)، اور پروڈیوگیکی (ٹیکنالوجی)۔ اس پہل کے پانچویں مرحلہ میں وزارت تعلیم نے مانو کو ہماچل پردیش این آئی ٹی، ہمیر پور سے جوڑا تھا۔

مانو میں ہماچل پردیش کے نمائندہ وفد کی میزبانی

ہماچل پردیش کے طلباء اور نوجوانوں کا ایک نمائندہ وفد 30/ دسمبر 2024 کو حیدرآباد پہنچا۔ اس وفد کی قیادت این آئی ٹی، ہمیر پور کے ڈاکٹر پرم سنگھ نے کی۔ یونیورسٹی کے گیسٹ ہاؤز میں وفد کی آمد کے موقع پر روایتی عربی "مرفہ" کے ساتھ پر جوش انداز میں سبھی شرکاء کا خیر مقدم کیا گیا اور ان لوگوں کی گلپوشی کی گئی۔

پروفیسر محمد فرید، نوڈل آفیسر نے ہماچل پردیش کے طلبہ کا اردو یونیورسٹی میں رسمی طور پر خیر مقدم کیا۔ پہلے دن ہماچل پردیش کے طلبہ کو یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کا معائنہ کروایا گیا۔ وفد نے مانو کے اسکولوں کا جائزہ لینے کے دوران وہاں کی فیکلٹی اور طلبہ سے ملاقات کی۔ یونیورسٹی کے دورے کے بعد، ہماچل پردیش کا یہ نمائندہ وفد تاریخی چار مینار کے مشاہدے کے لیے روانہ ہوا۔ اس کے بعد یوواسنگم کا یہ قافلہ سالار جنگ میوزیم کے مشاہدے کے لیے پہنچا۔ جس کا مقصد ان نوجوانوں کو حیدرآباد کے تاریخی ورثہ سے آگاہ کرنا ہے۔

ہماچل پردیش سے یوواسنگم کے وفد میں آنے والے نوجوانوں اور طلبہ نے 30/ دسمبر اردو یونیورسٹی کے دورے کے بعد حیدرآباد کے ثقافتی اور تاریخی ورثے کا مشاہدے سے بھرپور دن گزارا۔ اس وفد نے تاریخی چار مینار اور نظام کے دور کی شان وشوکت کا ثبوت چومحلّہ پیلس کا دورہ کیا۔ محل میں موجود نوادرات، فن تعمیر کا نادر نمونے محلات اور ان میں جھلکتی شاہانہ زندگی سے مندوبین خوب محظوظ ہوئے۔

ہماچل پردیش کے وفد نے برلا مندر کا بھی دورہ کیا۔ اس کے بعد یہ لوگ نیکلیس روڈ کے ساتھ ساتھ حسین ساگر جھیل اور متحرک شہری اسکائی لائن کے دلکش نظاروں سے لطف اندوز ہوئے۔ دن کا اختتام مانو کیمپس میں منعقدہ ایک پرکشش "اوپن مائک" سیشن کے ساتھ ہوا۔

گورنر سے ملاقات: یوواسنگم پہل کے تحت ہماچل پردیش سے تلنگانہ آئے ہوئے وفد کو 2/ جنوری کو راج بھون لے جایا گیا۔ وہاں پر گورنر تلنگانہ جشنو دیو ورما نے وفد سے

یوواسنگم کے وفد کی گورنر جشنو دیو ورما سے ملاقات کے موقع پر

ملاقات کی۔ جناب جشنو دیو ورما نے وفد سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ یوواسنگم کا مقصد ثقافتوں کی انفرادیت کا جشن منانا اور تنوع میں اتحاد کو فروغ دینا ہے۔

گورنر سے ملاقات کے بعد ہماچل پردیش کے وفد نے حیدرآباد کے معروف اختراعی اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم ٹی ہب کا دورہ کیا۔

وفد نے سہ پہر قطب شاہی خاندان کی تعمیراتی میراث گنبدانِ قطب شاہی کا دورہ کیا۔ بعد ازاں یہ وفد قرون وسطی کی شان وشوکت قلعہ گولکنڈہ کا مشاہدہ کیا۔ آخر میں وفد

پروفیسر حسن نے انکیوبیشن سینٹر، کمپیوٹر لیب اور کیمپس میں قائم مرکزی وائی فائی سہولت کا بھی افتتاح کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کیمپس کے لیے فراہم کردہ ایک نئی بس کو بھی جھنڈی دکھائی، جس سے طلبہ اور عملے کے لیے نقل وحمل کی سہولیات میں بہتری آئی ہے۔ وائس چانسلر کے اعزاز میں طلباء، اساتذہ اور عملے کی جانب سے ایک استقبالیہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں پروفیسر فیض احمد نے نے حکومتِ ہند کی جانب سے پروفیسر عین الحسن حسن کو پدم شری ایوارڈ سے نوازے جانے پر دربھنگہ کیمپس کی جانب سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد بھی پیش کی۔ طلباء نے وائس چانسلر کے اعزاز میں سپاس نامہ پیش کیا اور مزید بہتری کے لیے درخواستیں بھی کیں، جن میں آڈیٹوریم، ہیلتھ سینٹر، ایمبولینس سہولت، لائبریری کی بہتری وغیرہ شامل ہیں۔ پروفیسر محمد شاہد، کوآرڈینیٹر دربھنگہ کیمپس نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں پروفیسر سید عین الحسن نے اعلان کیا کہ دربھنگہ کیمپس میں ایک کثیر المقاصد آڈیٹوریم تعمیر کیا جائے گا، جو یونیورسٹی کے دربھنگہ کیمپس میں بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرے گا۔ شام کے وقت کیمپس میں ایک افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس کے بعد ثقافتی پروگرام اور مشاعرہ منعقد ہوا، جس میں وائس چانسلر نے بھی اپنا کلام پیش کیا۔ دورے کے دوسرے دن وائس چانسلر نے پرنسپل، اساتذہ، عملے کے اراکین کے علاوہ پرووسٹ، ہاسٹل وارڈنز، پروکٹوریل ٹیم اور اسٹوڈنٹس ویلفیئر کے اسسٹنٹ ڈین کے ساتھ ملاقات کی اور مختلف ترقیاتی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

لکھنؤ کیمپس

20 اگست 2024 کو کیمپس میں کولمبیا یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر تمثال مسعود کا ایک بصیرت افروز توسیعی لیکچر منعقد ہوا۔ لیکچر میں ڈاکٹر مسعود نے یہ سوال اٹھایا کہ آیا عوامی اور محاوراتی زبان کا استعمال کرنا چاہیے یا نہیں، اور اس پر اپنی ذاتی مشاہدات وتجربات کی روشنی میں سیر حاصل گفتگو کی۔

4 ستمبر 2024 کو معروف ماہر ماحولیاتی مواد مسمومہ پروفیسر قمر رحمان کا لیکچر منعقد ہوا۔ یہ تقریب ایک مکالماتی نشست کی صورت میں تھی۔

پروفیسر ہما یعقوب کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے دوران لکھنؤ کیمپس کے فیکلٹی اور طلباء کے ساتھ

لکھنؤ کیمپس نے 18 ستمبر 2024 کو ایک کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام منعقد کیا۔ اس پروگرام کے تحت کیمپس کے آس پاس کے علاقے میں واقع ایک جھگی بستی کی نشاندہی کی گئی، جہاں کیمپس کے اساتذہ، طلبہ، اور معاون عملہ نے مقامی لوگوں سے رابطہ کیا۔

تین روزہ کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام وورکشاپ بعنوان ''انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بنیادیات کا تعارف'' کا انعقاد 17 سے 19 اکتوبر 2024 کیا گیا۔ افتتاحی خطاب پروفیسر ایم سفیان بیگ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے دیا۔ عبدالرحمٰن (کمپیوٹر انسٹرکٹر، مانولکھنؤ کیمپس) نے تربیت فراہم کی اور عملی رہنمائی کی۔

19 اور 20 اکتوبر 2024 کو مانولکھنؤ کیمپس نے ایرا یونیورسٹی لکھنؤ کے اشتراک سے ''ڈاکٹر کاظم علی خان: حیات اور تعلیمی خدمات'' پر دو روزہ قومی سیمینار کا انعقاد کیا۔ افتتاحی تقریب کی صدارت پروفیسر عباس علی مہدی، وائس چانسلر ایرا یونیورسٹی، لکھنؤ نے کی۔ پروفیسر احمد محفوظ، شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سیمینار کے موضوع پر اپنے کلیدی خطبہ پیش کیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی اُتر پردیش سابقہ انچارج وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عمار رضوی تھے، جبکہ حکیم وسیم احمد اعظمی، سابق نائب ڈائریکٹر، سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن اور سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن، لکھنؤ، مہمانِ اعزازی کے طور پر موجود تھے۔

آزاد ڈے/قومی تعلیمی دن کو مولانا ابوکلام آزاد کی تعلیم اور فکری خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس تقریب میں پروفیسر سراج اجملی، شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے کلیدی خطاب کیا۔

آزاد ڈے تقریبات کے تحت 4 نومبر 2024 کو مولانا آزاد پر مبنی کتابوں کی نمائش کا اہتمام کیا۔ پروفیسر مشیر حسین صدیقی، سابقہ صدر شعبہ عربی، لکھنؤ یونیورسٹی نے کتابوں کی نمائش کا افتتاح کیا۔

24 اور 25 فروری 2025 کو، شعبہ انگریزی، مانولکھنؤ کیمپس نے ''ارتقاء اور تبدیلی: ادب اور زبان میں ابھرتے ہوئے رجحانات'' پر دو روزہ قومی کانفرنس کا انعقاد کیا۔ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر شگفتہ شاہین نے کی۔ پروفیسر نیشا پاندے، پروفیسر ایمرٹس، لکھنؤ یونیورسٹی نے کلیدی خطبہ پیش کیا۔

پالی ٹیکنیک بنگلور

گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، ٹینک گارڈن کے ایس ایس ایل سی کے طلبہ نے 7 فروری 2025 کو مانو پالی ٹیکنیک بنگلور کا ایک یادگار تعلیمی دورہ کیا۔ اس پروگرام کا مقصد اردو اسکول کے طلبہ میں اعلیٰ تعلیم سے متعلق شعور بیداری اور ایک بہتر مستقبل کے لیے کیریر گائیڈنس فراہم کرنا تھا۔ اس پروگرام کے کوآرڈینیٹر جناب مصطفیٰ ایس ایم تھے

12اپریل2025 کومنعقدکیا گیا۔

16اپریل2025 کو چوتھے سمسٹر کے طلبہ کے لیے ایک الوداعی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔کالج پرنسپل نے اپنی تقریر سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی۔مرحوم پروفیسر نجم السحر میڈم کی یاد اور تشکر کے طور پر، پرنسپل نے سال کے سب سے نمایاں طالبہ یا طالب علم کو ایک یادگاری ایوارڈ، ایک سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازنے کا اعلان کیا۔جس کے تحت چوتھے سمسٹر کی سمعیہ پروین اس ایوارڈ حاصل کرنے والی پہلی طالبہ بنی۔

کالج آف ٹیچر ایجوکیشن سنبھل

15اگست کو یوم آزادی تقریب منائی گئی جس میں طلبا نے مختلف پروگرام پیش کئے۔ گاندھی جی کی یاد میں 2اکتوبر کو گاندھی جینتی منائی گئی۔طلبا نے گاندھی جی پر نظمیں پڑھیں، تقریریں کیں اور ان کے تعلیمی، سیاسی، قومی نظریات پر روشنی ڈالی۔اساتذہ نے گاندھی جی کی سیاسی بصیرت، تعلیمی نظریات، گاندھی جی کی زندگی اور ان کے کارناموں پر تفصیلی اور باریک بینی سے گفتگو کی۔2 اکتوبر کو ہی کالج میں سوچھ بھارت ابھیان پروگرام ہوا جس میں اساتذہ نے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔طلبہ نے کالج میں صفائی کی اور آس پاس معاشرے میں جا کر لوگوں کو صفائی ستھرائی کے بارے میں بتایا۔

نومبر میں یوم آزاد پروگرام منعقد کیا گیا جو ایک ہفتے تک چلا۔ جسے ہفتہ آزاد کا عنوان دیا گیا جس میں دوڑ، کرکٹ، بیڈمنٹن، ریس، فٹبال جیسے کھیل کا انعقاد کیا گیا۔ اس کے علاوہ ثقافتی پروگرام منعقد کئے گئے۔ثقافتی پروگرام میں موسیقی وقوالی کا پروگرام اور نعت خوانی، تقریری مقابلے، ادبی پروگرام وغیرہ کا انعقاد ہوا۔پروگرام کے آخری دن 11رنومبر کو مہمان خصوصی پروفیسر عابر حسین حیدری، سابق پرنسپل ایم جی ایم کالج سنبھل نے مولانا آزاد کی خدمات پر تفصیلی خطبہ پیش کیا۔مہمان اعزازی خواجہ فہیم احمد پرنسپل کائنات انٹرنیشنل اسکول سنبھل نے مولانا ابولکلام آزاد کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالی اور طلبا کو تعلیم میں دلچسپی لینے پر آمادہ کیا۔

18اور 19 مارچ کو قومی کانفرنس ''قومی ایجوکیشن پالیسی 2020 میں بدلتی ہوئی تعلیم پر ایک کثیر ضابطہ'' کا انعقاد ہوا۔اس کانفرنس میں تقریبا پچاس سے زیادہ ماہرین نے آن لائن اور آف لائن شرکت کی اور اپنے مختلف موضوعات پر تحقیقی مقالات اور خطبات پیش کئے۔شرکا میں پروفیسر ایم وناجا، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن، مانو، پروفیسر نسرین، شعبہ تعلیم، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پروفیسر ساجد جمال، شعبہ تعلیم، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پروفیسر کوشل کیشور، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشنل اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر آشیش شریواستو، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن، مہاتما گاندھی سنٹرل یونیورسٹی، پروفیسر دنیش کمار، لکھنو یونیورسٹی، پروفیسر ریشی گوئل، ڈائرکٹر آف اسٹیٹ انسٹی ٹیوٹ ان اڈوانس اسٹڈیز ان ٹیچر ایجوکیشن، ڈاکٹر مکیش کمار، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اسٹڈیز، مہاتما گاندھی یونیورسٹی، ڈاکٹر سوجاتا، ریجنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن میسور اور پروفیسر کے شری

پروفیسر محمد سہیل خان ودیگر

نواس، ہیڈ آف دی ICT and Project Management نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن وغیرہ نے شرکت کی اور مختلف موضوعات پر مقالے پیش کئے۔

کالج آف ٹیچر ایجوکیشن سری نگر

5رستمبر 2024 کو'قومی یوم اساتذہ' کی مناسبت سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹر سروپلی رادھا کرشنن کو تعلیم کے میدان میں علم کے مشعل بردار کے طور پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سی ٹی ای سری نگر نے سوچھتا 2024 کو ادارہ جاتی شکل دینے اور زیرالتواء ریفرنسز کو نمٹانے کے لیے خصوصی مہم 4.0 پر ایک ہفتہ کے پروگرام کی میزبانی کی۔مذکورہ پروگرام کا انعقاد 3 تا 10 اکتوبر 2024ء تک کیا گیا تھا۔24 اکتوبر 2024 کو "مولانا ابوالکلام آزاد: جدوجہد آزادی میں ان کا کردار اور وژن- تاریخی تناظر اور قومی اتحاد میں شراکت" کے عنوان سے ایک توسیعی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر ایس ایم عزیز الدین حسین، اعزازی پروفیسر، سی یو سی ایس، مانو نے اس تقریب کے اسپیکر کی حیثیت سے شرکت کی۔کالج نے 28 اکتوبر سے یکم نومبر 2024 تک "غیر تدریسی عملے کے لئے سافٹ اسکل ڈیولپمنٹ" کے موضوع پر ایک ہفتہ طویل ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ریسورس پرسنز نے غیر تدریسی عملے کے لئے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا، جس میں پیشہ ورانہ اخلاقیات، احساس ذمہ داری، مواصلات کی مہارت، ٹیم اسپرٹ اور آئی سی ٹی اسکلز پر توجہ مرکوز کی گئی۔28 اکتوبر سے 3 نومبر 2024 تک ''ویجیلنس بیداری ہفتہ'' کا انعقاد کیا گیا۔

سی ٹی ای سرینگر نے عظیم مجاہد آزادی، ممتاز اسکالر اور ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کے یوم پیدائش کی یاد میں 4 تا 11رنومبر 2024' آزاد ہفتہ' منایا۔

دربھنگہ کیمپس

وائس چانسلر کے ہاتھوں دربھنگہ کیمپس میں نئی سہولیات کا افتتاح

وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے دو روزہ دورے 21-22 مارچ 2025 کے دوران دربھنگہ کیمپس میں نئے تعمیر شدہ گرلز اور بوائز ہاسٹل کا افتتاح کیا۔

قومی سمپوزیم کے موقع پر پروفیسر نوشاد حسین، پروفیسر شاہین الطاف شیخ و دیگر

کو مضبوط بنایا جاسکے۔ یومِ آزاد کے موقع پر ایک ہفتے تک تقریبات کا اہتمام کیا گیا، جن میں ادبی، ثقافتی اور کھیلوں کی سرگرمیاں شامل تھیں۔ 11 نومبر 2024 کو اختتامی تقریب اور انعامات کی تقسیم ہوئی۔ 5 دسمبر 2024 کو دو ممتاز مہمانان، ڈاکٹر اقبال مسعود ندوی (اسلامی اسکالر، کینیڈا) اور جناب زیڈ یو علوی (BHEL کے نمائندہ)، کالج تشریف لائے تاکہ طلبہ میں فکری تحریک پیدا کی جاسکے۔

قومی گرلز چائلڈ ڈے 24/جنوری 2025 کو "روشن مستقبل کے لیے بچیوں کو بااختیار بنانا" کے تھیم کے تحت منایا گیا۔ بھارتیہ بھاشا اُتسو 4 سے 11 دسمبر 2024 تک منایا گیا، جس میں ہندوستانی لسانی و ثقافتی ورثے کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر "صنفی مساوات کو فروغ دینے میں اساتذہ کا کردار" کے موضوع پر مضمون نویسی مقابلے سمیت کئی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

27 جنوری 2025 کو کورانا گرام پنچایت کے تعاون سے "خواتین کی مالی خودمختاری برائے وکست بھارت "2047@ پر ورکشاپ منعقد کی گئی۔ مہمانِ خصوصی بابولال مندلوئی (اپ-سرپنچ) تھے۔ 60 سے زائد خواتین نے مالی خواندگی، خود کفالت، اور قومی ترقی میں شراکت پر لیکچرز میں حصہ لیا۔ محترمہ کمود سنگھ (سماجی کارکن، سروکار این جی او) اور محترمہ سومیہ جین بطور ریسورس پرسن شامل تھیں۔

قومی سطح کا ورکشاپ 15 فروری 2025 کو "کلاس روم پریکٹسز میں مصنوعی ذہانت کا کردار" کے موضوع پر منعقد کی گئی۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر رتن مالا آریہ (RIE، NCERT) تھیں۔ دیگر مقررین میں پروفیسر آر سی شرما (امبیڈکر یونیورسٹی، دہلی)، ڈاکٹر سنجے پانڈگالے (RIE بھوپال)، اور ڈاکٹر تولیکا بنسل (GGSIP یونیورسٹی، دہلی) شامل تھے۔ ڈاکٹر اندرجیت دتہ کنوینر تھے۔

25 فروری کو "تعلیم کا کردار اور موسمی تبدیلی، پائیدار ترقیاتی مقاصد 2030 کے تناظر میں" کے موضوع پر ایک قومی کانفرنس آن اور آف لائن طرز پر منعقد ہوئی۔

27 فروری 2025 کو "اردو کے ذریعے بھارتی علم کے نظام کی بازیافت" کے موضوع پر ایک قومی سمپوزیم کا انعقاد عمل میں آیا۔ مقررین میں پروفیسر شاہین شیخ، پروفیسر پون شرما (CCS یونیورسٹی، میرٹھ)، ڈاکٹر ریتو شرما (AIIMS، بھوپال)، اور پروفیسر آیوشمان گوسوامی (RIE NCERT بھوپال) شامل تھے۔ ڈاکٹر نیتی دتہ اس سمپوزیم کی کنوینر تھیں۔

سی ٹی ای چھترپتی سمبھاجی نگر (اورنگ آباد)

19 اگست 2024 کو کالج نے Edusuit Solutions and Cloud Engineer کے سی ای او، جناب شیخ نوید احمد کی مدد سے، تعلیم میں آئی سی ٹی کے استعمال پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ انہوں نے درسیات میں آئی سی ٹی آلات کے عملی اطلاق کا مظاہرہ کیا اور بتایا کہ کس طرح AI آلات اور وسائل کو تدریس اور اکتساب میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ 24 اگست 2024 کو 'قومی خلائی دن' منایا گیا جس کے تحت کوئز اور ماڈل سازی کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا اور طلباء کو نظام شمسی اور خلائی سائنس کی تاریخ پر ویڈیوز بھی دکھائے گئے۔ ڈاکٹر رانا سعید، اسسٹنٹ پروفیسر نے ایک کتاب شائع کی جس کا عنوان 'پیڈاگوجی آف بائیولوجیکل سائنس' تھا۔

کالج کی جانب سے 29 اور 30 اگست 2024 کو نیشنل اسپورٹس ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ مختلف کھیلوں کی سرگرمیاں جیسے واکنگ ریس، ٹیبل ٹینس، لیمن اینڈ اسپون ریس، شطرنج، ٹگ آف وار، رسی کھینچنا اور پلنک چیلنج کا انعقاد کیا گیا۔ 5 ستمبر 2024 کو ٹیچرز ڈے منایا گیا۔ ہندی دیوس 14 ستمبر 2024 کو منایا گیا۔ اس موقع پر کوئز، تقریری اور مضمون نویسی کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔

MOE-UGC کی ایک پہل کے طور پر 'سوچھتا ہی سیوا مہم 4.0' کے نفاذ کا مرحلہ 2 سے 31 اکتوبر 2024 تک انجام دیا گیا۔ 11 نومبر 2024 کو جشن آزاد کی تقریب میں ایک ہفتہ تک مختلف ادبی، ثقافتی اور کھیلوں کی سرگرمیاں منعقد کی گئی جیسے والی بال، نکڑ ناٹک، مضمون نویسی، میوزیکل چیئر، کرکٹ، خطاطی، حمد و نعت، تقریری مقابلہ، مونو اور مائم ایکٹ، کڑھائی اور دستکاری کے مقابلے لیے گئے۔ ان مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو انعامات اور سند سے نوازا گیا۔

17 جنوری 2025 کو کالج میں CPDUMT کی جانب سے AI Tools for Teacher پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ افتتاحی تقریر ڈاکٹر خان شہناز بانو نے کی۔ 24 جنوری 2025 کو 'ٹیچنگ ایڈز کی تیاری' کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ مسز نشاط شاہین اور مسز درشہوار، اسسٹنٹ ٹیچر۔ Z.P بطور ریسورس پرسن اپنے خدمات انجام دیئے۔ یوم جمہوریہ 26 جنوری 2025 کو بڑے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ 'صحت اور جسمانی تعلیم' کی مشق کے ایک حصے کے طور پر، 9 اپریل 2025 کو مختلف کھیلوں کی سرگرمیاں منعقد کی گئیں۔ 'تعلیمی اور کیریئر گائیڈنس' پر ایک توسیعی لیکچر

بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر پنک ریلی کو جھنڈی دکھا کر رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد افتتاح کرتے ہوئے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈاکٹر ثمینہ باسو، پروفیسر شاہدہ ودیگر

انیشی ایٹو کے تحت ایک نشست منعقد کی گئی۔ یہ پروگرام 'ایریلی گول سیٹنگ: ڈریم بگ' کے عنوان کے تحت منعقد ہوا، جس میں گرلز ہاسٹلز سے بڑی تعداد میں طالبات نے شرکت کی۔ اس نشست کے دوران طالبات کو سول سروسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور تعلیمی شعبے سے تعلق رکھنے والے ممتاز ماہرین کے ساتھ بصیرت افروز گفتگو کا موقع ملا۔ یہ تبادلۂ خیال طالبات کو کیریئر کے اہداف کے تعین اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے حوالے سے قیمتی رہنمائی فراہم کرتا رہا، اور انہیں ذاتی و پیشہ ورانہ ترقی کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کی ترغیب ملی۔

23/اکتوبر 2024 کو "ہاپکید والیسوی ایشن تلنگانہ" کے تعاون سے ایک روزہ سیلف ڈیفنس تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن میں طالبات کو خود تحفظ اور مؤثر خطرے سے نمٹنے کے لیے نفسیاتی آگہی اور جسمانی تکنیکوں کی تربیت دی گئی۔ ورکشاپ میں تحفظ، خود اعتمادی کے اظہار، اور مختلف اقسام کے تشدد سے نمٹنے کے لیے حکمتِ عملی پر مبنی ردعمل کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

9/نومبر 2024 کو، طالبات نے یدادری-بھونگری ضلع میں واقع "ناری" تنظیم کے کلاتھ پیڈ پروڈکشن سینٹر کا تعلیمی دورہ کیا، جہاں طالبات نے ماحول دوست سینیٹری پیڈز کی تیاری کی عملی تربیت حاصل کی اور اس تجربے کے ذریعے پائیدار حیضی حل اور ماحولیاتی ذمہ داری سے متعلق اہم عملی فہم حاصل کیا۔

16/نومبر 2024 کو ایک خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں کلیدی مقرر ڈاکٹر غزالہ تحسین، ماہر امراض نسواں، گاندھی میڈیکل کالج سکندرآباد موجود تھیں۔

19 سے 27 فروری 2025 تک انٹر ہاسٹلز کھیل، ثقافتی اور ادبی مقابلے منعقد کیے گئے، جنہیں طالبات کی جانب سے زبردست پذیرائی حاصل ہوئی۔ 23 مختلف النوع مقابلوں پر مشتمل یہ ایونٹ طالبات کو کھیل، علمی مباحثوں اور ثقافتی سرگرمیوں میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک متحرک پلیٹ فارم فراہم کرتا رہا۔ پروفیسر اشتیاق احمد رجسٹرار نے مقابلوں کا افتتاح کیا، اور 100 میٹر دوڑ کے ساتھ نو روزہ تقریبات کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر؛ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، ڈائرکٹوریٹ آف فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس؛ گرلز ہاسٹلز کی وارڈنز اور طالبات بھی موجود تھیں۔ ان مقابلوں کی انعامی تقریب 12 اپریل کو منعقد ہوئی۔ ڈاکٹر ثمینہ بسو کنوینر تھیں۔ جبکہ ڈاکٹر فردوس تبسم اور ڈاکٹر عائشہ عظمیٰ نے انتظامات کیے۔

یو جی سی کی ہدایت کے مطابق 3 تا 9/مارچ 2025 تک بین الاقوامی یومِ خواتین کی ہفتہ وار تقریبات کے سلسلے میں، ہاسٹل کی طالبات میں صحت اور خود اختیاری کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ فٹنس چیلنجز کا اہتمام کیا گیا تاکہ جسمانی سرگرمی کو فروغ دیا جا سکے اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ یوگا سیشنز منعقد کیے گئے۔ خوراک اور غذائیت پر ماہرین کے لیکچرز منعقد کیے گئے تاکہ متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ تقریبات کا سب سے نمایاں پہلو "پنک سنڈیز آن سائیکل" کا ایونٹ تھا، جو 9 مارچ کو منعقد ہوا۔ یہ سائیکل ریلی طالبات کے درمیان اتحاد، حوصلے اور بااختیاری کی علامت تھی۔ پروفیسر اشتیاق احمد رجسٹرار نے اپنے پُرجوش اور حوصلہ افزا کلمات سے طالبات کا حوصلہ بڑھایا اور ریلی کو جھنڈی دکھا کر باقاعدہ روانہ کیا۔

29/اپریل 2025 کو گلوبل ہنٹ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے ایک آن لائن آگاہی سیشن برائے حیضی صحت منعقد کیا گیا، جس کی قیادت محترمہ چترا اجلال، کنسلٹنٹ، نے کی۔ اس سیشن میں حیاتیاتی پہلوؤں، صفائی کی اہمیت، اور سماجی ممنوعات پر گفتگو کی گئی تاکہ طالبات میں آگاہی پیدا ہو اور وہ اعتماد کے ساتھ اپنی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

مانو گرلز ہاسٹلز نے تعلیمی، صحت سے متعلق، ثقافتی، اور ترقیاتی سرگرمیوں کے ذریعے اپنی رہائشی طالبات کی ہمہ جہت شخصیت سازی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جس کے نتیجے میں بااعتماد، باصلاحیت، اور بااختیار نوجوان خواتین تیار ہو رہی ہیں۔

آف کیمپسیس

کالج آف ٹیچر ایجوکیشن بھوپال

بین الاقوامی گرلز چائلڈ ڈے کے موقع پر مقامی سرکاری اسکولوں کے تعاون سے آس پاس کے دیہی علاقوں میں آگاہی اور کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام منعقد کیے گئے۔ افتتاحی تقریب 6/اکتوبر 2024 کو کورانا میں ہوئی، جس میں بچیوں کے حقوق، صنفی مساوات، اور تعلیم و صحت سے متعلق شعور اُجاگر کیا گیا۔

اسپیشل کیمپین 4.0، صفائی جو کہ قومی سطح پر منعقد کیا گیا، 16 ستمبر سے 31 اکتوبر 2024 تک کالج میں بھی کامیابی سے جاری رہا۔ 21 اکتوبر 2024 کو "صحافت: ایک سماجی تبدیلی کا ذریعہ" کے موضوع پر ایک توسیعی لیکچر کا انعقاد ہوا، جسے ڈاکٹر مہتاب عالم، بیورو چیف ETV ایم پی وچھتیس گڑھ نے پیش کیا۔ 16/اکتوبر 2024 کو IASE بھوپال کے اساتذہ اور طلبہ کی میزبانی کی گئی تاکہ تعلیمی اداروں کے مابین روابط

اول آنے والی ٹیم کو 21 ہزار کا چیک حوالے کیا گیا۔ تصویر میں پروفیسر آمنہ تحسین، ڈاکٹر فیروز عالم، ڈاکٹر امتیاز عالم، ڈاکٹر ثمینہ کوثر اور جیتنے والی ٹیم کے اراکین

عزلت ، امجد حیدرآبادی، شاذ تمکنت، جوش ملیح آبادی ، مخدوم محی الدین ، فراق گورکھپوری، سلیمان خطیب تھیں۔ مقابلے کی شروعات پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر کے خیر مقدمی کلمات سے ہوئی۔ جج کے طور پر پروفیسر محمود کاظمی نے فرائض انجام دیے۔ مقابلہ کل 4 راؤنڈ پر مشتمل تھا۔ جلیل مانکپوری ٹیم نے آخری راؤنڈ تک اپنے قدم جمائے رکھے اور مقابلہ اپنے نام کیا۔ اس ٹیم میں محمد اکمل الھدیٰ، مظہر سبحانی اور ارشد ہمراز شامل تھے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ یہی ٹیم دسمبر میں ریختہ کے ذریعہ ہونے والے "جشنِ ریختہ" میں شامل ہوگی۔ ریختہ کی جانب سے پہلے نمبر پر آنے والی ٹیم کو 21,000 روپے اور دوسرے نمبر پر آنے والی ٹیم کو 15,000 روپے بطور انعام پیش کیا گیا۔

سوچھتا ہی سیوا مہم کے تحت شجر کاری پروگرام

حکومت ہند کی ہدایت پر ملک گیر سطح پر چلائے جا رہے ''سوچھتا ہی سیوا'' پروگرام کے تحت یونیورسٹی میں خصوصی شجر کاری مہم انعقاد عمل میں لایا گیا۔ 17 ستمبر منعقدہ اس مہم کے تحت ''ایک پیڑ ماں کے نام'' کا اہتمام کیا گیا جس میں طلبہ اور اسٹاف دونوں نے پودے لگائے۔ اس موقع پر پروفیسر محمد فریاد، نوڈل آفیسر، سوچھتا ہی سیوا مہم نے بتایا کہ یونیورسٹی میں شجر کاری مہم کے تحت لگائے گئے پودوں کی ذمہ داری انفرادی طور پر طلبہ نے لی ہے۔ یہ طلبہ جب تک یونیورسٹی میں زیر تعلیم رہیں گے تب تک ان پودوں کی دیکھ بھال کرتے رہیں گے۔

''صفائی ہی خدمت ہے'' کے موضوع پر نکڑ ناٹک کی پیشکش

گاندھی جی کی یومِ پیدائش کی مناسبت سے ہر سال حکومتِ ہند صفائی ہی خدمت ہے کی مہم (سوچھتا ہی سیوا) چلائی جاتی ہے۔ جاریہ برس بھی 17 ستمبر سے صفائی ہی خدمت ہے کی یہ مہم شروع ہوئی اور 2 اکتوبر 2024ء کو اختتام پذیر ہوئی۔ اس ضمن میں طلبہ برادری میں شعور بیداری کے لیے یونیورسٹی ڈرامہ کلب کی جانب سے ایک دلچسپ ترغیبی نکڑ ناٹک کا یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے روبرو اہتمام کیا گیا تھا۔ طلبہ کو اپنے اطراف واکناف کا ماحول صاف ستھرا رکھنے اور ماحول و معاشرے کی صفائی کیلئے ذاتی حیثیت سے اپنا رول ادا کرنے کی ترغیب دینے والے اس نکڑ ناٹک کا شیخ الجامعہ کے بشمول اساتذہ، غیر تدریسی عملے اور طلبہ نے مشاہدہ کیا۔ شیخ الجامعہ نے طلبہ کے اس نکڑ ناٹک کی ستائش کی کہ ایک اہم عوامی مسئلے کے متعلق شعور بیداری کی یہ ایک بہترین کوشش ہے۔ پروفیسر محمد فریاد کی زیر نگرانی اور مسٹر معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر کی ہدایت میں طلبہ نے صفائی ہی خدمت کے موضوع پر اس نکڑ ناٹک کو یونیورسٹی کیمپس کے مختلف مقامات پر پیش کیا۔

گرلز ہاسٹل کی سرگرمیاں

مانو گرلز ہاسٹلز سیکھنے، ذاتی ترقی، اور اور باہمی روابط کو فروغ دینے کے متحرک مراکز کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے ہوئے ہیں، جہاں طالبات کی ہمہ جہت نشوونما کے لیے متنوع مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔

خواتین کی تعلیم اور فلاح کی طرف ایک تاریخی قدم کے طور پر، عصمت گرلز ہاسٹل کا افتتاح 11 نومبر 2024 کو مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش کے موقع پر کیا گیا۔ یہ تقریب پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کی صدارت میں منعقد ہوئی، اور ہاسٹل کا باقاعدہ افتتاح محترمہ عرشیہ حسن، صدر انجمنِ خواتین مانو، نے کیا۔ تقریب کے معزز مہمانان میں پروفیسر شگفتہ شاہین، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر اشتیاق احمد (رجسٹرار)، پروفیسر علیم اشرف جائسی (ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر)، اور پروفیسر رضا اللہ خان (ڈائریکٹر مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم) شامل تھے۔ اپنے صدارتی خطاب میں پروفیسر سید عین الحسن نے خواتین کی تعلیم کے فروغ کو یونیورسٹی کے بنیادی مقاصد میں شمار کرتے ہوئے اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے میں انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں کو سراہا۔ ڈاکٹر ثمینہ بسو، پرووسٹ گرلز ہاسٹلز، نے استقبالیہ خطاب میں جامعہ کی طالبات کی فلاح و بہبود اور شمولیت کو فروغ دینے کی مسلسل کوششوں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کا اختتام ڈاکٹر محسنہ انجم اے انصاری کے شکریہ کے کلمات پر ہوا، اور نظامت کے فرائض پروفیسر اختر پروین نے انجام دیے۔

طالبات کی مسلسل شخصی اور اخلاقی نشوونما کو فروغ دینے کے لیے ہاسٹل میں ایک منظّم لیکچر سیریز کا آغاز کیا گیا جس کے تحت کردار سازی، شرافت کا فن: دیانت اور احترام پر مبنی زندگی کی تشکیل، اخلاقی و ادبی ترقی، اور حسنِ معاشرت جیسے مختلف موضوعات پر سیشنز منعقد کئے گئے۔

اگست 2024 کو نہرو آڈیٹوریم، نامپلی میں "حیدرآباد ڈریم بگ انیشی ایٹو" اور "مدینہ ایجوکیشن سینٹر" کے اشتراک سے ایجوکیشنل کاؤنسلنگ اینڈ 25 کیریئر ڈیولپمنٹ

ڈی ٹی ٹی ایل پی کی جانب سے تیار کردہ انجینئرنگ کی کتب

تفویض کردہ انڈر گریجویٹ/ ڈپلومہ سطح کی سال اول کی 10 اور سال دوم کی 16 انجینئرنگ کتابوں کے ترجمے اور نظر ثانی کا کام مکمل کیا ہے۔ مزید یہ کہ سال دوم کی 9 کتابوں پر ماہرین کے ذریعے نظر ثانی کا عمل جاری ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اب تک ڈائرکٹوریٹ اس پراجیکٹ کے تحت مجموعی طور پر 65 انجینئرنگ کتابوں کا ترجمہ مکمل کر چکا ہے۔

مرکز برائے مطالعاتِ سماجی شمولیت

انصاف کے حصول کے لیے تشدد کے خلاف آواز اٹھانے کی ضرورت: کارتیکا شرما

البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی شمولیت کی جانب سے دو روزہ قومی سمینار بموضوع ''خاموشی کا خاتمہ: ہندوستان میں صنفی بنیاد پر تشدد کا حل'' کا فروری میں انعقاد عمل میں آیا۔ افتتاحی تقریب میں جناب کارتیکا شرما انسپکٹر جنرل آف پولیس تلنگانہ نے کہا کہ ملک میں جنس کی بنیاد پر ہو رہے تشدد پر خاموشی کو توڑنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ انصاف کا حصول خاموشی سے ممکن نہیں ہے۔ منی پال لا اسکول بنگلور کی ڈائرکٹر پروفیسر پرسوا ایسٹر تھامس نے اپنے کلیدی خطاب میں کہا کہ آج بھی ملک میں جنس کی بنیاد پر ہو رہے تشدد پر خاموشی برتی جا رہی ہے، اس طرح کے سنگین معاملات میں خاموش رہنا بھی جرم کرنے والوں کے حمایت کے مترادف ہے۔ شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ مانو میں داخلہ لینے والی ہر لڑکی کے لیے ہاسٹل کا انتظام کیا جاتا ہے۔ مرکز کے ڈائرکٹر پروفیسر دانش معین نے سمینار کے اغراض و مقاصد کو اجاگر کیا۔ تقریب میں پروفیسر شگفتہ شاہین اور پروفیسر شاہدہ نے صنفی تشدد کے متعلق گفتگو کی۔

ڈین بہبودیِ طلبہ

جشنِ میلاد النبیؐ کا اہتمام

ڈین بہبودیِ طلبہ کی جانب سے 3/ اکتوبر کو جشنِ میلاد النبیؐ کا اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر سید علیم اشرف، ڈین بہبودیِ طلبہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری انسانیت کے لیے نمونۂ عمل بنا کر بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ کی سیرتِ طیبہ کو جانے بغیر آپ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا ممکن نہیں۔

سیرت النبیؐ کے جلسے کو پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو اس بات کا محاسبہ کرنے کی ضرورت ہے کہ آج پوری دنیا میں وہ پریشانیوں اور مسائل کا شکار کیوں ہیں اور رسول اللہ کی سیرت کو اپنا رہنما بنا کر اپنے حال اور مستقبل کو سنوار سکتے ہیں۔ اس جلسے میں کارگزار شیخ الجامعہ پروفیسر پی فضل الرحمٰن اور رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد بھی موجود تھے۔

پروفیسر محمد حسیب الدین قادری، استاد شعبۂ انگریزی اور فینانس آفیسر نے اس موقع پر انگریزی زبان میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے عدل و رحمت کے بہترین نمونے پیش کیے اور بتایا کہ اسلام میں عمل کے ساتھ نیت کی بھی اہمیت ہے۔

جشن میلاد النبی کے اس جلسہ کے اختتام پر ایک نعتیہ طرحی مشاعرہ ''چھڑے ہیں صلے علیٰ کے نغمے، حضور تشریف لا رہے ہیں'' منعقد کیا گیا۔

مانو کے تمام کیمپسوں میں سیرت کوئز کا انعقاد۔ انعامات کی تقسیم

ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے یونیورسٹی کے تمام کیمپسوں میں سیرت کوئز کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ ڈین بہبودیِ طلبہ، مانو اور دی قرآن فاؤنڈیشن، حیدرآباد کے اشتراک سے منعقدہ کوئز مقابلے کے نتائج کا 3/ اکتوبر اعلان کیا گیا۔

پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیِ طلبہ کے بموجب یونیورسٹی کے مین کیمپس حیدرآباد کے محمد شارق عالم نے اول مقام حاصل کیا۔ کفایت اللہ انصاری کو دوسرا مقام حاصل ہوا۔ سی ٹی ای، دربھنگہ کے محمد شمشاد عالم کو تیسرا مقام ملا۔ ان کے علاوہ دیگر کیمپسوں میں نمایاں حاصل کرنے والوں میں سی ٹی ای آسنسول سے انور عالم، سی ٹی ای اورنگ آباد سے محمد حامد رضا، سی ٹی ای بھوپال سے محمد عبداللہ انصاری، سی ٹی ای بیدر سے شیخ ثمرین بیگم پاشاہ صاب، سی ٹی ای نوح سے محمد آصف عرشی، سی ٹی ای سنبھل سے اقرار، پالی ٹیکنیک بنگلور سے احمد رضا، پالی ٹیکنیک کٹک سے محمد آصف علی، پالی ٹیکنیک دربھنگہ سے کیفی پرویز، پالی ٹیکنیک گڑپہ سے محمد ایاز، لکھنؤ کیمپس سے عبدالملک، سی ٹی ای سری نگر سے شیخ محمد فیاض قادری، آرٹس اینڈ سائنس کالج سری نگر سے اصغر علی شامل ہیں۔ سی ٹی ای دربھنگہ کے اتم کمار کو سیرت کوئز کے مقابلوں میں حصہ لینے اور نمایاں مظاہرہ کرنے کے لیے خصوصی انعام دیا گیا۔

اردو یونیورسٹی اور ریختہ کے اشتراک سے بیت بازی کا انعقاد

اردو کی مقبول عام ویب سائٹ ریختہ نے مانو کے ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر کے اشتراک سے 27/ ستمبر کو یونیورسٹی میں بیت بازی کے ایک مقابلے کا انعقاد کیا۔ اس مقابلے میں یونیورسٹی کی آٹھ مختلف ٹیموں نے حصہ لیا۔ جس میں جلیل مانکپوری، ولی

پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، ڈاکٹر پیکم ٹی سیمویل، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، پروفیسر محمد عزیز الدین حسین، پروفیسر عزیز بانو، پروفیسر علیم اشرف وڈاکٹر احمد خان

مرکز برائے مطالعاتِ اردو ثقافت

6/اگست 2024: تعلیم اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ میں صوفیائے دکن کی خدمات، کتاب کی رسم اجرا کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پرفیسر سید محمد عزیز الدین حسین، اعزازی پروفیسر مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت، ڈاکٹر پیکم ٹی سیمویل، ڈائرکٹر ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ، حیدرآباد، پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، پروفیسر عزیز بانو، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور ڈاکٹر احمد خان موجود تھے۔

مرکز کے زیر اہتمام 6/اگست 2024 کو خطاطی ورکشاپ کا انعقاد مانو کے اسٹوڈینٹس انڈکشن پروگرام کے موقع پر عمل میں آیا۔ اس ورکشاپ کا افتتاح پروفیسر صدیقی محمد محمود نے کیا۔ اس ورکشاپ میں 100 سے زائد طلباء وطالبات نے حصہ لیا۔ خطاطی ورکشاپ میں خطاط ڈاکٹر صابر علی سیوانی نے طلباء وطالبات کو خطاطی کے رموز سے واقف کرایا۔

7/اگست 2024 کو سی یو ایس ایس کے زیر اہتمام تصویری نمائش بہ عنوان 'چٹانوں پر اشوکا کے کتبات' عمل میں آئی۔ یہ نمائش ڈاکٹر ہیمنت ایم۔ تریپوڑے، ریجنل پی۔ ایف کمشنر (ای پی ایف او)، ریجنل آفس کوکٹ پلی، حیدرآباد کے اشتراک سے عمل میں لائی گئی۔ اس پروگرام کا افتتاح پروفیسر شگفتہ شاہین نے کیا۔ اس موقع پر مسز کرونا شری، ای پی ایف او کی ذمہ دار بھی شریک تھیں۔ اس نمائش کے انعقاد کی ذمہ داری جناب حبیب احمد، میوزیم کیوریٹر، سی یو ایس ایس نے ادا کی۔

19 تا 24/اگست 2024: مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت، مانو کے زیر اہتمام منعقدہ ہفت روزہ ورکشاپ بہ عنوان 'تحقیق کا طریق کار' کے افتتاحی اجلاس کے موقع پر شیخ الجامعہ، پروفیسر سید عین الحسن، رجسٹرار، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر عزیز بانو، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر عبدالسمیع صدیقی موجود تھے۔

3/ستمبر 2024: سی یو ایس ایس کی جانب سے 'اردو میں لوک ادب کی روایت' موضوع پر منعقدہ یک روزہ سمینار کے موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن مخاطب کیا۔

یومِ آزاد تقاریب کے موقع پر 7 تا 11/نومبر 2024 سی یو ایس ایس کے زیر اہتمام مولانا آزاد کی تحریر کردہ کتابوں اور مولانا آزاد پر لکھی گئی نایاب کتابوں کی نمائش عمل میں آئی۔ اس موقع پر مولانا آزاد کے تحریر کردہ خطوط کے عکس کی بھی نمائش عمل میں لائی گئی۔ اس نمائش کا افتتاح پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے انجام دی۔

16/اپریل 2005 کو مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت اور مانو لٹریری کلب، ڈی ایس ڈبلیو کے زیر اہتمام دہلی سے تعلق رکھنے والے معروف مؤرخ سید عبید الرحمٰن کے ایک لیکچر بہ عنوان 'ثقافتی لین دین اور ہم آہنگی: تاریخِ ہند میں تاجروں، صوفیوں کا کردار' کا انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے اس لیکچر کی صدارت کی۔

سی پی ڈی یو ایم ٹی

آن لائن ورکشاپ: مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعۂ تعلیم کے ذریعہ 5 روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ دی قرآن فاؤنڈیشن، حیدرآباد کے اشتراک سے 7 تا 11/اکتوبر منعقد ہونے والے ورکشاپ کی افتتاحی تقریب کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کی۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کمرۂ جماعت میں موثر اور بامعنی آموزش کے لیے طلبہ کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی مشغولیت ناگزیر ہے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی، سرپرست دی قرآن فاؤنڈیشن نے اس موقع پر کہا کہ دیگر ملکوں کے ساتھ ہی اساتذہ کی بہبودی کے لیے تعاون دینا ایک مثبت قدم ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے 'طلبہ کی مشغولیت: ضرورت واہمیت' کے موضوع پر اساتذہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی ہمہ جہت نشو ونما کے لیے انھیں نہ صرف تشکیلِ علم کے لیے آمادہ کرنا ضروری ہے، بلکہ ان کی بوریت اور بے اطمنانی کو دور کرنا بھی اہم ہے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے کہا کہ اساتذہ کی علمی ضرورت پوری کرنے کے لیے نت نئے موضوعات پر تربیتی پروگرام کا سلسلہ یونہی جاری رہے گا۔

ڈی ٹی ٹی ایل پی

انجینئرنگ کتب کا اردو میں ترجمہ: ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن، ٹرانسلیشن اسٹڈیز، لکسیکوگرافی اور پبلیکیشن (ڈی ٹی ٹی ایل پی) بہ اشتراک آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای)، انڈر گریجویٹ/ڈپلومہ سطح کی انجینئرنگ کی کتابوں کا انگریزی سے اردو زبان میں ترجمہ کرنے پر کام کر رہا ہے۔ توقع ہے کہ اس پراجیکٹ کے تحت 300 سے زائد انجینئرنگ کتابوں کا ترجمہ کیا جائے گا۔

ستمبر 2024 سے اب تک ڈائرکٹوریٹ نے اے آئی سی ٹی ای کی جانب سے

بااختیاری کی ایک روشن علامت کے طور پر اُبھر کر سامنے آیا ہے۔

حیدرآباد میں کل 1,738 طلبہ داخل ہیں، جن میں انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ، ڈپلومہ، اور (SRC) سرٹیفکیٹ پروگرامز شامل ہیں۔ ان میں سے قابلِ ذکر 59.61 فیصد یعنی 1036 طالبات ہیں، جو صنفی مساوات کے فروغ اور خواتین کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے کے مرکز کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

اس سال مرکز نے اپنی رسائی کو مزید وسعت دی ہے، جس کے تحت 2025 میں دو نئے لرنر سپورٹ سینٹرز (LSCs) قائم کیے گئے۔

اس سال ہمارے لرنر سپورٹ سینٹرز کی شاندار کارکردگی کا بھی جشن منایا گیا۔ ان کو "بہترین ایل ایس سی ایوارڈ" سے نوازا گیا، جو ان کی مثالی کارکردگی اور طلبہ کی معاونت LSCs دو کے عزم کا اعتراف ہے۔

1. آندھرا مسلم کالج، پونور روڈ، گنٹور 003–522، آندھرا پردیش؛ 2. یونیورسٹی آرٹس اینڈ سائنس کالج، سوبیداری، ہنمکنڈہ، ورنگل، تلنگانہ۔

چار LSCs کو کارکردگی کی بنیاد پر مراعاتی انعامات سے نوازا گیا۔ ان میں حیدرآباد (CDOE) فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن، گورنمنٹ ڈگری کالج، بودھن، نظام آباد؛ گورنمنٹ ڈگری اینڈ پی جی کالج، حسینی عالم، حیدرآباد؛ گوتمی ڈگری کالج، شانتی نگر پوسٹ، ضلع عادل آباد شامل ہیں۔

سب ریجنل سینٹر، وارانسی

مانو سب ریجنل سینٹر وارانسی میں ایک روزہ ورکشاپ بعنوان ''اپلی کیشن فار آرٹی فیشیل انٹیلی جینس ان ریل لائف'' (حقیقی زندگی میں اے۔آئی۔ کا استعمال) بتاریخ 17 اگست 2024 منعقد ہوا۔ جس میں ریسورس پرسن سدھانت سکسینہ، بوسٹن یونی ورسٹی، امریکہ نے شرکا کو آرٹی فیشیل انٹیلی جینس کی اہمیت بتاتے ہوئے چیٹ جی پی ٹی، میٹا، کا پیلاٹ وغیرہ کے بارے میں نہ صرف بتایا بلکہ شرکا کو عملی طور پر کر کے سکھایا۔

مانو سب ریجنل سینٹر وارانسی میں ایکس ٹینشن لیکچر کا انعقاد بتاریخ 28 نومبر 2024 کو ہوا۔ ریسورس پرسن پروفیسر رجنیش کمار پٹیل، فیکلٹی آف لا، بنارس ہندو یونیورسٹی نے اپنا لیکچر 'آئین ہند: بنیادی حقوق و فرائض' کے عنوان پر لے کر دیا۔

سب ریجنل سینٹر، وارانسی میں ''افسانہ کیسے لکھیں؟'' کے عنوان سے 5 دسمبر 2024 کو ایک ایکسٹنشن لیکچر منعقد ہوا جس میں مشہور ناول نگار و مترجم پروفیسر یعقوب یاور، بنارس ہندو یونیورسٹی نے کہا کہ تخلیقیت پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

ایکس ٹنشن لیکچر بعنوان 'اردو شاعری: تخلیق و تنقید' بتاریخ 31 دسمبر، میں ریسورس پرسن پروفیسر سراج اجملی، اے ایم یو نے کہا کہ اچھی شاعری کے لیے اصول شاعری کی

پروفیسر سید عین الحسن کے ہمراہ پروفیسر سید حسن قاسم اور ڈاکٹر محمد شمس الدین و دیگر

سمجھ ضروری ہے۔ تخلیق کار ایک اچھا ناقد ہوگا تبھی اچھی تخلیق سامنے آسکتی ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے 26 دسمبر 2024 کو وارانسی برانچ کا دورہ کیا۔ طلبہ کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم پوروآنچل کے طلبا کو پروفیشنل تعلیم حاصل کرنے کے مزید مواقع فراہم کریں گے۔ دو سال قبل اردو یونیورسٹی نے وارانسی میں ریجنل آفس قائم کیا تھا اور اب ایک اردو یونیورسٹی کا کیمپس بھی وارانسی میں قائم ہو گیا ہے جہاں طلبا فاصلاتی اور ریگولر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ جلد ہی پروفیشنل کورسیز کی شروعات بھی کر دی جائے گی۔

وائس چانسلر کو مبارکباد: حکومت ہند کی جانب سے میں پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، اردو یونیورسٹی، کو تعلیم و ادب کے میدان میں اہم خدمات انجام دینے کے سلسلے میں پدم شری 2025 سے نوازا گیا۔ چونکہ وائس چانسلر کا تعلق بنارس سے ہے، اس لیے وائس چانسلر کی بنارس آمد پر ایک اعزازی پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ جہاں بنارس کی مختلف شخصیات نے وائس چانسلر کو مبارکباد پیش کی۔ پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے خطاب میں کہا کہ اردو یونیورسٹی 'ریچ ٹو ان ریچڈ' کے فارمولے کے تحت سبھی کو تعلیم یافتہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے اور ہر خطے میں پہونچانے کے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

حاجی وسیم احمد، ڈائرکٹر الحنیف ایجوکیشنل سینٹر، نے وائس چانسلر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے تعلیم خصوصاً اردو کو پروفیشنل تعلیم سے جوڑنے کا اتنا بڑا کام کیا ہے کہ پدم شری کے آپ مستحق تھے۔ وحید اللہ خاں سعیدی، سکریٹری، آل انڈیا ٹیچرس ایسوسی ایشن نے کہا کہ آپ کو پدم شری ملنے سے اردو سے محبت رکھنے والا ہر شخص خوش ہے۔ حاجی اسلام صدیقی، مسلم انٹر کالج نے کہا کہ یقیناً ہماری خوشی دوبالا ہوگئی ہے کہ آپ جیسی شخصیت کا انتخاب بنارس سے ہوا۔ حاجی عبدالرشید، روزا کاڈمی، پروفیسر محمد عارف، کاشی ودیاپیٹھ وارانسی کے علاوہ مختلف شخصیات نے پدم شری ملنے پر وائس چانسلر کو مبارکباد پیش کی۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر علی رضا موسوی، وائس چانسلر، خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی، گلبرگہ نے کیا۔ وہ 14/اگست کو یو جی سی-مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سنٹر میں ایک ماہ طویل فیکلٹی انڈکشن پروگرام (FIP) کے اختتامی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

اس پروگرام کا مقصد مرکزی اور ریاستی یونیورسٹیوں، مرکزی مالی اعانت سے چلنے والے تکنیکی اداروں، اور ڈگری اور پی جی کالجوں میں نئے فیکلٹی اور اکیڈمک عملے کو ان کے نئے شامل کردہ تدریسی کرداروں سے واقف کرانا ہے۔

یونیورسٹی آف حیدرآباد، عثمانیہ یونیورسٹی، انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی (IIIT) حیدرآباد، نیشنل اکیڈمی آف ایگریکلچرل ریسرچ مینجمنٹ (NAARM)، مہاتما گاندھی یونیورسٹی، نلگنڈہ؛ ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سائنسز (TISS)، حیدرآباد؛ کرشنا یونیورسٹی سے وابستہ ریسورس پرسنس نے لیکچرس دیئے۔

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم

مانو فاصلاتی طرز پر ایم بی اے کا آغاز کرے گی

پروفیسر رضاء اللہ خان خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر نوشاد حسین و دیگر دیکھے جاسکتے ہیں۔

ریجنل سنٹر، بھوپال: تعلیم کے ذریعے وِکست بھارت 2047@ کے وژن کو حاصل کرنے میں اہم کردار کو تسلیم کرتے ہوئے، مانو نے اس سال فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت ایم بی اے پروگرام شروع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہوگا جو اُردو میڈیم میں پیش کیا جائے گا۔ اس کا اعلان پروفیسر محمد رضا اللہ خان، ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم، نے ریجنل سینٹر بھوپال، اور کستوربا گرلز کالج کے اشتراک سے 26 اپریل کو منعقدہ "وِکست بھارت 2047@ اور فاصلاتی و آن لائن تعلیم کا کردار" پر مبنی یک روزہ سمپوزیم میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اردو یونیورسٹی فاصلاتی اور آن لائن تعلیم کے ذریعے معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یونیورسٹی جلد ہی سوشل میڈیا اِن جرنلزم میں آن لائن ڈپلوما کورس بھی شروع کرے گی اور "مدرسہ کنیکٹ پروگرام" کے تحت ایک پائلٹ پروجیکٹ بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ جس کے تحت 100 مدارس کے طلبہ کے لیے چھ ماہی انگلش اسپیکنگ کورس متعارف کروایا جائے گا۔

مہمانِ خصوصی جناب شمیم الدین (آئی اے ایس)، سابق سینئر ڈائرکٹر، گلوبل اسکل پارک نے اپنے خطاب میں وِکست بھارت 2047@ کے اہداف کے حصول کے لیے وسیع پیمانے پر ہنرمندی کی تربیت کی ضرورت پر زور دیا۔ مولانا علی قدر حسینی، نائب قاضی بھوپال نے کہا کہ مدرسہ کے طلبہ میں فکری صلاحیت اور محنت کی عادت موجود ہے۔ ڈاکٹر محمد احسن، ریجنل ڈائرکٹر بھوپال نے فاصلاتی و آن لائن تعلیم کو ہندوستان میں تعلیمی رسائی اور مہارت کے خلا کو پُر کرنے والا اہم ذریعہ قرار دیا۔ پروفیسر نوشاد حسین، پرنسپل، کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال؛ مفتی محمد احمد خان، مفتی اعظم، مدھیہ پردیش، پروفیسر محمد حلیم خان، پروفیسر ضرغام حیدر نے بھی مخاطب کیا۔

ممبئی ریجنل سنٹر

مرکز برائے فاصلاتی اور آن لائن تعلیم نے اقرا ایچ جے تھیم کالج آف آرٹس اینڈ سائنس، جلگاؤں کے اشتراک سے 22 /فروری 2025 کو ایک روزہ سمپوزیم اور اورینٹیشن پروگرام کا انعقاد کیا جس کا عنوان تھا "فاصلاتی اور آن لائن تعلیم کا بدلتا ہوا منظر۔" یہ تقریب اقرا ایچ جے تھیم کالج میں منعقد ہوئی۔ اس کا مقصد جدید تعلیمی ماحول میں فاصلاتی اور آن لائن تعلیم کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔

پروگرام کا افتتاح اقرا ایجوکیشن سوسائٹی جلگاؤں کے صدر ڈاکٹر عبدالکریم سالار نے کیا۔ پروفیسر محمد رضا اللہ خان، ڈائرکٹر، سی ڈی او ای نے تقریب کی صدارت کی، جناب عاصم خان (آئی آر ایس) مہمان خصوصی تھے۔ سمپوزیم میں KBC یونیورسٹی، نارتھ مہاراشٹر یونیورسٹی کے ڈپٹی رجسٹرار ڈاکٹر مناف شیخ، KBC یونیورسٹی کے سابق ڈین ڈاکٹر پرمود پوار اور کیریئر کونسلر شیخ اخلاق کے خطابات بھی شامل تھے۔ ڈاکٹر شیخ ابوالبرکات، ریجنل ڈائرکٹر ممبئی نے چیف آرگنائزر اور ڈاکٹر نثار احمد پیرزادے کنوینر کے طور پر خدمات انجام دیں۔

تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کا ایک ریکارڈ شدہ پیغام بھی حاضرین کو سنوایا۔

مہمان خصوصی جناب عاصم خان نے یو پی ایس سی امتحانات کی تیاری کے لیے آن لائن پلیٹ فارم استعمال کرنے کے اپنے تجربات بیان کیے اور زبان کی شمولیت کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈاکٹر عبدالکریم سالار نے اقرا ایجوکیشن سوسائٹی اور اردو یونیورسٹی کے درمیان دیرینہ تعاون کے بارے میں اظہار خیال کیا۔

سب ریجنل سنٹر حیدرآباد

تعلیم کے رنگین اور دلکش منظرنامے میں سب ریجنل سنٹر حیدرآباد، شمولیت، ترقی اور

کے لیے کوشاں ہے۔ افتتاحی اجلاس کو بی بی سی ہندی کے سربراہ نتن شرما نے بھی مخاطب کیا۔ مسٹر معراج احمد، اسسٹنٹ پروفیسر نے افتتاحی اجلاس کی کارروائی چلائی۔ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، اسوسیئٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔

اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایک صحافی پر ڈھیر ساری ذمہ داریاں ہوتی ہیں جن کو نبھانا آسان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج میڈیا میں غیر اہم موضوعات حاوی ہوتے جارہے ہیں، یہ ایک ناخوشگوار پہلو ہے۔

لاء اسکول

اقلیتوں کا سماجی انضمام ملکی خوشحالی اور استحکام کے لیے اہم ہے: پروفیسر ابراہیم الہ الدین کا خطاب

پروفیسر تبریز احمد پروفیسر ابراہیم الہ الدین کو پودا پیش کرتے ہوئے۔

لا اسکول اور شعبۂ سوشیالوجی کے زیر اہتمام 24 رجنوری کو ایک لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ یونیورسٹی آف البرٹا، کینیڈا کے سابق پروفیسر اور مانو کے شعبہ سماجیات کے وزیٹنگ پروفیسر ابراہیم الہ الدین نے یہ لیکچر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتیں دو مختلف سیاق وسباق میں ابھرتی ہیں: ایک جہاں بیرونی آبادی مقامی کمیونٹیز پر غالب آتی ہے اور دوسرا جہاں تاریخی نقل مکانی اقلیتی گروہوں کو نئی زمینوں میں لے آتی ہے۔ انہوں نے تیسرے ایکسٹرا مرال لیکچر کے دوران کثیر الثقافتی معاشروں میں اقلیتوں کے سماجی انضمام کے ایک اہم عالمی مسئلے پر روشنی ڈالی۔ ڈین اسکول آف لاء پروفیسر تبریز احمد نے بھارت کے آئین میں شامل مضبوط سیکولر اقدار کو اجاگر کیا۔

مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سنٹر

شماریاتی پیکیج برائے سماجی علوم (ایس پی ایس ایس) پر ورکشاپ

یو جی سی مالویہ مشن ٹیچرس ٹریننگ سنٹر کے زیر اہتمام سہ روزہ تربیتی ورکشاپ 6 تا 8 رجنوری کو منعقد ہوا۔ افتتاحی اجلاس میں پروفیسر سنیم فاطمہ، ڈائرکٹر نے کہا کہ ہندوستانی تعلیمی نظام تیزی کے ساتھ تبدیل ہو رہا ہے اور اس میں سماجی علوم کی تحقیق کے دوران سافٹ ویئر کا استعمال لازمی حیثیت کا حامل ہوگیا ہے۔ سماجی علوم کے لیے شماریاتی پیکیج (Statistical Package for the Social Sciences) (ایس پی ایس ایس) ورکشاپ میں ملک بھر سے زائد از 45 اساتذہ حصہ لے رہے ہیں۔

پروگرام کا مقصد شرکاء کو ایس پی ایس ایس انٹرفیس اور ڈیٹا مینجمنٹ کو سمجھانا، اعداد و شمار کی جدید تکنیکیں سکھانا، تحقیقی کے سیاق وسباق پر شماریاتی طریقوں کا اطلاق کرنا اور ڈیٹا ویئر اور تشریح میں مہارت پیدا کرنا ہے۔ ورکشاپ میں 6 ماڈیولز شامل تھے جس کے دوران شماریات، سوشیل ورک اور بزنس مینجمنٹ کے شعبے کے ماہرین نے رہبری کی۔ کورس کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر معراج احمد مبارکی نے بھی مخاطب کیا۔

معیار کا حصول منزل نہیں لیکن اس کے بغیر منزل کا سفر مشکل: پروفیسر وینکیا

یونیورسٹی میں 12 تا 14 راگست کو یو جی سی - مالویہ مشن ٹیچرس ٹریننگ سنٹر اور انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل، مانو اور سنٹر فار ریسرچ ان اسکیمس اینڈ پالیسیز (CRISP) کے اشتراک سے این ای پی 2020 فلیکشپ پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ یہ ورکشاپ حکومت ہند کے ادارہ جاتی ترقیاتی منصوبہ بندی (انسٹیٹیوشنل ڈیولپمنٹ پلان) کے موضوع پر منعقد کیا گیا۔

افتتاحی اجلاس میں پروفیسر وی وینکیا، مشیر مانو و سابق وائس چانسلر کرشنا یونیورسٹی نے کہا کہ معیار کا حصول منزل نہیں لیکن اس کے بغیر منزل کا سفر مشکل ہے۔ مسلسل ایک نظریہ کے ساتھ ترقی کی جانب پیش قدمی کرنی چاہیے۔

پروفیسر پی فضل الرحمٰن نے بحیثیت کارگزار وائس چانسلر اس پروگرام کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی صرف 28 برس قدیم ہے لیکن اس میں مسلسل سدھار آرہا ہے۔ نیک کی جانب سے اردو یونیورسٹی کو جہاں 2009ء اور 2016 میں A گریڈ دیا گیا تھا۔ وہیں اب اسے A+ گریڈ عطا کیا گیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کہا کہ یہ ورکشاپ اساتذہ اور منتظمین کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے فروغ کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔ ڈاکٹر الیسا سیکویرا، حکمت عملی کا انتظامیہ کے موضوع پر بحیثیت ماہر ریسورس پرسن اس ورکشاپ میں مدعو تھے۔

ایف ڈی پی کا انعقاد

ایک استاد ایک اداکار سے کم نہیں ہوتا ہے، کیونکہ اسے لوگوں کی توجہ حاصل کرنی ہوتی ہے۔ اس کے لیے استاد کو اپنی پوری شخصیت کو کلاس روم سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔

یہ کانفرنس ''دورِ حاضر کی کاروباری سرگرمیاں وکست بھارت اور پائیدار ترقی اہداف کے تناظر میں'' کے موضوع پر منعقد کی گئی۔ پروفیسر سری نواس مورتی، ڈائرکٹر انسٹیٹیوٹ آف پبلک انٹر پرائز نے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں کاروباری اقدار کی بڑی اہمیت ہے۔ کارپوریٹ سیکٹر ان اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے پائیدار ترقی کے حصول کو آسان کرسکتا ہے۔

شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن نے کانفرنس کے اس افتتاحی اجلاس کی صدارت کی۔ اپنے صدارتی خطبہ میں انہوں نے کانفرنس کے موضوع کو سراہا اور اسکول برائے کامرس و انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔ رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے پائیدار ترقی کے اہداف اور وکست بھارت کے حصول کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر عبدالقدوس، سابق ڈائرکٹر ایم ایس ایم ای، حکومت ہند نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے تیزی سے ترقی پذیر ہندوستان کی معیشت کے اہم خدوخال کا جائزہ پیش کیا۔ قبل ازیں کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں صدر شعبہ پروفیسر عبدالعظیم نے خیر مقدمی کلمات کہے اور کانفرنس کے کنوینر ڈاکٹر سید خواجہ صفی الدین نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔

ڈین پروفیسر بدیع الدین احمد نے اظہار خیال کرتے ہوئے دورِ حاضر کے کاروباری سرگرمیوں اور جدید کاروباری ماحول میں معیشت کے استحکام کی ضرورت کو واضح کیا۔

اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت

شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت میں مہاتما گاندھی کی صحافت پر قومی کانفرنس

شعبۂ ترسیل عامہ اور صحافت میں انڈین سوسائٹی آف گاندھیین اسٹڈیز (آئی ایس جی ایس) کے زیر اہتمام آئی ایس جی ایس کی 45ویں سالانہ سہ روزہ کانفرنس کا افتتاحی اجلاس 27/جنوری کو منعقد ہوا۔ کانفرنس کا موضوع ''مہاتما گاندھی کی صحافت اور عصر حاضر میں اس کی مطابقت'' تھا۔ پروفیسر ستیش کمار رائے، صدر انڈین سوسائٹی آف گاندھیین اسٹڈیز اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مہاتما گاندھی ماضی ہی نہیں مستقبل بھی ہیں۔ وہ اختلافات کے قائل تھے۔ مگر اختلافات کو باہمی مکالمہ سے حل

آرٹیفیشیل انٹیلی جنس پر کتاب کے رسم اجراء کے موقع پر

کرنے کے فارمولے پر یقین رکھتے تھے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ گاندھی جی اور ہندوستان کی جدوجہد آزادی پر ایران اور وسطی ایشیاء کے مفکرین نے بھی بہت کچھ لکھا ہے۔ ان کے مطابق ایرانی اسکالرس گاندھی جی کو صدی کی عظیم شخصیت سمجھتے تھے۔

پروفیسر آر دویویدی، سابق ڈائرکٹر گاندھیائی اسٹڈیز کاشی ودیاپیٹھ نے کہا کہ عالمی امن کا تحفظ مشرق کی ذمہ داری ہے۔

کانفرنس کو مخاطب کرنے والوں میں اوپیندر رائے، سی ایم ڈی، بھارت نیوز ایکسپریس اور پروفیسر شیلا رائے، رکن آئی سی ایس ایس آر، جناب اقبال احمد، بی بی سی، ڈاکٹر شاہنواز عالم، یونیٹی اینڈ پیس فاؤنڈیشن بہار کے علاوہ ڈاکٹر صائمہ سہروردی شامل تھے۔ اس موقع پر آرٹیفیشیل انٹیلی جنس پر ایک کتاب کی رسم رونمائی عمل میں آئی۔

ابتداء میں ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، پبلک ریلیشنز آفیسر نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ جبکہ پروفیسر محمد فریاد، کانفرنس کنوینر نے مہمانوں کا تعارف پیش کیا۔

شعبۂ ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم میں گاندھیائی صحافت پر لیکچر

شعبۂ ماس کمیونیکیشن اور صحافت میں ''مہاتما گاندھی کی صحافت'' پر انڈین سوسائٹی آف گاندھین اسٹڈیز کے صدر پروفیسر ستیش کمار رائے نے لیکچر پیش کیا۔ اکتوبر میں منعقدہ لیکچر میں پروفیسر رائے نے اپنے خطاب میں گاندھی جی کی زندگی اور ان کی صحافتی خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی سچائی اور انصاف کی پاسداری نے ان کی صحافت کو منفرد بنادیا۔

صحافی صرف تکنیک ہی نہیں مواد پر بھی توجہ دیں: برجیش مشرا

شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت میں موبائل اور ڈاٹا جرنلزم کے دوروزہ ورکشاپ 26 اور 27/ستمبر اہتمام کیا گیا۔ افتتاحی اجلاس کے مہمانِ خصوصی برجیش مشرا، ایڈیٹر ان چیف بھارت سماچار تھے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی حضرات صرف تکنیک پر نہیں بلکہ مواد پر بھی توجہ دیں۔ کیونکہ اخبارات کے قاری روز بروز کم ہوتے جارہے ہیں اور ڈیجیٹل صارفین کی تعداد بڑھتی ہی جارہی ہے۔

قبل ازیں دوروزہ ورکشاپ کے آغاز میں پروفیسر محمد فریاد، صدر وڈین ایم سی جے، مانو نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ پروفیسر احتشام احمد خان نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطبہ دیتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ زبان سے بہتر طور پر واقفیت حاصل کریں۔ فہیم قریشی، صدر ٹرمریز ورکشاپ، اس افتتاحی اجلاس کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے مانو کے ساتھ باہمی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے پر آمادگی کا اظہار کیا اور کہا کہ مانو کے ساتھ ٹمریز مل کر کام کرنے

انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس شعبے میں ہونے والی پیشرفت اور توانائی اور ماحولیاتی چیلنجس سے نمٹنا ضروری ہے۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان، کوآرڈینیٹر ایف ڈی پی نے ابتداء میں خیر مقدمی خطاب کیا۔ ایف ڈی پی میں ملک بھر سے AICTE سے تسلیم شدہ مختلف اداروں کے تقریباً 160 اساتذہ کرام نے حصہ لیا۔

اسکول برائے تعلیم و تربیت

یومِ ہندی کے سلسلے میں مباحثہ۔ کامیاب طلبہ میں انعامات کی تقسیم

شعبۂ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام یومِ ہندی کے سلسلے میں 18 ستمبر کو مباحثہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس مباحثے کا عنوان ''کثیر لسانی دور میں ہندی کا مستقبل'' تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر سیما ورما، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، محکمہ سرکاری زبان، حکومت ہند نے کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے اپنے خطبہ میں کہا کہ ہندوستان میں زبانوں کا تنوع پایا جاتا ہے۔ دیگر زبانوں کا احترام کے ساتھ ساتھ ہمیں ہندی کے فروغ کے لیے بھی کام کرنا چاہیے۔ پروفیسر سید نجم الحسن، صدر نشین راج بھاشا نفاذ کمیٹی نے دفتری کام کاج میں ہندی کو فروغ دینے پر زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے مقامی زبانوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر پروفیسر ونجا ایم، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت کے علاوہ پروفیسر شاہین الطاف شیخ، پروفیسر پٹھان رحیم خان؛ ڈاکٹر شگفتہ پروین، ہندی آفیسر نے بھی خطاب کیا۔ قبل ازیں ڈاکٹر اشونی نے خیر مقدم کیا۔ ڈاکٹر جہانگیر عالم نے کارروائی چلائی اور ڈاکٹر شیخ احتشام الدین نے شکریہ ادا کیا۔ انتظامی کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر روبینہ، ڈاکٹر وی ایس سومی، ڈاکٹر فردوس تبسم، ڈاکٹر افشاں عبدالکریم و دیگر نے انتظامات میں حصہ لیا۔ اس موقع پر مختلف مقابلہ جات میں نمایاں مقام حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے اور سرٹیفکیٹس کی تقسیم عمل میں آئی۔

اسکول برائے تعلیم و تربیت میں قومی ورکشاپ کا انعقاد

اسکول برائے تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام دو روزہ قومی ورکشاپ کا 29 اور 30 اگست اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا انعقاد این سی ٹی ای اسکول برائے تعلیم و تربیت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کیا۔ افتتاحی اجلاس کے مہمانِ خصوصی پروفیسر پنکج اروڑہ، نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن کے صدر نشین تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اساتذہ کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا ملک بھر میں اپنی نوعیت کے منفرد تعلیمی ادارہ میں شمار ہوتا ہے۔ جو اس شعبے میں ٹھوس خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے انٹیگریٹڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام کو اساتذہ کی تربیت کے حوالے سے نہایت اہم پروگرام قرار دیا۔ جس کا نصاب بڑی ہی عرق ریزی کے ساتھ تیار کیا گیا۔ جس میں تعلیم کے دوران طالب علم کو مرکزِ نظر رکھا گیا۔ ساتھ ہی ہندوستانی روایات

پروفیسر پنکج اروڑہ، پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد اور پروفیسر ایم ونجا

اور 21 ویں صدی کے چیلنجس کا سامنا کرنے کے لیے درکار صلاحیتیں پیدا کرنے پر زور دیا گیا۔ اپنے صدارتی خطبہ میں پروفیسر سید عین الحسن نے آئی ٹی ای پی پروگرام کے حوالے سے کہا کہ استاد اور طالب علم کا ہندوستانی تاریخ میں جو روایتی رشتہ ہے نئی تعلیمی پالیسی اسی کا تسلسل ہے۔ اے پی ایس سی ایچ ای کے صدر نشین پروفیسر راما موہن راؤ، پروفیسر مینا راجیو چندراور کر، ایس آر سی، چیئر پرسن، این سی ٹی ای نے بھی مخاطب کیا۔ مسز کیسانگ وائی شیر پا، آئی آر ایس و ممبر سکریٹری، این سی ٹی ای نے افتتاحی کلمات کہے۔ ڈین اسکول آف ایجوکیشن پروفیسر ایم ونجا نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

اس دو روزہ ورکشاپ کا مقصد نیشنل مانیٹرنگ مشن (NMM) کے علاوہ نیشنل پروفیشنل اسٹانڈرڈ فار ٹیچر (NPST) اور ITEP کے متعلق شعور بیدار کرنا اور اس سلسلے میں اب تک ہوئی پیش رفت کا جائزہ لینا ہے۔ ورکشاپ کے پہلے دن کے اختتامی سیشن سے پروفیسر شیخ اشتیاق احمد رجسٹرار نے بھی خطاب کیا اور شرکاء میں اسناد کی تقسیم عمل میں لائی گئی جبکہ پروفیسر محمد مشاہد نے مہمانان اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

ورکشاپ کے اختتامی اجلاس کی پروفیسر سید عین الحسن نے صدارت کی۔ پروفیسر ایم ونجا نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ این آئی ای پی اے کی وائس چانسلر پروفیسر ششی کلا ونجاری، پروفیسر اندو پرساد، وائس چانسلر عظیم پریم جی یونیورسٹی، پروفیسر سدھا کر، ایفلو، شری ڈی کے چترویدی، کنوینر آئی ٹی ای پی، شری اتھیمنیو یادو، کنوینر این ایم ایم؛ پروفیسر وندنا سکسینہ، سی آئی ای، دہلی یونیورسٹی؛ پروفیسر وائی سری کانت، پرنسپل، آر آئی ای، میسور؛ پروفیسر صدیقی محمد محمود کے علاوہ پروفیسر شاہین الطاف شیخ، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے بھی مخاطب کیا۔

اسکول برائے بزنس مینجمنٹ و کامرس

پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں کاروباری اقدار کی بڑی اہمیت: پروفیسر سرینواس

شعبۂ انتظامیہ و کامرس کی جانب سے دو روزہ قومی کانفرنس کا آغاز 6 مارچ کو ہوا۔

اس تقریب میں دنیا بھر سے 255 اسکالرس نے شرکت کی، جن میں ہندوستان، سعودی عرب، ملائیشیا، سوڈان، قطر، چین، سنگاپور، جنوبی افریقہ، مصر، نیپال اور بنگلہ دیش کی مختلف ریاستوں کے مندوبین شامل رہے۔ انہوں نے نامیاتی اور طبی کیمسٹری، گرین اینڈ انوائرمینٹل کیمسٹری، کمپیوٹیشنل کیمسٹری، کاربن ڈاٹس اور نینو میٹریلز، اور انڈسٹریل کیمسٹری جیسے متنوع ذیلی موضوعات پر اپنے مقالے پیش کیے۔

سیشن کی صدارت کرنے والے معززین میں پروفیسر زینب نگینی (UNIMAS، ملائیشیا)، پروفیسر چنگ ہوا سو (نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور)، پروفیسر محمد یونس وانی (یونیورسٹی آف جدہ، سعودی عرب)، پروفیسر عثمان ابراہیم (کنگ عبدالعزیز یونیورسٹی، سعودی عرب) شامل تھے۔ ڈاکٹر سنجے کمار (پنجاب یونیورسٹی)، ڈاکٹر محمد عبیداللہ (کنگ سعود یونیورسٹی، سعودی عرب)، اور پروفیسر اجے کمار مشرا (یونیورسٹی آف دی ویسٹرن کیپ، جنوبی افریقہ)، ڈاکٹر مقصود احمد ملک (جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)، ڈاکٹر ایم وی۔ نریندر کمار تلوری (ڈائرکٹر، نالج مینجمنٹ اینڈ ٹیک سپورٹ، حیدرآباد)، ڈاکٹر فردوسہ نبی (جامعہ ملیہ اسلامیہ، نیو ڈیہی)، کانفرنس میں پروفیسر نظام الحق انصاری (سنت بابا بھاگ سنگھ یونیورسٹی، پنجاب) شامل تھے۔

اختتامی سیشن، پروفیسر فضل الرحمٰن کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں انہوں نے تحقیقی گرانٹس اور پیٹنٹ ایجادات کو حاصل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

اسکول برائے ٹیکنالوجی

سیول انجینئرنگ پر فیکلٹی و پروفیشنل ڈیولپمنٹ پروگرام

پالی ٹیکنیک، حیدرآباد میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) / پروفیشنل ڈیولپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کا 17 رفروری کو آغاز ہوا۔ پروگرام کا موضوع ''سیول انجینئرنگ میں کمپیوٹیشنل انٹیلی جنس کا اطلاق'' تھا۔ اس کا افتتاح پروفیسر شگفتہ شاہین نے کیا۔ اس پروگرام میں این آئی ٹی، سنٹرل یونیورسٹیز سے منسلک تقریباً 50 اساتذہ اور صنعت سے وابستہ افراد نے حصہ لیا۔ پروگرام کو آئی آئی ٹی، این آئی ٹی، سنٹرل

پروفیسر کمار مولوگرم، پروفیسر پی فضل الرحمٰن، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر عبدالواحد، پروفیسر پردیپ کمار اور ڈاکٹر جمیل احمد سوینیئر کے اجراء کے موقع پر

یونیورسٹیز، بین قومی کمپنیوں کے ماہرین نے مخاطب کیا۔

پروفیسر شگفتہ شاہین نے انسانی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کمپیوٹیشنل انٹیلی جنس کا سیول انجینئرنگ میں استعمال کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروگرام کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان نے کہا کہ اس پروگرام سے اساتذہ اور صنعت کے ماہرین ہر دو کو فائدہ ہوگا۔

ڈاٹا سائنس ونیٹ ورکنگ کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس

شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا۔ یہ دو روزہ کانفرنس کمپیوٹیشنل طریقے، ڈاٹا سائنس اور نیٹ ورکنگ (آئی سی سی ایم ڈی این–2025) کے موضوع پر منعقد ہوئی۔ 16 جنوری کو افتتاحی اجلاس کو وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی پروفیسر کمار مولوگرم، نے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی تحقیق اور اختراع خاص کر مصنوعی ذہانت کے استعمال کے دوران غیر حل شدہ مسائل کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ اس تقریب کی صدارت پروفیسر پی فضل رحمان، وائس چانسلر انچارج نے کی۔ انہوں نے تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے لیے تکنیکی منظر نامے کے ارتقا کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے بی ٹیک کے اساتذہ کے بین الاقوامی تعلیم و تحقیق کے تجربے کو یونیورسٹی کے لیے کارآمد اثاثہ قرار دیا۔

پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی اور ICCMDN–2025 کے جنرل چیئر، نے کانفرنس کے متعلق معلومات فراہم کیں اور ممتاز ماہرین تعلیم، محققین، صنعت کے ماہرین، طلبہ کی ایک عالمی برادری کو اکٹھا کیا۔ پروفیسر پردیپ کمار نے شرکاء کا خیر مقدم کیا۔ جے ایم آئی سے پروفیسر عبدالقیوم انصاری، یونیورسٹی آف ڈنڈی، برطانیہ سے پروفیسر غلام نبی، میک کیسن کارپوریشن، USA سے ڈاکٹر بسواجیت برہما اور عثمانیہ یونیورسٹی سے ڈاکٹر ایم اے حمید ICCMDN-2025 نے شرکت کی۔

پالی ٹیکنیک کا آن لائن ایف ڈی پی

پالی ٹیکنیک، حیدرآباد کی جانب سے ''پائیدار توانائی کا انتظام اور ماحولیاتی تحفظ میں پیشرفت'' کے موضوع پر جنوری 2025 میں آن لائن فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس 6 روزہ ایف ڈی پی پروگرام کے لیے آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (AICTE) کے ٹریننگ اینڈ لرننگ (ATAL) اکیڈیمی کا تعاون حاصل کیا گیا تھا۔ ایف ڈی پی اس پروگرام کا مقصد اساتذہ کو عصری معلومات اور طریقۂ کار اور پائیدار توانائی اور ماحولیات کا انتظامیہ سے واقف کروانا تھا۔

اس پروگرام کو مخاطب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے واضح کیا کہ عالمی شعبوں کے چیلنجس کا سامنا کرنے اور تعلیم و تحقیق کو فروغ دینے کے لیے مانو پوری سنجیدگی سے سرگرمِ عمل ہے۔

اس پروگرام میں مہمان مقرر پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی تھے۔

پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر ایس مقبول احمد، پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈاکٹر ارا خان اور ڈاکٹر تارا ستیہ وتی کانفرنس کا سوینیئر کا اجراء انجام دیتے ہوئے۔

انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس کا موضوع ''پائیدار ترقی کے لیے پودوں اور انسانی تعاملات'' تھا۔مہمانِ خصوصی ڈاکٹر سی تارا ستیہ وتی، ڈائرکٹر، آئی سی اے آر انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ملٹس ریسرچ، حیدرآباد نے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راگی، باجرہ وغیرہ جیسے غذائی اجناس (ملٹس) کو مستقل طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ان میں بھرپور غذائیت ہوتی ہے۔

پروفیسر تارا ستیہ وتی نے مزید کہا کہ متوازن ماحولیاتی نظام میں کوئی بھی عدم توازن مستقبل میں بڑے مسائل پیدا کرسکتا ہے۔انہوں نے مانو کے ساتھ مستقبل میں بھی تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

اپنے صدارتی خطاب میں پروفیسر سید عین الحسن نے انسانی زندگی میں پودوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور پائیدار ترقی کے لیے اس سے آگاہی پر گفتگو کی۔

اس موقع پر پروفیسر ایچ علیم باشا نے بھی خطاب کیا جبکہ پروفیسر پی فضل الرحمان، پروفیسر پروین جہاں، پروفیسر سلمان احمد خان، پروفیسر عارف احمد، پروفیسر رفیق بھی موجود تھے۔کانفرنس کے ڈائرکٹر پروفیسر ایس مقبول احمد نے استقبال کیا۔کنوینر ڈاکٹر ارا خان نے کانفرنس کے اغراض ومقاصد بیان کیے۔

سائنس کے فروغ کے لیے تجسس کا ماحول ضروری: پروفیسر فضل الرحمٰن

شعبۂ طبیعیات، اسکول برائے سائنسی علوم میں بین الاقوامی کانفرنس کا 20 اور 21/ فروری کو انعقاد عمل میں آیا۔کانفرنس کا موضوع ایڈوانسز ان اپلائیڈ فزکس- 25 (ICCAAP-25) تھا۔افتتاحی سیشن میں ممتاز اسکالرز، محققین اور ماہرین تعلیم نے عملی طبیعیات (اپلائڈ فزکس) کے شعبے میں ہونے والی تازہ ترین ریسرچ پر تبادلہ خیال کیا۔پروفیسر فضل الرحمٰن، انچارج وائس چانسلر نے صدارتی خطاب میں کہا کہ سائنس کے فروغ کے لیے تجسس اور تبادلے کا ماحول ضروری ہے اور ICCAAP-25 اس کے لیے بہترین پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔پروفیسر فضل الرحمٰن نے اپنے خطاب میں سائنسی اختراعات اور علمی فضیلت کو فروغ دینے کے اردو یونیورسٹی کے عزم کا اظہار کیا۔

مہمان خصوصی، دہلی یونیورسٹی کے شعبہ فزکس اینڈ ایسٹروفزکس کے پروفیسر ایس اے ہاشمی نے سائنسی تحقیق پر مختصراً گفتگو کی۔مہمان خصوصی پروفیسر منیش کمار، جے این یو نے ڈنسیٹی فنکشنل تھیوری (DFT) پر اپنی تحقیق کے بارے میں اظہار خیال کیا۔پروفیسر محمد رفیق ابوتراب، ہیڈ آف فزکس نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور پروفیسر علیم ایچ باشا نے اسکول آف سائنسز کا تعارف کرایا۔ڈاکٹر محمد صادق، کنوینر ICCAAP-25 نے کانفرنس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی۔

اختتامی اجلاس میں ڈاکٹر ایم وینکٹ رتنم، سائنسدان اور سربراہ، (NARL) محکمہ خلائی، حکومت ہند، گڈانکی، نے آب و ہوا کے مسائل پر ایک لیکچر دیا، جس میں گرین ہاؤس اثرات، اور ماحول کی حرکیات پر توجہ دی گئی۔

جناب سنجے بسواس، سائنسدان، ڈی آر ڈی او حیدرآباد، پروفیسر ایم اے شاہ، این آئی ٹی، سری نگر؛ ڈاکٹر روی مسرا، سوانسی یونیورسٹی، یو کے؛ ڈاکٹر آئی ایم نور، یونیورسٹی پوترا، ملائیشیا نے بھی خطاب کیا۔اختتامی سیشن کی صدارت وائس چانسلر، پروفیسر سید عین الحسن، نے کی۔

شعبہ کیمسٹری کے زیر اہتمام دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

شعبۂ کیمسٹری، اسکول آف سائنسز نے کیمسٹری میں 30 اور 31/ جنوری کو دوسری بین الاقوامی کانفرنس ICC-2025 کا انعقاد عمل میں لایا۔کانفرنس کا موضوع ''کیمیائی سائنس میں پائیدار فروغ کے لیے اختراع'' تھا۔یہ کانفرنس ہائبرڈ موڈ میں منعقد ہوئی۔

کانفرنس کا افتتاح پروفیسر سید عین الحسن اور کلسٹر یونیورسٹی سری نگر کے وائس چانسلر پروفیسر محمد مبین نے کیا۔پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈین نے خطاب کرتے ہوئے، تحقیق اور علمی فضیلت کو آگے بڑھانے میں اسکول اور شعبہ کی نمایاں پیش رفت پر روشنی ڈالی۔افتتاحی سیشن کے آغاز میں کانفرنس کے ڈائرکٹر پروفیسر سلمان احمد خان کا خطبہ استقبالیہ اور کانفرنس کے کنوینر ڈاکٹر علیم الدین نے ایک جائزہ پیش کیا۔

پروفیسر سید عین الحسن سوینئر کا افتتاح انجام دیتے ہوئے۔پروفیسر محمد مبین، پروفیسر سلمان احمد خان، پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈاکٹر صلاح الدین، ڈاکٹر علیم الدین اور ڈاکٹر قسیم اللہ

نہج البلاغہ کی تعلیمات پر مبنی کتاب کی رسم اجراء کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر مہدی مہداوی پور، پروفیسر سید علیم اشرف جائسی و دیگر

مہداوی پور، ایران نے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دورِ حاضر میں بھی نہج البلاغہ کی روحانی اور دانشورانہ اہمیت سارے عالم پر عیاں ہے۔ انہوں نے اپنے کلیدی خطبہ میں کہا کہ دورِ حاضر کے مسائل کو حل کرنے کے لیے نہج البلاغہ سے مدد لی جاسکتی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اس موقع پر خوشی کا اظہار کیا کہ اردو یونیورسٹی کو نہج البلاغہ کے موضوع پر بین الاقوامی حیثیت کے اسکالرس کے ساتھ کانفرنس کے انعقاد کی میزبانی کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں نہج البلاغہ کے اردو اور انگریزی تراجم کے علاوہ نہج البلاغہ کی تعلیمات پر مبنی دو کتابوں کی رسم اجراء بھی انجام دی گئی۔ قبل ازیں کانفرنس کے آغاز پر صدر شعبۂ عربی پروفیسر علیم اشرف جائسی نے خیر مقدمی کلمات کہے اور نہج البلاغہ کانفرنس کے انعقاد کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ مقالہ نگاروں میں مولانا مجاہد حسین، پروفیسر حسن کمال، کویت اور انجینئر مصطفیٰ جی عباس کے علاوہ ڈاکٹر علی ضیائی، قم ایران شامل تھے۔

شعبۂ ترجمہ میں توسیعی لیکچر

شعبۂ ترجمہ کے زیر اہتمام ''ترجمہ بطور پیشہ وصنعت: روزگار کے مواقع اور امکانات کے تناظر میں'' کے موضوع پر 12 ستمبر کو توسیعی لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ ڈاکٹر ابو مظہر خالد صدیقی، منیجنگ ڈائرکٹر جودا انفولنگو سٹیک پرائیویٹ لمیٹیڈ (JILT) نے یہ لیکچر دیا۔ ڈاکٹر ابو مظہر خالد صدیقی نے کہا کہ ترجمہ نگاری نہ صرف ایک تخلیقی فن ہے بلکہ آج کے دور میں یہ ایک اہم پیشہ وارانہ انڈسٹری میں تبدیل ہو چکا ہے جس میں روزگار کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ عالمی سطح پر اس کی بڑھتی ہوئی ضرورت اور مقبولیت کی وجہ سے ماہر مترجمین کی مانگ میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر خالد صدیقی نے ترجمہ کو ایک پیشہ اور صنعت کے طور پر تفصیل سے بیان کیا اور ترجمہ کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت اور اس سے وابستہ مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر ابو مظہر خالد صدیقی نے جامعہ دارالسلام عمر آباد سے فضیلت حاصل کرنے کے بعد اردو یونیورسٹی کے شعبۂ ترجمہ سے ایم اے مطالعات ترجمہ اور پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ) کی تکمیل کی ہے۔

شعبۂ ترجمہ کی جانب سے لیکچرس

شعبۂ ترجمہ نے دو خصوصی توسیعی لیکچرس کا انعقاد کیا۔ ان لیکچرس کا مقصد طلبہ اور اساتذہ کو ترجمے کی دنیا میں عالمی اقدار کے اہم کردار اور اصطلاحات کی تشکیل و نمونہ سازی کے بارے میں آگاہ کرنا تھا۔ توسیعی لیکچر کے پہلے حصے میں پنجاب یونیورسٹی سے آئے پروفیسر گرو پال سنگھ نے ''ترجمہ کے عالمگیر اقدار کی نمائندگی'' پر اپنے منفرد انداز میں اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ خیالات کا اظہار ہی دراصل زبان ہے اور زبان کا

لیکچر کے دوران پروفیسر گرو پال سنگھ، پروفیسر خالد مبشر الظفر، ڈاکٹر محمود کاظمی ڈاکٹر کہکشاں لطیف و دیگر

اپنا ایک خود مختار نظام ہے۔ ترجمہ کاری میں کائناتی عنصر، زبان کے خصوصی لسانیاتی عمل کا حصہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترجمہ میں جب انسانی معاشرے کو پیش کیا جائے تو اس معاشرے کی باریکیوں کا بھی خاص خیال رکھا جائے اور ساتھ ہی ساتھ معاشرتی اقدار، علاقائی روایات کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ ان کے مطابق ترجمہ میں سیاسی حکمت کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

لیکچر کے دوسرے حصے میں ڈاکٹر سہیل احمد فاروقی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ اردو سے ریٹائرڈ ہیں ''ترجمہ اور اصطلاحات کی نمونہ سازی'' پر اظہار خیال کیا۔ اپنے انتہائی علمی لیکچر کے دوران انہوں نے کہا کہ ترجمہ دراصل ترسیل کا ہی حصہ اور مترجم ترسیل کار ہے۔ جب ہم بولتے ہیں تو کوئی اصطلاح کا استعمال نہیں کرتے لیکن ہم ترکیبوں کا استعمال کرتے ہیں۔ مخصوص امتیازی خصوصیت کی بناء پر ہم اسماء اور الفاظ کا تجزیہ کر پاتے ہیں۔ اصطلاحات میں آسان طلبی کے مکتبہ فکر دراصل زبان سے ناانصافی ہے۔ آخر میں صدر شعبہ ترجمہ ڈاکٹر محمود کاظمی نے صدارتی خطاب کیا۔

اسکول برائے سائنسی علوم

غذائی اجناس پر بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

شعبۂ نباتیات کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا 11 اور 12 فروری کو

پروفیسر وی پرکاشم خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر گلفشاں حبیب، پروفیسر شگفتہ شاہین، پروفیسر آمنہ کشور اور ڈاکٹر ثمینہ تبسم دیکھے جاسکتے ہیں۔

خیر مقدم کیا۔ اس کے بعد ہیلی سوسائٹی کی صدر پروفیسر پنگلی سیلجا نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے انگریزی زبان کے عالمی اثرات پر گفتگو کی۔ مہمان خصوصی پروفیسر وی وی این راجندر اپرشاد نے عصری درسیات اور اکتسابی طریقۂ تدریس کے بارے میں اہم خیالات کا اظہار کیا۔

اختتامی اجلاس میں پروفیسر وی پرکاشم ایفلو نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر گلفشاں حبیب، پروفیسر شگفتہ شاہین اور پروفیسر بھٹاچاریہ نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانفرنس کی رپورٹ خدیجہ بیگم نے پیش کی۔ اجلاس کے آخر میں ہیلی (HELE) ویب سائٹ کا افتتاح عمل آئی اور بہترین تحقیقی مقالے اور ہیلی ویب سائٹ کے ڈیزائنز کو ایوارڈز سے بھی نوازا گیا۔ کانفرنس میں ہندوستان بھر سے 60 سے زائد اساتذہ انگریزی زبان میں تعلیم کے ماہرین اور اسکالرس نے شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران پروفیسر سلمٰی احمد فاروقی اور پروفیسر امتیاز حسنین کے دو خصوصی لیکچرس ہوئے۔ پروفیسر پرمیلا راؤ، جے این یو نے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد بھی کیا۔ اس کانفرنس میں ہندوستان بھر کی جامعات سے کُل 42 تحقیقی مقالے پڑھے گئے۔ تیسری HELE کانفرنس علمی تعاون اور تاریخی تحقیق کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ہے، جو ہندوستان میں انگریزی تعلیم کی ماضی، حال اور مستقبل پر قیمتی بصیرت فراہم کی۔

شعبہ انگریزی میں پری کانفرنس ورکشاپ کا انعقاد

شعبہ انگریزی کے تحت ایک پری کانفرنس ورکشاپ ''انفارمل ڈیجیٹل لرننگ آف انگلش (IDLE) اور زبان کی تعلیم و تحقیق میں جنریٹو اے آئی'' کا انعقاد 26/ اگست کی شام عمل میں آیا۔

پروفیسر امتیاز حسنین، چیئر پروفیسر، اسکول آف لینگویجز، لسانیات اور انڈولوجی، مانو نے ورکشاپ کا تعارف کروایا۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی اور پروفیسر پنچانن موہنتی، یونیورسٹی آف حیدرآباد نے بھی خطاب کیا۔ اس ورکشاپ میں ہانگ کانگ کی ایجوکیشن یونیورسٹی کے پروفیسروں کے متنوع پریزنٹیشنز شامل تھے۔ اہم مقررین میں ڈاکٹر پرومود ساہ، اسسٹنٹ پروفیسر، اور ڈاکٹر جوسیونگ لی، شعبے کے قائم مقام سربراہ، شامل تھے۔ پروگرام کے آغاز میں ڈاکٹر گووندیا نے خیر مقدم کیا۔

عربی زبان وادب میں مستشرقین کی خدمات پر سمینار

5/نومبر: شعبۂ عربی کی جانب سے دو روزہ سمینار کا اہتمام کیا گیا جس کا عنوان ''عربی زبان وادب میں مستشرقین کی خدمات'' تھا۔ پروفیسر ثناء اللہ ندوی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے افتتاحی اجلاس میں کہا کہ مستشرقین اور اہل یوروپ نے عربی زبان وادب پر خاصی تحقیق کی اور مشرق و مغرب کے درمیان خلیج کو پاٹنے کے لیے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق اور اسلامی و عربی کلچر پر مستشرقین نے جو تحقیقی کارنامے انجام دیئے وہ آج بھی تاریخ کے صفحات پر موجود ہیں۔ ان کے مطابق زمانۂ قدیم سے لے کر دورِ حاضر تک عربی گرامر، قرآن و حدیث، جغرافیہ اور اسلامی تاریخ غرض ہر موضوع پر مستشرقین کا تحقیقی سرمایہ موجود ہے جو آج بھی محققین کے لیے علمی معلومات کے خزانے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطبہ میں کہا کہ عربی زبان و ادب کو دنیا کے مختلف زبانوں کے مقابل ایک خاص مقام حاصل ہے لیکن عربی زبان کے ساتھ یہ زیادتی ہوئی کہ محققین نے اسے اس کا مستحقہ مقام نہیں دیا۔

معروف شاعر وادیب ڈاکٹر تابش مہدی کے انتقال پر تعزیتی نشست

شعبہ عربی کی استاذ ڈاکٹر ثمینہ کوثر کے والد، مشہور شاعر وادیب ڈاکٹر تابش مہدی کا طویل علالت کے بعد 22/جنوری 2025 کی صبح دہلی میں انتقال ہوگیا۔ ڈاکٹر تابش مہدی کے انتقال پر شعبہ عربی مانو میں ایک تعزیتی نشست منعقد کی گئی جس میں شعبہ کے سبھی اساتذہ شریک تھے۔ نشست میں مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی گئی اور شرکاء نے غم کی اس گھڑی میں پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ رنج والم کی اس گھڑی میں پورا شعبہ ڈاکٹر ثمینہ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالی انہیں اس غم کو برداشت کرنے کی قوت وطاقت عطا کرے اور مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

تعزیتی نشست میں صدر شعبہ عربی پروفیسر سید علیم اشرف جائسی اور سینئر فیکلٹی ڈاکٹر جاوید ندیم ندوی سمیت سبھی اساتذہ شریک ہوئے اور سبھی نے اپنے رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔

مانو میں بین الاقوامی نہج البلاغہ کانفرنس سے شرکاء کا خطاب

شعبہ عربی کے زیر اہتمام بین الاقوامی کانفرنس انعقاد کیا گیا۔ اس کانفرنس کا انعقاد نہج البلاغہ سوسائٹی، حیدرآباد کے تعاون سے 28/نومبر کو عمل میں آیا۔ آیت اللہ مہدی

پروفیسر سید عین الحسن، ارہان یلمان اوکان، پروفیسر عزیز بانو، پروفیسر آذرمی دخت صفوی، پروفیسر امیدہ، ڈاکٹر عصمت جہاں اور ڈاکٹر قیصر احمد

عزیز بانو، کنوینر سمینار نے اغراض ومقاصد بیان کیے۔ پروفیسر غفوروا میدہ، ڈائرکٹر ریسرچ سنٹر تاجکستان نے بحیثیت مہمانِ اعزازی خطاب کیا۔ آقای ارحان یلمان اوکان کنسول جنرل جمہوریہ اسلامیہ ترکیہ نے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کیا۔

اختتامی اجلاس میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو نے صدارت کی۔ پروفیسر عزیز بانو نے رپورٹ پیش کی۔ پروفیسر خالق رشید (افغانستان)، دکتر علی اکبر نیرومند، اور پروفیسر گلفشاں حبیب نے بحیثیت مہمانانِ خصوصی واعزازی خطاب کیا۔

سوانحی ادب کو حوالہ جاتی حیثیت حاصل: پروفیسر اشتیاق احمد

شعبۂ اردو کے زیر اہتمام 18 اور 19 رفروری کو دوروزہ قومی سمینار کا انعقاد عمل میں آیا۔ سمینار کا عنوان ''اردو میں سوانحی ادب۔ 1980 کے بعد'' تھا۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عام طور پر سوانحی ادب پر کم ہی سمینار منعقد کیے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں انگریزوں کے دور میں انگریزی میں بہت سی سوانحیں لکھی گئیں۔ بعد میں دیگر زبانوں میں بھی اس کی طرف توجہ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ، تہذیب اور ثقافت سے دلچسپی رکھنے والوں کو خاص طور سے سوانحی ادب سے رجوع کیا جاتا ہے۔ اردو میں سوانحی ادب میں تحقیق وجستجو پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

قبل ازیں سمینار کے ڈائرکٹر پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، خیر مقدم کیا اور سمینار کے موضوع کے حوالے سے کہا کہ اردو میں سوانحی ادب کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

پروفیسر قاضی حبیب، مدراس یونیورسٹی نے کلیدی خطبہ پیش کیا۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر محمد شاہد حسین، سابق استاد جواہر لعل نہرو یونیورسٹی کے علاوہ سمینار کی کنوینر ڈاکٹر بی رضا خاتون نے بھی خطاب کیا۔

سمینار کے افتتاحی دن میں یونیورسٹی لٹریری کلب، ثقافتی سرگرمی مرکز میں ایک قومی مشاعرے کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس مشاعرے میں مہمان شعرا جناب مصحف اقبال توصیفی، جناب محسن جلگانوی، جناب سردار سلیم، جناب سیف نظامی، ڈاکٹر شہاب ظفر اعظمی، پروفیسر محمد زاہد الحق، ڈاکٹر وصی اللہ بختیاری اور میزبان شعرا پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈاکٹر سید محمود کاظمی، پروفیسر سمیع صدیقی اور ڈاکٹر اسلم پرویز نے اپنا کلام سنا کر سامعین کو محظوظ کیا۔

اختتامی اجلاس پروفیسر گلفشاں حبیب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، پروفیسر محمد شاہد حسین، مہمانان اعزازی خصوصی پروفیسر شہزاد انجم، پروفیسر نثار احمد؛ ڈاکٹر وصی اللہ بختیاری، ڈاکٹر ناظم علی اور ڈاکٹر گل رعنا نے بھی خطاب کیا۔

شعبۂ انگریزی میں بین الاقوامی کانفرنس

شعبۂ انگریزی کی جانب سے سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جس کا عنوان ''ہندوستان کی آوازیں اور اس سے آگے: نقل وحرکت، پائیداری، اور ٹیکنالوجی'' تھا۔ اس کانفرنس کے انعقاد میں مانو کے شعبہ انگریزی کے علاوہ ووکسن یونیورسٹی کے سنٹر فار لینگویج اینڈ ملٹی کلچرل کمیونیکیشن اور یونیورسٹی آف حیدرآباد کے سنٹر فار اپلائیڈ لسانیات اور ترجمہ مطالعہ جات کے درمیان ایک مشترکہ کاوش تھی، اور اس میں سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لینگویجز، انڈین کونسل آف سوشیال سائنس ریسرچ، اور یونیورسٹی آف حیدرآباد کے انسٹی ٹیوٹ آف ایمیننس نے بھی تعاون کیا۔ اس کا افتتاحی اجلاس 28 راگست 2024 کو منعقد ہوا۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمگیریت (Globalisation) کو تجارت کے علاوہ فن اور ادب تک بھی پھیلانا چاہیے۔

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کو جن ماہرین نے مخاطب کیا اُن میں مانو کے پروفیسر کے ناگیندر، یو او ایچ کے پروفیسر ایس ارول موزی، اور سی آئی آئی ایل، میسور کے پروفیسر عمرانی پیوسوامی شامل تھے۔ پروفیسر عین الحسن نے اس موقع پر کئی کتابوں کا اجراء بھی کیا، جن میں پروفیسر سید امتیاز حسنین کی کتاب ''مونوگرافز آن مولانا آزاد'' اور ڈاکٹر اسلم کنا تھیل کی دو کتابیں شامل ہیں۔ کانفرنس کا پہلا دن ادبی اور جمالیاتی محفل ''شامِ غزل'' کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جس میں معروف غزل گائیک استاد عدنان سلیم نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

عالمی نظریات اور کثیر لسانی تعلیم کو اپنائیں: پروفیسر سید عین الحسن

شعبہ انگریزی اور سوسائٹی فار اسٹڈیز ان دی ہسٹری آف انگلش لینگویج ایجوکیشن کے اشتراک سے تیسرے ہیلی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ کانفرنس کا موضوع ''ہندوستان میں انگریزی زبان کی تعلیم کی تاریخ: تعملات اور نفاذ'' تھا۔ 29 رجنوری کو منعقدہ افتتاحی اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ انگریزی زبان کی تعلیم کو مؤثر بنانے کے لیے عالمی نقطۂ نظر اپنانے اور کثیر لسانی تعلیمی ماڈلز اپنانا ضروری ہے۔ صدر شعبۂ انگریزی پروفیسر ناگیندر نے ابتداء میں مہمانوں کا

توسیعی خطبہ بہ عنوان ''ہندوستانی تہذیب اور اردو شاعری'' کا انعقاد کیا گیا۔ ممتاز ادیب، نقاد اور دانشور جناب شمیم طارق نے یہ خطبہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اردو شاعری اور اردو تہذیب میں بڑا گہرا رشتہ ہے۔ زبان کو سمجھنے کے لیے تہذیب کو سمجھنا ضروری ہے۔ کثرت میں وحدت ہندوستانی تہذیب اور ہندوستانیت کی روح ہے۔ ہمارے ملک کی تاریخ کے ہر دور میں اختلاف میں اتفاق کے نمونے ملتے ہیں۔

پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ نے صدارتی خطبہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نہ صرف اردو زبان بلکہ اردو اور مشترکہ تہذیب کا گہوارہ ہے۔ اردو کی پوری شاعری ہندوستانی تہذیب کے متنوع رنگوں کی عکاسی کرتی ہے۔ ابتداء میں پروفیسر عزیز بانو، ڈین نے خیر مقدمی تقریر کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے موضوع اور مہمان کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔

سید محمد علی نے علامہ اقبال کو دنیائے فارسی میں متعارف کروایا: ڈاکٹر حداد عادل

ڈاکٹر غلام علی حداد عادل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے۔ آقائی مہدی شاہرخی، پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں و دیگر

شعبۂ فارسی اور قونصل خانہ ایران، حیدرآباد کے اشتراک سے 24/فروری کو منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ کانفرنس نظام کالج، جامعہ عثمانیہ کے فارسی کے استاد اور فرہنگ نظام کے مولف سید محمد علی داعی الاسلام پر منعقد کی گئی تھی۔ افتتاحی اجلاس کی پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ ایران کے رکن پارلیمان ڈاکٹر غلام علی حداد عادل، رئیس فرہنگستان زبان و ادب فارسی نے اپنے خطاب میں کہا کہ سید محمد علی داعی الاسلام نے تقریباً 17 سال میں فرہنگ نظام کو پانچ جلدوں میں مکمل کیا اور ہندوستان کی فرہنگ نویسی کی تاریخ میں ایک ایسی معتبر و مکمل لغت پیش کی جو آج تک اپنی مثال آپ ہے۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے ابتداء میں خیر مقدمی خطاب کیا۔ ڈاکٹر عبدالحسین خسرو، ایران نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کرتے ہوئے اپنے خطاب میں سید محمد علی داعی الاسلام کی دینی و فقہی خدمات پر روشنی ڈالی اور ان کی فقہی خدمات پر انہیں ''آیت اللہ'' کے لقب سے یاد کیا۔ ڈاکٹر عسکر بھرای، ایران، پروفیسر شریف حسین قاسمی، دہلی یونیورسٹی، ڈاکٹر قہرمان سلیمان، دہلی، ڈاکٹر فرید الدین فرید، ایران ایمبسی، دہلی، آقائی مہدی شاہ رخی، قونصل خانہ ایران، حیدرآباد نے بھی خطاب کیا۔

شعبۂ فارسی کے زیر اہتمام ''چشتیہ سلسلہ کی علمی و ادبی خدمات'' پر سمینار

شعبۂ فارسی و مطالعاتِ وسط ایشیاء، لاوبالی اکیڈیمی کرنول اور خانقاہ سلاسل صوفیاء، قادری گلشن، حیدرآباد کے زیر اہتمام ایک چار روزہ قومی سمینار بعنوان ''چشتیہ سلسلہ کی علمی و ادبی خدمات'' کا افتتاحی اجلاس 6/فروری کو منعقد ہوا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ پروفیسر تنویر الدین خدانمائی، ڈائرکٹر مدرسہ صوفیہ قندھار و سابق صدر شعبۂ فارسی جامعہ عثمانیہ نے اپنے کلیدی خطبہ میں کہا کہ سمینار کا یہ عنوان وقت کی اہم ضرورت ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ سلسلہ چشتیہ نے ہندوستان میں دوسرے سلاسل طریقت کے لیے گویا میزبانی کا فریضہ انجام دیا۔ اس موقع پر مولانا خواجہ سید شاہ غیاث الدین چشتی، سابق دیوان جی و سجادہ نشین، اجمیر شریف، مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ سجادہ نشین بارگاہ شاہ افضل بیابانی ورنگل، وچیئرمین تلنگانہ حج کمیٹی، مولانا سید شاہ حیدر ولی اللہ نبیرہ قادری سجادہ نشین بارگاہ نلگنہ، مہاراشٹرا نے بحیثیت مہمانانِ خصوصی شرکت کی۔

ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبۂ فارسی و ڈائرکٹر سمینار نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ ڈاکٹر حافظ میر شاہ مرتضیٰ علی الحیدری لطیفی سجادہ نشین خانقاہ سلاسل صوفیاء و کنوینر سمینار نے سمینار کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ اس موقع پر لاوبالی اکیڈیمی، کرنول اور خانقاہ سلاسل صوفیاء حیدرآباد کی جانب سے شاہ طاہر ایوارڈ 2025ء برائے شاعری مولانا سید شاہ حسن قادری کو اور برائے تاریخ گوئی مولانا عرفان اللہ شاہ نوری کو دیئے گئے۔

مولانا جلال الدین محمد رومی کا کلام عشق و محبت کا سرچشمہ: پروفیسر صفوی

شعبۂ فارسی و مطالعاتِ وسط ایشیاء اور خانہ فرہنگ جمہوریہ اسلامی ایران، ممبئی کے اشتراک سے دو روزہ بین الاقوامی سمینار کا 13 اور 14/فروری کو اہتمام کیا گیا۔ افتتاحی اجلاس میں پروفیسر آزرمی دخت صفوی، سابق صدر شعبۂ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و صدر انجمن استادانِ زبان فارسی، ہند نے اپنے کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ فارسی کے سب سے بڑے صوفی شاعر جلال الدین محمد رومی کے کلام میں وہ جذباتیت اور کشش ہے جو آج کی اس بے چین دنیا کو سکون و چین دے سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ساری دنیا میں مولانا رومی پر لکھی جانے والی کتابیں سب سے زیادہ بکتی ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ مولانا جلال الدین رومی کا کلام کتاب و سنت کا نچوڑ ہے اور اپنے کلام کے ذریعہ رومی نے انسان کو خدا سے ملانے کی کوشش کی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ پروفیسر

پروفیسر سید عین الحسن، جناب مختار عباس نقوی کو شال پیش کرتے ہوئے۔

پروفیسر اشتیاق احمد بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

تعلیمی خودمختاری بااختیاری کی سمت پہلا قدم ہے: مختار عباس نقوی

شعبہ سماجیات اور شعبہ تعلیم نسواں کی جانب سے 17/فروری کو ایک روزہ قومی سمینار کا انعقاد عمل میں آیا۔ سابق مرکزی وزیر مختار عباس نقوی نے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان، زمانہ قدیم سے علم کا گہوارہ رہا ہے۔ تکشا شیلا، گروکل جیسے ادارے یہاں کے علمی وراثت کا حصہ ہیں۔ اس وجہ سے ملک میں تعلیمی طور پر کئی ایک نمایاں تبدیلیاں رونماں ہوئی ہیں۔

سابق مرکزی وزیر مختار عباس نقوی نے اپنے سلسلے خطاب میں کہا کہ موجودہ دور مصنوی ذہانت اور ڈیجیٹل ہے اس لئے تعلیم کو اس سے ہم آہنگ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ معروف سماجی سائنٹسٹ پروفیسر جی الوائیس نے کلیدی خطاب ہندوستان کے سماجی ڈھانچے کو سماجیاتی نقطہ نظر انتہائی خوبصورتی سے اجاگر کیا۔ جبکہ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ یونیورسٹی کا تعلیمی ماحول کثرت میں وحدت کی بہترین عکاسی کرتا ہے۔ ڈاکٹر کے ایم ضیاالدین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ تقریب میں یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد، ڈاکٹر سنیل جارج، ڈائرکٹر سمبائیس نے مہمانان اعزازی کے طور پر شرکت کی۔

ترقی کے تمام تر اقدامات کا مرکز انسانیت ہو: پروفیسر بدیت چکر برتی

شعبہ نظم ونسق عامہ کے زیر اہتمام 'پائیدار ترقی کے اہداف اور نظم ونسق عامہ کے کردار' کے موضوع پر پر دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا۔ 21/جنوری کو افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وشوابھارتی یونیورسٹی کے سابقہ وائس چانسلر اور نظم ونسق کے معروف اسکالر پروفیسر بدیت چکر برتی نے کہا کہ ترقی کے تمام تر اقدامات کا مرکز صرف انسانیت ہونا چاہئے اور قدیم ہندوستانی تہذیب میں انسانیت اور پائیدار ترقی کے آثار مشترکہ طور پر نظر آتے ہیں۔

مہمانِ خصوصی احمد یاسر، جی ایس ٹی ڈپٹی کمشنر، اتر پردیش نے کہا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں عملی عناصر کی بڑی اہمیت ہے۔ ان کے مطابق کسی تصور کی نظریاتی تشکیل اور اس کے عملی نفاذ میں بہت فرق ہوتا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین نے صدارتی خطاب کیا۔ ڈین پروفیسر شاہدہ نے مختلف شراکت داروں کے درمیان تعاون اور ہم آہنگی بہت ضروری قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے تمام طبقات کی متحدہ حکمت عملی ضروری ہے۔

اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، سابق وائس چانسلر، سری کرشنا دیورایا یونیورسٹی و سابق کارگزار وائس چانسلر مانو نے کہا کہ نظم ونسق عامہ کسی بھی پالیسی کی کامیابی کی کلید ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے اختتامی اجلاس کی صدارت کی۔ اختتامی اجلاس میں شعبہ کے سالانہ نیوز لیٹر کا اردو ورویژن بعنوان "نظم" جاری کیا گیا۔

اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات

امیر خسرو ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی علامت بین الاقوامی کانفرنس سے شرکاء کا خطاب

اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات کی جانب سے ایک روزہ بین الاقوامی کانفرنس ''امیر خسرو ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی مشترکہ علامت'' کا 11/دسمبر انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر سید عین الحسن شیخ الجامعہ نے صدارتی خطاب میں کہا کہ امیر خسرو کی زبان نہایت دلکش، معنی آفریں اور صناعی سے پر ہے۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ امیر خسرو کی اہمیت کا اعتراف دیر سے کیا گیا۔

افتتاحی اجلاس میں ممتاز مورخ اور دانشور پروفیسر سید عزیز الدین حسین، اعزازی پروفیسر، مانو نے کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ دکن کے صوفیوں نے دکنی میں عورتوں کی تعلیم وتربیت پر 90 کتابیں لکھیں۔ امیر خسرو کو چھوڑ کر شمال کے صوفیوں نے اس موضوع پر توجہ نہیں دی۔ امیر خسرو پوری زندگی صلح کل اور بندگانِ خدا سے محبت کی روش پر قائم رہے۔

مہمان خصوصی پروفیسر رتن لال ہنگلو نے کہا کہ امیر خسرو کی کثیر الجہت شخصیت اور ان کی گراں قدر خدمات کا خاطر خواہ اعتراف نہیں کیا گیا۔ وہ ایک عظیم صوفی، شاعر، موسیقار، زبان داں اور مشترکہ تہذیب کی علامت تھے۔ وہ قوالی اور ترانہ کے موجد تھے۔

مہمان اعزازی پروفیسر شریف حسین قاسمی سابق صدر شعبۂ فارسی نے کہا کہ امیر خسرو ہندوستان کے لیے بے حد قابل فخر شخصیت کا نام ہے۔

اردو ہندوستان کے متنوع کلچر کی نمائندہ زبان: پروفیسر شمیم طارق

اسکول برائے السنہ لسانیات و ہندوستانیات، کی طرف سے 21/اگست کو ایک

بین الاقوامی کانفرنس کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر محمد حبیب ودیگر

مکالمے کے زاویے" کے موضوع پر دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس میں ملک و بیرونِ ملک کے اسکالرز اور مفکرین نے شرکت کی، جنہوں نے ہندوستانی تناظر میں بین المذاہب مکالمے کی اہمیت، دائرہ کار اور مستقبل پر غور وخوض کیا۔

کلیدی خطاب پروفیسر حمید اللہ مرازی، ڈائرکٹر، انٹرنیشنل سینٹر فار اسپرچیول اسٹڈیز، IUST، اونتی پورہ، جموں وکشمیر نے پیش کیا۔ان کا خطاب روحانی اور فلسفیانہ بنیادوں پر مبنی تھا، جس میں بین المذاہب ہم آہنگی کی عصری اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی، جبکہ اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار مانو نے کی۔

افتتاحی نشست میں مہمانِ خصوصی پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر ہرمندر سنگھ بیدی، چانسلر، سینٹرل یونیورسٹی ہماچل پردیش شریک تھے۔ان کے علاوہ ڈاکٹر یحییٰ جہانگیری، یونیورسٹی آف ریلیجنز اینڈ ڈینومینیشنز، قم، ایران، پروفیسر مشتاق عالم قادری، شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی، پروفیسر لطیف حسین شاہ کاظمی، سابق صدر، شعبہ فلسفہ، AMU، ڈاکٹر وکٹر ایڈون (لیکچرر ودیا جیوتی انسٹیٹیوٹ آف ریلیجیس اسٹڈیز، دہلی)۔ان مقررین کے خطابات نے مکالماتی شمولیت، بین المذاہب ہم آہنگی، اور امن وہم زیستی کے فروغ کے حوالے سے متنوع نقطہ ہائے نظر پیش کیے۔

چوتھا ڈاکٹر حمید اللہ یادگاری خطبہ – چوتھا ڈاکٹر حمید اللہ میموریل لیکچر 4 فروری 2025 کو منعقد ہوا، جس میں پروفیسر حمید اللہ مرازی نے بعنوان "مابعد جدید دور میں اسلامیات: چیلنجز اور امکانات" پر محاضرہ پیش کیا۔

بزم طلبہ کے پروگرامس: سبجیکٹ ایسوسی ایشن کے بینر کے تحت طلبہ نے مختلف ثقافتی پروگرام منعقد کیے، جن میں 16 اپریل 2024، 23 اکتوبر 2024، 25 فروری 2025 اور 22 اپریل 2025 کو فریشرز مقابلہ مضمون نویسی بعنوان 'آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) کے فوائد اور نقصانات اور فیئر ویل پارٹیاں شامل تھیں۔

تحقیقی طریقۂ کار پر ورکشاپ کا انعقاد

شعبۂ سماجیات کے زیر اہتمام سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد عمل میں آیا۔تحقیقی طریقۂ کار کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ کے اختتامی اجلاس کی صدارت ڈاکٹر خواجہ محمد ضیاء الدین، صدر شعبہ نے کی۔پروفیسر انت گری، ایم آئی ڈی ایس، چینائی نے 30/اگست کو منعقدہ پروگرام کا کلیدی خطبہ پیش کیا۔پروفیسر گری نے بین موضوعاتی سماجی علوم کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی۔پروفیسر فہیم اختر ندوی، اور پروفیسر محمد شاہد نے افتتاحی اجلاس میں شرکت کی۔ڈاکٹر کے ایم ضیاء الدین نے مہمانوں اور شرکاء کا خیر مقدم کیا۔پروفیسر محمد شاہد، صدر شعبۂ سوشیل ورک، ڈاکٹر ہریندرا یم، روڈا مستری کالج آف سوشیل ورک، عثمانیہ یونیورسٹی اور ڈاکٹر سہید میو نے بھی خطاب کیا۔

معاون تولیدی ٹکنالوجی کا بے جا استعمال سماج کے لیے نقصاندہ: پروفیسر آنندیتا مجمدار

شعبہ تعلیم نسواں مانو اور سنٹر فار اسٹڈی اینڈ ریسرچ (نئی دہلی) کے اشتراک سے ''خواتین اور مادریت پر معاون تولیدی ٹکنالوجیز کے اثرات کی تلاش'' کے زیر عنوان دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔16/جنوری کو منعقدہ افتتاحی اجلاس میں آئی آئی ٹی حیدرآباد کی پروفیسر ڈاکٹر آنندیتا مجمدار مہمانِ خصوصی تھیں۔انہوں نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ معاون تولیدی ٹیکنالوجی کا بے جا استعمال سماج کے لئے نقصاندہ ثابت ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آئی وی ایف کی شروعات لاولد جوڑوں کو اولاد کی خوشی دینے کے مقصد کے لیے شروع ہوئی تھی تاہم یہ طریقۂ کار اب دنیا بھر میں ایک بڑی تجارت بن چکا ہے۔سنٹر فار اسٹڈی اینڈ ریسرچ (نئی دہلی) کے اسلامک پرسپیکٹیو ان بائیو ایتھک کی گروپ ہیڈ، ڈاکٹر عائشہ علوی نے معاون تولیدی ٹیکنالوجی کے استعمال سے سماج کو درپیش مسائل کو انتہائی سنجیدہ قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ سروگیسی کی مدد سے جنم لینے والے بچوں کے لئے ماں کی تلاش ایک مسئلہ ہے جبکہ جنم دینے والی ماؤں کو اپنے ہی بچوں کو دیکھنے بھی نہیں دیا جاتا ہے۔مذہبی اصولوں پر عمل آوری سے معاون تولیدی ٹکنالوجی کے بیجا استعمال کو روکنا ممکن ہے۔

علم سیاسیات کی فرہنگ کی تشکیل پر پانچ روزہ ورکشاپ کا انعقاد

شعبہ سیاسیات میں علم سیاسیات کی اردو اور تلگو فرہنگ کی تیاری پر پانچ روزہ ورکشاپ کا اگست میں اہتمام کیا گیا۔ یہ ورکشاپ کمیشن برائے سائنسی و تکنیکی اصطلاحات، وزارتِ تعلیم، حکومت ہند کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔

شعبہ سیاسیات میں علم سیاسیات کی اردو اور تیلگو فرہنگ کی تیاری کے پانچ روزہ ورکشاپ کا انعقاد کمیشن برائے سائنسی و تکنیکی اصطلاحات، وزارتِ تعلیم، حکومت ہند کے تعاون ہوا۔سی ایس ٹی ٹی کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر شہزاد انصاری نے کہا کہ سی ایس ٹی ٹی کے صدر نشین پروفیسر گریش ناتھ جھا کی قیادت میں کمیشن نے تمام شعبوں اور محکموں میں تکنیکی اصطلاحات کی فرہنگ تیار کیے ہیں۔شعبہ سیاسیات کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر خورشید عالم اردو اور تلگو دونوں زبانوں کے لیے ورکشاپ کے کوآرڈینیٹر تھے۔صدر شعبۂ پروفیسر افروز عالم نے تکنیکی اصطلاحات کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

پروفیسر نے شرکت کی۔ان توسیعی پروگراموں میں ''صنفی مسائل اور جرائم،خواتین کے دستوری حقوق، خواتین کی خود آگہی کی اہمیت اور تعلیم کی ضرورت و اہمیت'' کے موضوعات پر توسیعی خطبات، ڈرائنگ وپینٹنگس،شرکاء کا اظہارِ خیال'' کے ذریعے سماجی سطح پر معلومات پہنچائی گئیں اور شعور بیدار کرنے کی کوشش کی گئی۔مختلف سیشنس میں میں عام خواتین کے علاوہ کالج کے لڑکے اور لڑکیوں نے حصّہ لیا۔ پروفیسر آمنہ تحسین کے مطابق یہ پروگرامس دراصل اقوامِ متحدہ کی جانب سے عالمی سطح پر'' خواتین کے خلاف بڑھتے مظالم کے خاتمہ'' کے لیے ہر برس 25 نومبر تا 10 دسمبر (سولہ روزہ) عوام میں شعور بیدار کرنے کے مقصد سے منعقد کیے جاتے ہیں۔حکومتِ ہند کی جانب سے بھی اس بات کی بھرپور کوشش کی جاتی ہے کہ تعلیمی وسماجی سطح پر خواتین کے خلاف بڑھتے جرائم اور صنفی مسائل کو ختم کرنے کی کوششیں کی جائیں۔

تعلیم نسواں کی قومی کانفرنس

شعبۂ تعلیم نسواں، مانو اور بنات، نئی دہلی کے اشتراک سے 30 اور 31/ اکتوبر دو روزہ قومی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔کانفرنس کا عنوان ''اکیسویں صدی کا سماجی، تہذیبی اور صنفی تناظر اور اردو کا نسائی ادب'' تھا۔ یہ کانفرنس بین الاقوامی نسائی ادبی تنظیم، بنات نئی دہلی کے آٹھویں یومِ تاسیس کے سلسلے میں منعقد کی گئی۔ شیخ یاسمین باشا، آئی اے ایس، ڈائرکٹر مائناریٹیز ویلفیئر، حکومت تلنگانہ مہمانِ خصوصی تھیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ شیخ یاسمین نے اس موقع پر کہا کہ خواتین کو اپنی کہانیاں بیان کرنی چاہیے تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے یہ مشعل راہ بن سکے اور اس کی روشنی میں مستقبل میں خواتین اپنا موقف بہتر طور پر ظاہر کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ پڑھی لکھی خواتین بھی شکایت کرتی ہیں کہ ان کے گھروں میں کس طرح کی پابندیاں لگائی جاتی ہیں۔انہوں نے حدیث ''تعلیم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے'' کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے معاشرے کے لوگوں کو روشن خیال ہونا چاہیے۔انہوں نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی آراء کے اظہار میں پیچھے نہ ہٹیں۔

پروفیسر ثروت خان، جناردھن رائے ناگر ودیا پیٹھ، اودے پور، راجستھان نے کانفرنس کا کلیدی خطبہ دیا اور کہا کہ تمام مذاہب اور شاعری میں عورت کی عظمت کو تسلیم کیا

بنات کی جانب سے شائع ہونے والی کتاب کی رسم اجراء

جاتا ہے۔لیکن اصل مسئلہ ہمارے علم وعمل پایا جانے والا فرق ہے۔مہمانِ اعزازی پروفیسر اسلم جمشید پوری نے کہا کہ تنظیم بنات کے کارنامے دیکھنے اور سننے کے لائق ہیں۔ محترمہ عذرا نقوی نے اپنے چنندہ اشعار پیش کیے۔ڈاکٹر نگار عظیم، صدر بنات نے اپنے ادارے کی کارکردگی سے واقف کروایا۔ابتداء میں پروفیسر شاہدہ، ڈین اسکول برائے فنون سماجی علوم نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔بنات کی جانب سے شائع ہونے والی کتابوں کی رسم اجراء انجام دی گئی۔کانفرنس کی کنوینر پروفیسر آمنہ تحسین، صدر شعبۂ تعلیم نسواں نے کارروائی چلائی اور مہمانوں کا تعارف پیش کیا۔آخر میں ڈاکٹر تبریز حسین، شعبۂ تعلیم نسواں نے شکریہ ادا کیا۔

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز

نیٹ/ جے آر ایف (25-2024): جاری تعلیمی سال میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے تین طلباء نے یو جی سی نیٹ امتحان میں کامیابی حاصل کی جن میں سے ابصار عالم، ریسرچ اسکالر، شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے جے آر ایف حاصل کیا جبکہ محمد عرفان اور زرینہ یاسمین، ریسرچ اسکالرز، شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے نیٹ کوالیفائی کیا۔ اس موقع پر صدر شعبہ پروفیسر محمد حبیب نے انہیں مبارکباد دی۔

دوروزہ قومی سمینار: 3 اور 4 اکتوبر 2024 کو "تاریخ نویسی اور مسلمان مؤرخین: ہندوستان کے تناظر میں" کے عنوان سے دوروزہ قومی سمینار منعقد ہوا۔جس کا مقصد ہندوستانی تاریخ نویسی میں مسلمان مؤرخین کی خدمات کو متعارف کرانا اور اسلامی زاویے سے تاریخی بیانیے کے گہرے مطالعے کو فروغ دینا تھا۔

اس موقع پر کلیدی خطاب پروفیسر فرحت حسن، شعبہ تاریخ، دہلی یونیورسٹی نے دیا۔ انہوں نے ہندوستانی تاریخ میں مسلمان مؤرخین کی شراکت اور ان کے نقطہ نظر کی گہرائی پر روشنی ڈالی۔اس سمینار میں ہندوستان کی ممتاز شخصیات کی شمولیت رہی۔

پروفیسر ایس ایم عزیز الدین حسین، آنریری پروفیسر، سی یو سی ایس، مانو، پروفیسر نشاط منظر، شعبہ تاریخ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر دیپک کمار، آنریری پروفیسر، شعبہ تاریخ، افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر فضل الرحمٰن، انچارج شیخ الجامعہ، مانو نے کی۔ انہوں نے اسلامیات اور تاریخ نویسی کے میدان میں مختلف شعبوں کے اشتراک سے تحقیق کی ضرورت پر زور دیا۔

اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو نے کی۔انہوں نے تاریخ کے بیانیوں کو ایک جامع اور علمی زاویے سے از سرنو دیکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

سمینار کا اختتام علمی تحقیق اور باہمی تعاون کے ذریعے ہندوستان کی متنوع تاریخی روایات کے فہم کو فروغ دینے کی ضرورت پر جوڑ دینے کے ساتھ ہوا۔

دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس: 3 اور 4 فروری 2025 کو "ہندوستان میں بین المذاہب

پروفیسر شاہدہ، گیرتھ وین اوون، پروفیسر عامر اللہ خان اور پروفیسر دیپک کمار سوینئر کا اجرا کے دوران

اسکول برائے فنون و سماجی علوم

مانو میں ساتویں سماجی علوم کانگریس

اسکول برائے فنون و سماجی علوم، مرکز برائے مطالعات نسواں اور البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی شمولیت کے اشتراک سے یونیورسٹی کیمپس میں بین الاقوامی سماجی علوم کانگریس کا اہتمام کیا گیا۔ 26 اور 27 فروری 2025 کو منعقدہ کانگریس کا عنوان ''پائیدار ترقی کے اہداف: سماجی علوم کی نئی سرحدیں'' تھا۔ برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر برائے حیدرآباد گیرتھ وین اوون افتتاحی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول سے دنیا میں خوشحالی یقینی ہے۔ ہندوستان اور برطانیہ اپنے اپنے ملک کے ساتھ دنیا بھر میں دیرپا ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے کوشاں ہیں اور اس کے لیے عالمی سطح پر مذاکرات کر رہے ہیں۔ گیرتھ وین اوون اپنے خطاب میں مزید کہا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب دنیا کی ہر لڑکی کو معیاری تعلیم میسر کروائی جائے۔ آج دنیا کو غربت، فاقہ کشی، اور ماحولیاتی تبدیلی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے معزز رکن پروفیسر عامر اللہ خاں نے اپنے کلیدی خطاب میں پائیدار ترقی کے اہداف: سماجی علوم کی نئی سرحدوں سے متعلق انتہائی اہم سوالات کی نشاندہی کی۔ انہوں نے گزشتہ صدی کے 80 اور 90 کی دہائی میں رونما ہوئے حیرت انگیز ترقی اور اُس کی تیز رفتاری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کی آدھی آبادی اس ترقی کا حصہ بن گئی ہے لیکن اب بھی دنیا کی ایک چوتھائی آبادی کو غذا میسر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2015 تک ملینیم ڈیولپمنٹ گول کے حصول کا ہدف رکھا تھا لیکن یہ ممکن نہیں ہو پایا ہے اور اب ہم نے سال 2030 تک ایس ڈی جیز یعنی پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کا ٹارگیٹ رکھا ہے۔ شعبہ تاریخ کے اعزازی پروفیسر، پروفیسر دیپک کمار نے اپنے صدارتی خطاب میں ایس ڈی جیز کیلئے سیلف ڈیولپمنٹ پر زور دیا۔ کانگریس کی کنوینر، ڈین پروفیسر شاہدہ تھیں۔

مانو، میں جلسہ تقسیم انعامات سے پروفیسر عامر اللہ خان، پروفیسر اشتیاق احمد و دیگر کا خطاب

مرکز برائے مطالعات نسواں و شعبہ تعلیم نسواں کے اشتراک سے مارچ 2025ء میں جلسہ تقسیم انعامات کا انعقاد عمل میں آیا۔ ماہر معاشیات و تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے معزز رکن پروفیسر عامر اللہ خان نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مہذب و ترقی یافتہ سماج میں صنف کی بنیاد پر امتیاز کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ جن ممالک میں خواتین کو اُن کے حقوق میسر ہیں وہ ممالک دنیا میں ترقی یافتہ ہیں۔ یاد رہے کہ عالمی یوم خواتین 2025 کے ضمن میں یونیورسٹی طلبہ کے لیے ''تمام لڑکیوں اور خواتین کے لئے: حقوق، مساوات اور بااختیاری'' عنوان کے تحت تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان مقابلوں میں طلبا کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ کو اردو، ہندی اور انگریزی زمرے کے تحت اول اور دوم انعامات سے نوازا گیا اول انعام پندرہ سو اور ایک سند جبکہ دوم انعام ایک ہزار روپیے اور ایک سند پر مشتمل تھا۔ اردو زبان کے زمرے میں قانون کے طالب علم مسٹر عابد رضا اول، اردو پی ایچ ڈی کے اسکالر مسٹر محمد سلمان دوم، ہندی میں بی اے سال سوم کی طالبہ عالیہ ناز اول، ایم ایس سی فزکس کی طالبہ، اپراجیتا آنند دوم، جبکہ انگریزی میں لا کی اسٹوڈنٹ مس ماریہ سوری اول، ایم اے انگلش کی طالبہ فرہین غفار سندی نے دوم انعام حاصل کیا۔ اس موقع پر قومی سطح پر یو جی سی جے آر ایف میں اول مقام حاصل کرنے والی یونیورسٹی کی ہونہار طالبہ انعم ظفر کو بھی تہنیت پیش کی گئی۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بطور مہمان اعزازی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کے طلبہ ریاستی، زونل اور قومی سطح کے مختلف مقابلوں اور پروگراموں میں حصہ لے کر شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے انعامات حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ یونیورسٹی اپنے موجودہ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن صاحب کی قیادت میں ترقی کی سمت گامزن ہے جس کی مثال قومی سطح کے مقابلوں میں یونیورسٹی کے طلباء کی نمائندگی اور کامیابی ہے۔ شعبہ تعلیم نسواں کی صدر ڈاکٹر شبانہ کیسر نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ پروفیسر شاہدہ نے صدارتی خطاب کیا۔

مانو اور مائی چوائز فاؤنڈیشن کے اشتراک سے خواتین کے خلاف جرائم کی روک تھام پر شعور بیداری پروگرامس

شعبۂ تعلیم نسواں، مانو اور مائی چوائز فاؤنڈیشن کے اشتراک سے خواتین کے خلاف جرائم کی روک تھام پر حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں شعور بیداری پروگرامس منعقد کیے گئے۔ اس سلسلے میں 25 نومبر تا 10 دسمبر 2024 (سولہ روزہ) پروگرامس حیدرآباد کے مختلف علاقوں جیسے، چارمینار، شاہ علی بنڈہ، مغل پورہ، قلعہ گولکنڈہ وغیرہ منعقد کیے گئے۔ جس میں پروفیسر آمنہ تحسین، صدر شعبۂ تعلیمِ نسواں اور ڈاکٹر شبانہ کیسر، اسوسی ایٹ

آرہا تھا تو اُس وقت ان کے خدمات کو حاصل کیا جارہا ہے تھا۔

Centre for Women's Studies, Gulberga میں بطور ریسرچ آفیسر سال 1991 سے 1995 تک خدمات انجام دیں۔ یہاں انہوں نے گلبرگہ یونیورسٹی کے اس مرکز کے تحت The Girl-Child and the family. Action Research Project پر تحقیق کرکے ایک بہترین رپورٹ مرکزی حکومت کے وزارت فروغ انسانی وسائل کو پیش کیا۔ اس دوران انہیں اپنی ڈائرکٹر کے ہمراہ رپورٹ کے اہم نکات کو اُس کے وقت کے فروغ انسانی وسائل کے مرکزی وزیر ارجن سنگھ اور اعلیٰ عہدیداروں کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملا۔ اس رپورٹ کی بنیاد پر مرکزی سطح پر خواتین واطفال کی بہبود کے لئے پیشرفت ہوئی۔ اس پروجیکٹ کی اہمیت وافادیت اس لیے بہت زیادہ تھی کہ اس کو 7 ممالک نے اپنایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ کا دائرہ 6 دیہی اور 2 شہری علاقوں پر مشتمل تھا۔

National Degree College, Gulbarga میں بھی 1996 سے 2003 تک بطور پرنسپل خدمات انجام دیتے ہوئے یہاں پر درس وتدریس کے ساتھ ساتھ اچھے طریقے سے انتظامی اُمور کو سیکھنے کا موقع ملا۔

بیجاپور ویمن یونیورسٹی میں مطالعات نسواں کا شعبہ بھی شروع کرنے کا سہرا انہی کے سر جاتا ہے۔ یونیورسٹی کے انچارج وائس چانسلر پروفیسر جامدار کی ایماء پر وہ بیجاپور ویمن یونیورسٹی سے وابستہ ہوئیں۔ وہ چاہتے تھے کہ پروفیسر شاہدہ کی نگرانی میں شعبہ مطالعات نسواں شروع ہو۔ لیکن وہ بہت قلیل مدت ہی یہاں پر خدمات انجام دے سکیں۔

پھر سال 2004 میں اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم نسواں سے مستقل طور پر وابستہ ہوئیں۔ مانو میں وہ اسوسی ایٹ پروفیسر، پروفیسر، صدر شعبہ، ڈین ودیگر عہدوں پر خدمات انجام دیتے ہوئے ایک منفرد چھاپ چھوڑی ہیں۔ ان کی نگرانی میں 17 اسکالرز نے ایم فل اور 8 اسکالرز نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔ میرے ایک قریبی دوست نے انکی نگرانی میں ایم فل کی ڈگری تکمیل کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک استاد کی حیثیت سے یہ بہترین رہنمائی کرتی ہیں تو اُس سے بھی کہیں زیادہ ایک ماں کی طرح اپنے شاگردوں کے ساتھ مادرانہ شفقت ومحبت سے پیش آتی ہیں۔ ایک ماہر بشریات Anthropologist ہونے کے ناطے وہ طلبہ کو بہترین انداز سے سمجھ لیتی ہیں۔ طلبہ کو آگے بڑھنے کی راہ فراہم کرتی ہیں۔ قابل غور بات یہ ہے کہ انہوں اردو یونیورسٹی سے وابستہ ہونے سے قبل 3 مختلف یونیورسٹیوں میں اپنی خدمات انجام دیں ہیں۔

ملکی اور غیر ملکی سفر: پروفیسر شاہدہ ایک اسکالر اور استاد کی حیثیت سے ملک کے مختلف مقامات اور بیرون ملک دورہ چکی ہیں۔ انہوں نے Friedrich- Ebert- Stiftung کی دعوت پر جرمنی کا دورہ کرتے ہوئے جرمنی میں مختلف بین الاقوامی سمیناروں میں شرکت کی اور اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے۔ اس کے علاوہ انہوں نے دومرتبہ امریکہ کا دورہ کیا۔ پروفیسر شاہدہ عالمی سطح پر مطالعات نسواں کو لیکر اپنی ایک منفرد شناخت رکھتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں عالمی سطح کے کئی ایک پروگراموں میں بطور ریسورس پرسن یا کلیدی خطبے کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔

پروفیسر شاہدہ کے کئی ایک تحقیقی مقالے بین الاقوامی اور قومی جرنلس میں نمایاں طور پر شائع ہوچکے ہیں۔ جبکہ وہ چھ کتابوں کی مصنفہ ہیں۔ اس کے علاوہ کئی ایک تحقیقی رسالوں کے ایڈیٹوریل بورڈ کی رکن ہیں۔

ازدواجی زندگی: پروفیسر شاہدہ کی شادی سال 1992 میں جناب امیر باشاہ کے ساتھ ہوئی۔ پروفیسر شاہدہ کہتی ہیں کہ ورکنگ ویمن کیلئے سماج میں دوہری ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ پروفیشن پر بھی توجہ دیں اور اُمور خانہ داری بھی انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی گھر کی تربیت نے اُمور خانہ داری کو بحسن خوبی انجام دینے کا گُر سکھایا یہی وجہ ہے کہ وہ اُمور خانہ داری میں بھی ایک بہترین شریک حیات، بہترین ماں کا رول نبھانے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ انہیں ایک بیٹی ڈاکٹر شائستہ صدف اور ایک بیٹا محمد طٰہٰ شرجیل ہیں۔ دونوں کو معیاری اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا ہے۔ پروفیسر شاہدہ کہتی ہیں کہ ان کے شوہر اب اس دنیا میں نہیں ہیں لیکن اُن کی خوبصورت یادیں ہمیشہ اُن کے ساتھ رہتی ہیں۔

بچپن کی دلچسپ یادیں: پروفیسر شاہدہ کہتی ہیں کہ اُن کا بچپن ایک انتہائی خوشگوار اور حسین ماحول میں گزرا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ اُن کے گھر کے اطراف ہندوؤں کے مکانات تھے۔ لیکن کبھی بھی یہ احساس نہیں ہوا کہ ایک دوسرے کا مذہب جُدا جُدا ہے بلکہ سب بچے خوشی خوشی ایک دوسرے کے عید وتہوار میں جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا کرتے تھے۔ عید وتہواروں کے موقع پر ایک دوسرے کے گھر کے پکوان آپس میں مل کر کھایا کرتے تھے۔ وہ کہتی ہیں کہ عید کی سیویاں اپنے پڑوسیوں کو دیتے تھے اور پڑوسیوں سے بھی تہوار کے لذیز پکوان آیا کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بچپن سے ہی ان کے پاس تہذیبی یکجہتی کی قدردانی پروان چڑھی۔

درس وتدریس اور تحقیق کے علاوہ انہیں شعر وسخن سے بھی شغف ہے۔ سماج کے حساس مسائل کو اپنے قلم کی روشنی کے ذریعے اجاگر کرتی رہیں۔ پروفیسر شاہدہ بتاتی ہیں کہ انہیں یہ شوق طالب علمی سے ہی ہے۔ شعر اِن تخلص رہا ہے۔ ان کا نمونہ کلام

''مسجدیں اب تو صنم خانے ہوئے جاتے ہیں　　میں پھر خلیل کو ہر دل میں جگہ دوں، تو چلوں
بِک چکا دھرم، بِکا جاتا ہے ہر نفس یہاں　　عصر حاضر تیرا کردار سنواروں، تو چلوں''

رواں سال پروفیسر شاہدہ وظیفہ حُسن خدمات پر سبکدوش ہورہی ہیں۔ انہوں نے اپنے مستقبل کے بارے میں کہا کہ اللہ تعالیٰ اگر انہیں اسی طرح تندروست رکھا تو وہ تعلیمی اور تحقیقی سرگرمیوں بشمول سماجی اور اصلاحی کام سے جڑی رہیں گی جو ان کے دل سے بہت قریب ہے۔ پروفیسر شاہدہ نے کہا کہ انسان کہلانے کا حقدار وہی ہے جو انسانیت کی قدر کرتا ہے۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ وہ اپنے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہیں کیونکہ اس نے اُنھیں مہذب پیشے پر فائز کرکے انسانیت کی خدمات کا کام لیا۔

جہاں پر کوئی بھی شہری چاہے وہ غریب، مزدور، کسان ہو وہ اپنے مسائل کو لے کر رجوع ہوسکتا ہے۔ان مسائل کو پہلے لاء کے اسٹوڈنٹس دیکھتے ہیں پھر لاء کی فیکلٹی سے مشورہ ہوتا ہے اور اس کے بعد ضرورت پڑنے پر ہم لیگل ایڈ کے لئے ڈسٹرکٹ کورٹ میں اس معاملے کو ریفر کردیتے ہیں۔

سوال: موٹ کورٹ اور دیگر عملی مشقوں کا کیا نظام ہے؟

پروفیسر تبریز: مانو لاء اسکول کے لیے ہم نے انتہائی عصری سہولیات کے ساتھ ایک بہترین موٹ کورٹ ہال تیار کیا ہے۔ جو کہ اٹارنی جنرل آف انڈیا کے نام سے معنون ہے۔بچوں کو پریکٹس کروانے ہم نے دیگر لاء اسکول کے موٹ کورٹ کے ساتھ مقابلہ کروایا۔ایسے ہی قومی سطح پر مختلف لاء اسکولس کے موٹ کورٹ کے ساتھ ایک مقابلے کا انعقاد عمل میں آیا۔جس میں ہندوستان بھر کے تمام لاء اسکولس سے تقریباً 100 طلبہ نے حصہ لیا اور اس نیشنل موٹ کورٹ مقابلوں میں جسٹس چلمیشور جج تھے۔اور بقیہ ہائی کورٹ کے ججوں نے جج کے فرائض انجام دئے۔

سوال: کیا یونیورسٹی کا عدالتوں یا قانونی اداروں کے ساتھ کوئی اشتراک ہے؟

پروفیسر تبریز: مانو لا اسکول نے ابھی لیگل ایڈ اتھارٹی اور دسٹرکٹ کورٹ تلنگانہ کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جو ہمارے لاء کے اسٹوڈنٹس کی مدد کریں گے۔اس کے علاوہ لیگل ایڈ کلینک کے انعقاد کے لیے بھی تعاون حاصل کیا گیا ہے۔مستقبل میں مانو لاء اسکول مختلف لاء فرمس کے ساتھ معاہدہ کر کے مانو لاء اسکول کے اسٹوڈنٹس کو انٹرنشپ کے لیے مواقع فراہم کرے گا۔

پروفیسر شاہدہ علم وبصیرت اور محبت کا روشن چراغ

ڈاکٹر تبریز حسین فیکلٹی شعبہ تعلیم نسواں

پروفیسر شاہدہ مرتضیٰ کا شمار مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے سینئر اساتذہ میں ہوتا ہے۔ اِن کا تعلق علم وادب کے مرکز محبوب نگر سے ہے۔اپنے 35 سالہ تدریسی خدمات انجام دینے کے بعد اگست 2025 میں وظیفہ حُسن خدمات پر سبکدوش ہورہی ہیں۔اس حوالے سے یونیورسٹی کی میگزین الکلام کے لئے خاص طور پر لیا گیا انٹرویو پیش خدمات ہے۔

پروفیسر شاہدہ کا تعلق ریاست تلنگانہ کے علمی وادبی مرکز یعنی محبوب نگر ضلع مستقر سے ہے۔پروفیسر شاہدہ کا جنم محبوب نگر کے ایک تعلیمی گھرانے میں ہوا۔اُن کے والد جناب محمد مرتضی ہائی اسکول میں ریاضی کے اُستاد تھے۔انہیں پروفیسر شاہدہ کے بشمول 8 بیٹیاں اور 5 بیٹے تھے۔جناب محمد مرتضی اپنی والدہ کے اکلوتے بیٹے تھے وہ ابھی مادر رحم میں ہی تھے کہ اِن کے والد اس دارفانی سے کوچ کر چکے تھے۔پروفیسر شاہدہ نے راقم الحروف سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے خاندانی پس منظر پر روشنی ڈالی تو یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ اُن کے والد اور پھر اُن کے بہن بھائیوں کی تعلیم میں اُن کی دادی ماں کا کردار انتہائی اہم اور کلیدی رہا ہے۔کیونکہ ان کے بشمول تمام آٹھ کی آٹھ بہنیں اعلی تعلیم حاصل کر کے سماج میں اعلی عہدوں پر فائز ہیں۔پروفیسر شاہدہ مرتضیٰ کا خاندان اس لیے بھی مثل اور مشعل راہ ہے کیونکہ ان کے خاندان میں لڑکیوں کی تعلیم کو اہمیت ایسے وقت میں دی گئی جب ہمارے معاشرے میں دور، دور تک لڑکیوں کی اعلی تعلیم کا تصور بھی ممکن نہیں تھا۔پروفیسر شاہدہ کی بڑی بہن نے اُس وقت حیدرآباد میں رہ کر شعبہ طب یعنی ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی۔

پروفیسر شاہدہ ابھی چھٹویں جماعت میں زیر تعلیم تھیں کہ ان کے والد جناب محمد مرتضی کا انتقال ہوگیا۔لیکن ان کے بڑے بھائیوں نے کبھی والد کی کمی کا احساس ہونے نہیں دیا بلکہ تمام بہنوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں انتہائی سنجیدگی اور پدرانہ ہمدردی کا بہترین مظاہرہ پیش کیا۔محترمہ شاہدہ کی اسکول سے لیکر گریجویشن تک کی تعلیم محبوب نگر ضلع مستقر پر ہی ہوئی۔قابل غور بات یہ ہے کہ انہوں نے انٹرمیڈیٹ تک اردو میڈیم میں تعلیم حاصل کیں۔اس کے بعد ایم وی ایس ڈگری کالج سے بی ایس سی، بی زیڈ سی کیا۔یہ اُن دنوں کی بات ہے جب گریجویشن میں مسلم لڑکیوں کی تعداد بہت مختصر ہوا کرتی تھی۔

اپنے گھر کے ماحول کے بارے میں پروفیسر شاہدہ بتاتی ہیں کہ تعطیلات میں بھی گھر میں کتابوں کے مطالعے کا مشغلہ عام تھا۔تمام بھائی بہن پڑھائی میں مصروف رہتے۔تعلیم پر ہی اکثر گفتگو ہوا کرتی تھی۔بی ایس سی کی تکمیل کے بعد بڑی بہن کے گھر ہبلی (کرناٹک) چلی گئیں۔پروفیسر ایس پی سری واستو کی رہبری اور ایماء پر انہوں نے ہبلی میں ایم ایس سی (بشریات,Anthropology) کیا۔Anthropology کے مضمون نے اِن کی زندگی پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔اس مضمون کا مطالعہ انکی شخصیت میں کئی ایک تبدیلیوں کا باعث بنا۔صرف لوگوں کی زندگیوں کو دیکھنے سمجھنے کا موقع ہی نہیں بلکہ انسانوں کے دُکھ درد کو سمجھنے اور اُس کے حل کی سعی کرنے کے قابل بنایا۔دوران تعلیم قبائلیوں، ایس سی طبقات، پسماندہ طبقات اور مسلمانوں کے مسائل کو قریب سے جاننے کا موقع ملا۔پھر کرناٹک یونیورسٹی دھاڑواڑ سے Anthropology میں ہی پروفیسر پربھا مہالے کی نگرانی میں خواتین سے متعلق انتہائی حساس موضوع پر پی ایچ ڈی کی۔دوران پی ایچ ڈی ہی اِن کے اساتذہ نے ان کے اندر موجود صلاحیتوں کو بھاپ لیا تھا۔اسی لئے انہیں ICSSR کے مالی اعانت والے ایک بڑے پروجیکٹ میں ریسرچ اسوسیٹ کے طور پر ان کی خدمات سے استفادہ کیا۔یہ پروجیکٹ کرناٹک میں دیواسیوں کی زندگیوں کے مطالعے سے متعلق تھا۔یہاں سے شروع ہوا پروفیسر شاہدہ کا ریسرچ کا سفر جواب بھی جاری ہے۔انہوں نے سماجی مسائل خاص کر خواتین کے ایشوز پر اپنی توجہ مرکوز کی۔یہ کہنا کوئی مبالغہ آرائی نہیں ہوگا کہ پروفیسر شاہدہ کا شمار ملک میں تعلیم نسواں کے بانیان میں ہوتا ہے۔کیونکہ جب اعلی تعلیم اداروں میں شعبہ مطالعات نسواں کا قیام عمل میں

مانو میں لاء کورس شروع کرنے کا مقصد یہی تھا کہ مدرسے کے ان بچوں کو ایک پلیٹ فارم دیا جائے تا کہ یہ بچے بھی لا میں اپنا کیریئر بنا سکیں۔اس کی فیس وغیرہ بھی بہت ہی کم رکھی گئی ہے لیکن یہاں کا معیار اور انفراسٹرکچر بہترین ہے اور یہ ملک کے نیشنل لا یونیورسٹی کے مساوی ہے۔ یہاں ساری سہولتیں دستیاب ہیں مانو کے طلبہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں لاء کی مہارت حاصل کر رہے ہیں۔ ہمارے یہاں کلچر ہے کے لڑکیاں لا میں نہیں جاتی ہیں اور مولانا لوگ بھی اس میں داخلہ نہیں لیتے تھے۔ان کو لگتا تھا کہ یہ فیلڈ ان کے لیے مناسب نہیں۔ یہاں پر یہ وضاحت ضروری ہے کہ قانون دو طرح کا ہوتا ہے۔لیٹیگیشن اور نان لیٹیگیشن۔اس طرح پریکٹس بھی دو طرح کی ہوتی ہے لیٹیگیشن اور نان لیٹیگیشن۔دوسرے جو آج کل نان لیٹیگیشن کمپلائنس ورک ہیں اس میں کوئی آپ کو جھوٹ سے کوئی چکر نہیں ہے۔آپ کو لیگل ورک کرنا ہے۔کسی کو کوئی کمپنی بنانی ہے آپ کے پاس آئے گا تو آپ کو اس کا ڈاکیومنٹ ورک کرنا ہوگا۔ایسے ہی انوائرنمنٹ کے کمپلائنس ہیں۔اس میں ضروری ہے کہ کوئی نیا قانون آتا ہے تو اس کی بھی پاسداری کرنا ہوتا ہے۔ہمارے پاس آؤٹ یہ کام بھی آسانی سے کر سکتے ہیں۔

اس طرح ایک اور غلط فہمی یہ تھی کہ خواتین بھی کریمنل کورٹ میں جا کر کیسے پریکٹس کریں۔کیونکہ وہاں پر کریمنلس کا آنا جانا رہتا ہے۔لیکن میں یہ بتانا چاہوں گا کہ خواتین لاء کرنے کے بعد جج بن سکتی ہیں اور وہ لا فرم میں کام کر سکتی ہیں، وہ کسی کمپنی کے لیگل آفس سے جڑ سکتی ہیں۔خواتین کی اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے مانو لا اسکول نے ایک بہت اچھا قدم اٹھایا ہے۔ہم عزت مآب شیخ الجامیہ پروفیسر سید عین الحسن کے شکر گزار ہیں کہ ان کی وجہ سے یہ شروع ہو پایا۔

سوال: مانو لا اسکول کی خاص باتیں کیا ہیں اور کیسے اسے دیگر یونیورسٹی سے الگ بناتی ہیں؟

پروفیسر تبریز: مانو لا اسکول کی خاص بات ہے کہ مانو لا اسکول میں جو لیگل فوکس ہے وہ ایپلیکیشن بیسڈ فوکس ہے کہ یہ بچے یہاں جو پڑھیں گے، ان میں جس طرح سے مارکیٹ کی ضرورتیں ہے اس طرح سے ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے پر توجہ دی جاتی ہے۔اسکلنگ بیسڈ ماڈل ہے جس میں طلبہ کو ایکٹیوٹیز سکھائی جاتی ہے۔ ہمارے یہاں کافی کمیٹیز ہیں جیسے لیگل ایڈ کلینک بھی ہم نے شروع کیا ہے۔موٹ کورٹ کا آغاز کیا ہے۔جس کا افتتاح اٹارنی جنرل آف انڈیا نے خود کیا۔ہم نے ابھی ایک بین الاقوامی کانفرنس کروائی جس میں دنیا کے مختلف گوشوں سے ماہرین نے شرکت کی ہے۔ ہمارے ہاں ایک اے ڈی آر سنٹر ہے، جس میں طلبہ کو ان کے پانچ اور تین سال کے کورس کے دوران ترغیب دلائی جائے گی۔اور ان کے اندر مخفی صلاحیتوں کو نکھارا جائے گا۔اسی لیے ہمارا جو ٹیچنگ کا پیٹرن ہے وہ ایپلیکیشن بیسڈ ہے کیس بیسڈ ہے۔اس کے علاوہ ہمارا جو امتحانی طریقۂ کار ہے وہ 50 نمبرات کا انٹرنل ہوتا ہے 50 نمبرات کا اسسمنٹ ماڈل پر مرکوز ہے۔جس میں طلبہ کو پراجیکٹ لکھنے یا پھر کسی علاقے میں ٹوریل کی ذمہ داری دی جاتی ہے۔اس کے بعد طلبہ جی سی ٹی 1 ایگزام دیتے ہیں۔ مڈ سمسٹر دیتے ہیں۔ چار کمپونٹ کے بعد پھر اینڈ سمسٹر امتحانات لیے جاتے ہیں۔گروپ ایکٹیوٹی ہوتی ہے اس کے ساتھ ٹوٹوریل بھی شامل ہوتا ہے۔طلبہ کی انٹرنشپ کروائی جاتی ہے۔ ہر برس ایک طالب علم کو چار سے چھ ہفتے کی انٹرنشپ کرنا ضروری ہے۔

اس کے علاوہ ہر سمسٹر کے بعد گرانڈ viva ہوتا ہے۔اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک سمسٹر جو مکمل ہوتا ہے تو اس کی پوری جانکاری ہونی چاہیئے۔

سوال: اردو میڈیم میں قانون کی تعلیم دینے کے کیا چیلنجز ہیں؟

پروفیسر تبریز: اردو زبان میں قانون کی تعلیم کا سب سے بڑا چیلنج اردو میں نصابی مواد کی عدم دستیابی ہے۔اس لیے ہمارے اساتذہ بچوں کو کلاسس کے علاوہ معلوماتی مواد بھی فراہم کرتے ہیں جس میں اردو کے ساتھ ہی انگریزی کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔ کمرۂ جماعت میں بھی اردو میں لیکچر ہوتا ہے ساتھ ہی انگریزی کا بھی خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ مدارس کے بچوں کے لیے اردو میں کلاس ہوتی ہے اور دیگر طلبہ کی سہولت کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔

چوں کہ سارے اساتذہ اردو جانتے ہیں، اسی لیے وہ طلبہ کو بہتر طور پر سمجھا سکتے ہیں۔اصل مسئلہ نئی کتابوں کا اور نئے کیسس کا ہے۔ جو کہ سارے کے سارے انگریزی میں ہوتے ہیں۔اردو میں لاء کی تعلیم کا بڑا چیلنج ٹیکسٹ بک، اور اسٹڈی میٹیریل کی اردو میں فراہمی کا ہے۔اس ضمن میں بھارتی بھاشا پروجیکٹ، یو جی سی کے تحت کام چل رہا ہے۔لاء کی کتابیں اردو میں بھی لکھی جا رہی ہیں۔اردو میں قانون کی کچھ کتابیں پاکستان سے شائع ہوئی ہیں۔ان کو بھی حاصل کرنے کے لیے ہم کوشاں ہیں۔

سوال: کیا اردو میں تمام قانونی اصلاحات کو سکھایا ممکن ہے؟

پروفیسر تبریز: قانون کی پڑھائی اسکلڈ بیسڈ ہے نہ کہ زبان پر مبنی۔ ہاں، زبان اس میں ایک بہت اہم کردار ادا کرتی ہے، اگر طلبہ اردو سے واقف ہیں اور انگریزی سیکھ لیتے ہیں تو ان کے لیے یہ بہت فائدہ مند ہوگا۔انہیں محنت زیادہ کرنی پڑے گی۔لیکن طلبہ جتنی زیادہ زبانیں جانیں گے ان کو اتنا ہی فائدہ ہوگا۔

ٹیچنگ کرنے میں فیکلٹی کو زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے کیوں کہ کچھ طلبہ انگریزی میڈیم کے ہوتے ہیں اور کچھ اردو کے جو ایک ٹیچر کے لیے بڑا چیلنج ہے کہ وہ ہر دو طلبہ کو ایک ساتھ تعلیم دے۔

سوال: قانون کی تعلیم حاصل کر رہے طلبہ کو پریکٹکل ٹریننگ دینے کے لیے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں؟

پروفیسر تبریز: پریکٹکل ٹریننگ کے لیے ہمارے پاس لیگل ایڈ کلینک ہے۔طلبہ شام میں اس سے استفادہ کرتے ہیں۔مقامی ڈسٹرکٹ کورٹ کے ساتھ ہم نے ایک معاہدہ کیا ہے ان کے تعاون سے ہم طلبہ کو اس لیگل ایڈ کلینک میں پریکٹس کا موقع فراہم کرتے ہیں

صاحب کی رہنمائی اور دیگر اساتذہ کی رہبری کے سبب میں نے اپنے مستقبل کے متعلق ایک واضح فیصلہ کرلیا کہ مجھے بی ایڈ کے بعد ایم ایڈ کرنا ہے اور یو جی سی کے قومی اہلیتی امتحان NET کے لیے بھی میں نے تیاری شروع کردی۔ سال 2023ء میں الحمدللہ میں نے بی ایڈ کامیاب کرلیا۔ یہاں پر میں ایک اور بات بتادوں کہ بی ایڈ کی تعلیم کے دوران ہی میری شادی کے لیے رشتہ آیا۔ لڑکا فارمیسی پڑھا ہوا تھا۔ میری والدہ نے ایک ہی شرط رکھی کہ لڑکی کو تعلیم جاری رکھنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ اسی شرط پر میری شادی ہوگئی۔

سوال: شادی کے بعد آپ کی تعلیم کا سلسلہ کیسے جاری رہا؟

انعم: جب میں ابھی بی ایڈ کا کورس کررہی تھی تو میرے لیے رشتہ آگیا تب میں اور میری والدہ نے یہ شرط رکھی کہ شادی کے بعد بھی میرے تعلیمی سلسلے کو جاری رکھنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ اور جب میرے سسرال والوں نے یہ شرط مان لی تو بی ایڈ کی تعلیم کے دوران ہی میری شادی ہوگئی۔ میری ماں نے میری شادی کو اپنی حیثیت سے بہتر انداز میں انجام دیا۔ اللہ کا کرم یہ رہا کہ میرے شوہر اور ان کے والدین بھی میرے ساتھ تعاون کررہے ہیں۔ جس کی وجہ سے میں بی ایڈ کی تکمیل کے بعد ایم ایڈ بھی کررہی ہوں۔

سوال: اپنے شوہر کے بارے میں کچھ بتائیں؟

انعم ظفر: میرے شوہر بی فارما ہیں اور ہائی ٹیک سٹی، حیدرآباد کی ایک فارماسیوٹیکل کمپنی میں ملازم ہیں۔ یہ حسن اتفاق ہی تھا کہ ان کو نوکری حیدرآباد میں ملی اور مجھے ایم ایڈ کرنے کے لیے سیٹ بھی مانو کے حیدرآباد کیمپس میں ہی ملی۔ یوں ہم دونوں دربھنگہ، بہار سے آکر شہر حیدرآباد کے لنگم پلی علاقے میں رہنے لگے۔

سوال: جے آر ایف JRF کے لیے آپ نے کیا محنت کی؟

انعم ظفر: جے آر ایف میں میری کامیابی میری محنت کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ پچھلی مرتبہ بھی میں نے NET کا امتحان لکھا تھا اور صرف چند ہی مارکس سے میں نے مس کردیا تھا۔ اس لیے مجھے اس بار یقین تھا کہ میں جونئر ریسرچ فیلو کسی حال بھی حاصل کرلوں گی۔ لیکن میری ماں کی دعاؤں اور اللہ کے کرم سے مجھے آل انڈیا فرسٹ رینک مل گیا۔

سوال: اپنی کامیابی پر آپ کتنی خوش ہیں؟

انعم ظفر: میں آج جو بھی خوشی کے دن دیکھ رہی ہوں وہ میری ماں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ اصل میں میری خوشی تب ہوگی جب میں اپنی والدہ کے چین و آرام کا سامان مہیا کرواسکوں۔ کیوں کہ میری ماں نے اپنی زندگی کے ہر آرام کو قربان کرکے مجھے پروان چڑھایا۔ اعلیٰ تعلیم دلوائی اور پھر میری شادی کروائی۔ جب میں ان کے آرام کا سامان کروں وہ دن میری زندگی کا سب سے خوشی کا دن ہوگا۔

سوال: اردو یونیورسٹی کے طلبہ کے لیے آپ کا پیغام کیا ہے؟

انعم ظفر: اردو یونیورسٹی کے طلبہ احساس کمتری کا ہرگز شکار نہ ہوں۔ منصوبہ بند انداز میں تعلیم پر توجہ مرکوز کریں۔ محنت کریں، اساتذہ کے مشوروں کو گرہ میں باندھیں۔ انگریزی میں مہارت حاصل کریں۔ پھر منزل سے آپ کو کوئی نہیں روک سکتا ہے۔

پروفیسر تبریز احمد، ڈین لاء اسکول سے انٹرویو

محمد اکمل ہدیٰ، ایم اے ایم سی

سوال: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں لا اسکول کے قیام کا مقصد کیا ہے؟

پروفیسر تبریز احمد: جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہندوستان میں جو قانون ہے وہ مختلف ملکوں کے قوانین سے اخذ کردہ ہے۔ ہندوستان ایک وقت میں برٹیش چھاونی تھا، انگریز ہندوستان آئے تو وہ اپنا لیگل سسٹم بھی یہاں لے کر آئے۔ اسی لئے ہندوستان میں کامن لا کا ماڈل چل رہا ہے، تو دیکھا جائے تو ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی جو زبان ہے وہ بھی انگریزی ہے، لیکن ڈسٹرکٹ کورٹ میں کیا ہوتا ہے کہ زیادہ تر یہ لوکل لیول پہ ہوتا ہے تو ہندی، انگریزی یا جو لوکل زبان ہوتی ہے وہ اثر انداز ہوتی ہے۔ ایسے طلبہ جو مدرسے سے پڑھے ہوئے ہیں یا اردو میڈیم سے پڑھے ہوئے ہیں ان کے پاس کوئی ایسا پلیٹ فارم نہیں تھا کہ وہ لا کرسکتے تھے۔ لیکن اب مانو، لا اسکول ایک پل کی صورت بن گیا ہے۔ سال 2010 کا ایک ریگولیشن ہے منسٹری آف لیبر کے اس ریگولیشن میں مدرسوں کی کچھ ڈگری کو انہوں نے دسویں و بارہویں کے لئے مساوی قرار دیا ہے۔ اسی کو بنیاد بنا کر ہم لوگ بھی لاء میں ان بچوں کو داخلہ دیتے ہیں اگر وہ ہمارا ٹیسٹ پاس کرتے ہیں۔ ان بچوں کے لئے ہندوستان میں ایسا کوئی پلیٹ فارم نہیں تھا۔ ایک لحاظ سے انکے لئے فائدہ بھی ہے کیوں کی بہت سے پرانے ججمنٹ جو مغلوں کے زمانے میں نظام کے زمانے میں اردو میں لکھے ہوئے ہیں، تو ایسے بھی اگر کوئی پرانی دستاویز، کوئی ریسرچ ورک ہو، کچھ نقل کرنا ہوتا ہے تو ایک وکیل کو اسکا ترجمہ کرنا پڑتا ہے اردو سے انگریزی میں۔ تو ہمارے بچوں کے لئے فائدہ کی بات ہوگی کیوں کہ جب وہ قانونی تعلیم حاصل کررہے ہوں گے انکو تو اردو و انگریزی دونوں زبانوں میں تعلیم دی جائے گی۔ لیکن تین و پانچ سال کے اندر جب وہ پاس آوٹ ہوکر مارکیٹ میں جائیں گے پریکٹس چاہے انگریزی میں کرنی ہو، انگریزی سے اردو میں کچھ ترجمہ کرنا ہو یا اردو سے انگریزی میں وہ ساری چیزیں کر پائیں گے۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے فیملی لا زاور پرسنل لا زکی بنیاد قرآن، حدیث وغیرہ ہے تو اس سے جڑے سارے مسائل سے وہ واقف ہوتے ہیں۔ عام طور پر جو فیملی لا زمیں مہارت رکھتے ہیں انہیں دین، فقہ کے بارے میں معلومات نہیں ہوتیں۔ تب ان کا انٹرپریٹیشن صحیح نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ اس کی گہرائی میں جانہیں پاتے ہیں۔ اب اگر مدرسے کے بچے جو عالم فاضل ہیں جنہیں پوری اسلامی حدیث فقہ پتہ ہے، یہ بچے جب فیملی لا زمیں اسپیشلائز کریں گے تو آگے جانے کے بعد یہ بہت اچھے سے فیملی لا زکو سمجھ پائیں گے اور آرگیومنٹ کرسکیں گے اور صحیح فیصلہ لے سکیں گے۔ اس طرح سے مدرسہ کا کوئی اچھا بچہ جو عالم فاضل ہے، قرآن حدیث کے بارے میں معلومات رکھتا ہے اور جس کی اردو اچھی ہے۔ جب وہ مارکیٹ میں جاتا ہے تو فیملی لا کے لئے بہت ہی ماہر وکیل بن سکتا ہے۔

خصوصی گوشہ
انٹرویوز

جے آر ایف فرسٹ رینک ہولڈر انعم ظفر سے انٹرویو

انعم ظفر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم و تربیت میں ایم ایڈ کی طالبہ ہیں۔ فروری 2025ء میں جب یو جی سی NET کے امتحانات کے نتائج جاری کیے گئے تو انعم ظفر نے ایجوکیشن کے مضمون میں جے آر ایف جونیئر ریسرچ فیلوشپ حاصل کی۔ ساتھ ہی اس طالبہ نے آل انڈیا فرسٹ رینک حاصل کرتے ہوئے ایک نئی تاریخ بھی رقم کی ہے۔ دربھنگہ کے چندن پٹی سے تعلق رکھنے والی اس ہونہار طالبہ سے لیا گیا ایک انٹرویو ملاحظہ کریں۔

محمد مصطفیٰ علی سروری

سوال: آپ اپنا پورا نام اور خاندانی پس منظر کے بارے میں بتلائیں۔

انعم ظفر: میرا نام انعم ظفر ہے۔ میری عمر 25 برس ہے۔ میری والدہ کا نام ریحانہ خاتون ہے۔ میں بہار کے ضلع دربھنگہ کے گاؤں چندن پٹی سے تعلق رکھتی ہوں۔

سوال: آپ نے صرف اپنی والدہ کا نام بتلایا والد صاحب کا نام نہیں بتایا۔ کیوں؟

انعم ظفر: میں نے دراصل والد صاحب سے اب میرا اور میری والدہ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں جب شائد 8 برس کی تھی تب میرے والد نے مجھے اور میری والدہ کو دربھنگہ ریلوے اسٹیشن پر بے یار و مددگار چھوڑ دیا تھا اور اپنی دوسری زندگی بسالی تھی۔ تب سے میرا اپنے والد سے کوئی رابطہ نہیں۔

سوال: اپنے اسکول کی ابتدائی تعلیم کے بارے میں بتلایئے۔

انعم: اپنی اسکول کی ابتدائی تعلیم یوٹوپیا اسکول اور چندن پٹی کے جعفری اکیڈیمی سے حاصل کی۔ میری والدہ نے شوہر سے علیحدگی کے بعد طئے کرلیا تھا کہ وہ اپنی ساری توجہ میری تربیت پر مرکوز کریں گی۔ میری والدہ اس بات کو بخوبی سمجھتی تھیں کہ بہتر تعلیم، خانگی اسکول میں ہی ممکن ہے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے میرا داخلہ دربھنگہ، چندن پٹی کے ووڈ بائن اسکول میں کروادیا جو کہ انگلش میڈیم کا سی بی ایس سی اسکول تھا لیکن مسئلہ یہ تھا کہ اس اسکول کی ماہانہ فیس 800 روپئے تھی اور ریحانہ خاتون کی اسکول کی ماہانہ تنخواہ 800 روپئے ہی تھی لیکن انہوں نے طئے کیا کہ وہ پیچھے نہیں ہٹیں گی۔

سوال: پھر ریحانہ خاتون یعنی آپ کی والدہ گھر کیسے چلاتی تھیں؟

انعم ظفر: جی میں بتلانے ہی والی تھی۔ والدہ نے جب مجھے بڑے اسکول میں شریک کروادیا تو ان کے ذہن میں منصوبہ تھا جس کے تحت انہوں نے گھر کے اخراجات کو پورے کرنے کے لیے ہوم ٹیوشن دینا شروع کردیا۔ وہ آدھا دن اسکول جا کر پڑھاتی اور پھر گھر آ کر ٹیوشن دینے لگتیں۔

سوال: یہ بتلائیں کہ اسکول کے بعد آپ کی کالج کی پڑھائی کا کیا معاملہ رہا؟

انعم ظفر: اسکول کا تعلیمی سفر میرے لیے آسان نہیں تھا۔ چونکہ سی بی ایس سی اسکول میں 12 ویں جماعت تک تعلیم ہوتی ہے تو میں وہیں سے اپنی بارہویں کلاس پاس کی۔ اسکول میں جب بھی پیرنٹ ٹیچر میٹنگ ہو یا اسکول میں کوئی پروگرام ہو تو میں دیکھتی تھی کہ دوسرے اسٹوڈنٹس کے والدین اس میں شریک ہوتے تھے اور بعض دفعہ تو اپنی ڈیوٹی کی وجہ سے میری والدہ بھی میٹنگ میں نہیں آسکتی تھیں۔

سوال: اسکول میں جانے والے طلبہ اکثر پاکٹ منی، جیب خرچ لے جایا کرتے تھے آپ اپنے بارے میں بتلائیں؟

انعم ظفر: مجھے بھی احساس تھا جو بچے اپنے والد کے سایہ سے محروم ہوتے ہیں وہ شائد حساس ہوجاتے ہیں۔ میں نے بھی اپنی والدہ سے کسی طرح کی فرمائش کرنا چھوڑ دیا تھا۔ کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ میری ماں اپنی کسی ضرورت کو روک کر میری فرمائش پوری کریں گی۔ خاص کر جب عید آتی تھی تو میری ماں میرے لیے نئے کپڑے ضرور لاتی تھیں اور اپنے لیے وہی پرانے کپڑے پہن لیتی تھیں اور کہتی تھی کہ ان کے کپڑے تو ابھی ٹھیک ہی ہیں۔

سوال: میں اپنا سوال دہراتا ہوں کہ آپ نے ڈگری کی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

انعم ظفر: میں نے 12 ویں کے بعد سائنس سے گریجویشن کرنے للت نارائن یونیورسٹی، متھلا میں بی ایس سی میں داخلہ لیا اور کورس انگلش میڈیم سے پورا کیا۔ ڈگری مکمل کرنے کے بعد آگے کیا کریں یہ سوال مجھے پریشان کرتا تھا۔ مجھ سے زیادہ میری والدہ فکرمند تھیں۔ بحرحال میں نے طئے کیا کہ میں بی ایڈ کرنے کے بعد ٹیچر ہی بنوں گی۔

سوال: ٹیچر بننے اور بی ایڈ کرنے میں آپ کے لیے کیا مسئلہ تھا جس کی وجہ سے آپ فکرمند تھیں؟

انعم ظفر: دراصل بی ایڈ کورس کی فیس ادا کرنا میرے اور میری والدہ کے لیے ایک مسئلہ تھا۔ سالانہ ایک لاکھ فیس دینا ہمارے بس سے باہر کی چیز تھی۔ ہمیں رہنے کے لیے ماموں جان نے اپنا گھر دے دیا تھا۔ ہمیں یعنی مجھے اور میری والدہ کو اپنے اخراجات اور تعلیم کا خرچہ خود اکٹھا کرنا تھا۔ ایسے میں یقین کریں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا کم فیس میں بی ایڈ کا کورس ایک نعمت سے کم نہیں تھا۔ لیکن مجھے اپنا میڈیم انگلش سے بدل کر اردو کرنا تھا۔ یوں چند ہزار کی فیس میں میرے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے بی ایڈ کرنا ممکن تھا۔ میں نے انٹرنس امتحان کامیاب کیا اور دربھنگہ میں کالج آف ٹیچر ایجوکیشن میں داخلہ لے لیا اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے دربھنگہ کیمپس میں واقع سی ٹی ای سے میں نے اپنا بی ایڈ کا کورس مکمل کیا۔

سوال: کیا آپ نے بی ایڈ کے بعد ہی طئے کرلیا تھا کہ آپ کو ایم ایڈ کرنا ہے؟

جواب: بی ایڈ کی تعلیم کے دوران دربھنگہ کیمپس میں مجھے ایسے اساتذہ ملے جنہوں نے میرے آگے کی تعلیمی سفر کے خاکے کو بالکل واضح کردیا۔ خاص کر پروفیسر محمد فیض احمد

انعام یافتہ طالبات اساتذہ کے ہمراہ

آن سیڈ جرمنیشن اینڈ سیڈلنگ پیرامیٹرس ان رائس اینڈ وہیٹ سیڈس'' کے موضوع پر اپنا پراجیکٹ تیار کیا تھا۔اسکول کے ٹیچر وسیم الدین محمد، پی جی ٹی بائیوٹیکنالوجی، مانو ماڈل اسکول نے اس پراجیکٹ میں طالبات کی رہنمائی کی تھی۔تیسرے انعام کے طور پر ایوارڈ میں ان طالبات کو یادگاری تحفہ اور صداقت نامۂ تحسین حاصل ہوئے۔

ماڈل اسکول، حیدرآباد کے طلبہ کو تلنگانہ سائنس فیئر میں انعامات

ماڈل اسکول واقع فلک نما، حیدرآباد کو 17 ویں ریجنل سائنس فیئر میں اول، دوم اور سوم انعامات حاصل ہوئے۔تلنگانہ سائنس فیئر اکیڈیمی کی جانب سے 28 ستمبر کو آر بی وی آر آر ویمنس کالج، نارائن گوڑہ، حیدرآباد میں سائنس فیئر کا اہتمام کیا گیا تھا۔

انعام یافتہ طلباء اساتذہ کے ہمراہ

ڈاکٹر کفیل احمد، پرنسپل، مانو ماڈل اسکول کے بموجب عظمیٰ بیگم، مہک بیگم کو پہلا؛ مرزا زویا بیگم، سعدیہ بیگم کو دوسرا اور محمد الطاف، محمد ایان و محمد مصطفیٰ کو تیسرا انعام حاصل ہوا۔سائنس فیئر میں ایلیمنٹری، جونئر اور سینئر زمروں کے تحت حیدرآباد کے مختلف اسکولوں کے طلبہ نے حصہ لیا۔انعام یافتگان کو یادگاری تحفہ، سرٹیفکیٹ برائے تحسین اور نقد انعامات دیئے گئے۔سائنس فیئر میں وسیم الدین محمد طلبہ کے نگران کار تھے۔

شعبۂ کمپیوٹر سائنس کو نمایاں رینک کا حصول

کیریئرس 360 میگزین نے اپنے اگست کے شمارے میں ہندوستان کے بہترین انجینئرنگ تعلیمی ادارہ برائے 2024 کی فہرست میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کو AAAA رینک کے ساتھ نمایاں مقام دیا ہے۔ کیریئرس 360، کیریئر کونسلنگ اور نوجوانوں کے کیریئر کی معلومات فراہم کرنے والی ممتاز میگزین ہے۔میگزین ویب سائٹ پر ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیمی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔

میگزین نے رینک پر مشتمل ایک سرٹیفکیٹ اور مکتوب یونیورسٹی کو روانہ کیا۔میگزین کی ویب سائٹ www.careers360.com پر بتایا گیا ہے کہ اردو یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے والے 98 فیصد انجینئرس کی فوری تقرری ہوجاتی ہے اور بقیہ طلبہ اعلیٰ تعلیم کے لیے داخلے لے لیتے ہیں۔ کیریئر 360 رینکنگ دیتے وقت تعلیمی کارکردگی، اساتذہ کا معیار، بنیادی ڈھانچہ، تحقیقی نتائج اور طلبہ کا اطمینان جیسے عوامل کو ملحوظ رکھتا ہے۔میگزین نے اپنی ویب سائٹ پر اردو یونیورسٹی کے بزنس اسکول (ایم بی اے) کو AAA رینک کا حقدار قرار دیا ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے ملک کی سرکردہ انجینئرنگ کالجس کی فہرست میں مانو کے شعبے کی شمولیت کو اردو اور اردو ذریعہ تعلیم کے لیے فالِ نیک قرار دیا۔

مانو کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر کہا، ''ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔'' انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ مانو کا یہ کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کے لیے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔

پروفیسر عزیز بانو، ڈاکٹر غلام علی حداد عادل سے ایوارڈ حاصل کرتے ہوئے۔ پروفیسر آذرمی دخت صفوی بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

الاقوامی سعدی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ جو ایک لوح سپاس نامہ، نقدی رقم کے علاوہ ایران کے دستی مصنوعات پر مشتمل ہے۔ یہ باوقار ایوارڈ 23 رفروری کو دہلی میں منعقدہ ایک خصوصی اجلاس میں ایرانی پارلیمان کے سابق اسپیکر آقائی ڈاکٹر غلام علی حداد عادل جو صدر نشین فرہنگستان فارسی زبان وادب، تہران اور صدر نشین بنیاد سعدی تہران ہیں کے ہاتھوں دیا گیا۔ مانو کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن، رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے پروفیسر عزیز بانو کو اس باوقار ایوارڈ کے لیے مبارکباد پیش کی۔ یونیورسٹی اور شعبہ کے اساتذہ نے بھی انہیں مبارکباد پیش کی۔

نیشنل یوتھ فیسٹول میں مانو کی ٹیم کی شاندار کامیابی

مانو کی ٹیم نے اس بار آل انڈیا اسوسی ایشنس آف انڈین یونیورسٹیز کی جانب سے منعقد کیے جانے والے نیشنل یوتھ فیسٹول میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مائم میں دوسرا اور ایک ایکٹ ڈراما میں تیسرا انعام حاصل کیا ہے۔ واضح رہے کہ اس بار امیٹی یونیورسٹی، نوئیڈا میں 3 سے 7 مارچ کے درمیان منعقدہ اس پروگرام کے تحت مختلف زمروں میں ملک کی کل 144 یونیورسٹیوں کی ٹیموں نے شرکت کی تھی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ٹیم کو دسمبر کے آخری ہفتے میں بنگلور کی کرائسٹ یونیورسٹی میں منعقدہ ساؤتھ ایسٹ زون یوتھ فیسٹول میں مائم میں دوسرا اور ایک ایکٹ ڈراما میں تیسرا انعام حاصل ہوا تھا جس کی بنا پر اسے قومی سطح پر ہونے والے اس مقابلے میں شرکت کا موقع ملا۔ اس موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے طلبہ اس اعلیٰ کارکردگی کے لیے قابلِ مبارک باد ہیں۔ انھوں نے اس مقابلے کے لیے سخت محنت اور لگن سے کام کیا اور دیر رات تک ریہرسل کرتے رہے۔ یونیورسٹی کلچرل کوآرڈینیٹر اور ڈراما کلب کے صدر معراج احمد نے ان کی تربیت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈراما کلب کے مینٹر ڈاکٹر عدنان بسم اللہ نے بھی اس ضمن میں اپنا بھرپور تعاون پیش کیا۔ ثقافتی سرگرمی مرکز کے قیام کو ابھی صرف دو سال ہوئے ہیں۔ اس درمیان مانو کی ٹیم نے دو بار زونل سطح پر اور اس بار قومی سطح پر کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ ہمارے لیے فخر اور اعزاز کی بات ہے۔ رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے ٹیم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کی جانب سے ثقافتی سرگرمی مرکز سے وابستہ طلبہ و طالبات کو تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ وہ اکادمک اور ثقافتی سرگرمیوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کرسکیں۔ مجھے خوشی ہے کہ اس قومی مقابلے میں طلبہ نے ہماری یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے۔

آئی ایم سی مانو یوٹیوب چینل نے ایک لاکھ سبسکرائبرز کا سنگِ میل عبور کرلیا

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے اردو تعلیم کو سوشیل میڈیا کے اہم پلیٹ فارم یوٹیوب پر جوڑنے کی کامیاب کوششوں کا آغاز 2013ء میں کیا تھا۔ ڈائرکٹر میڈیا سنٹر رضوان احمد کی اطلاع کے مطابق آئی ایم سی مانو کے تعلیمی یوٹیوب چینل www.youtube.com/imcmanuu نے دسمبر 2024ء میں ایک لاکھ صارفین کا اہم سنگ میل پار کرتے ہوئے ایک تاریخ رقم کی ہے۔ ان کے مطابق یہ کامیابی نہ صرف مانو کی تعلیمی کاوشوں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا اعتراف ہے بلکہ اردو زبان میں ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دینے کے سمت مانو کی ایک اہم پیش رفت ہے۔ مانو کے یوٹیوب چینل پر 3,159 ویڈیوز دستیاب ہیں۔ جب کہ ویوز 82 لاکھ سے تجاوز کرچکے ہیں۔

یہ پہلا موقع ہے کہ بھارت کی کسی مرکزی یونیورسٹی کے یوٹیوب چینل نے یہ سنگِ میل عبور کیا ہے، جو قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت معیاری اور مساوی تعلیم کے فروغ کے وژن سے مطابقت رکھتا ہے۔ آئی ایم سی مانو کا یوٹیوب چینل اردو زبان میں مفت اور معیاری تعلیمی مواد فراہم کرنے والا ایک نمایاں پلیٹ فارم بن چکا ہے۔

چینل پر پیش کیے جانے والے اہم سلسلوں میں ای-مواد، مانو نالج سیریز، شاہینِ اردو اور اردو نامہ شامل ہیں، جو نہ صرف تعلیمی ضروریات پوری کرتے ہیں بلکہ اردو زبان اور ثقافت کی ترویج و تحفظ میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس تاریخی موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر سید عین الحسن نے مبارکباد دی۔ آئی ایم سی مانو کے ڈائرکٹر، رضوان احمد نے بھی اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

چنئی سائنس فیئر میں مانو ماڈل اسکول کی طالبات کو انعام

مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد کی طالبات کو چنئی میں منعقدہ سائنس فیئر میں تیسرا انعام حاصل ہوا۔ ڈاکٹر کفیل احمد، انچارج پرنسپل ماڈل اسکول، حیدرآباد کے بموجب گیارہویں جماعت کی طالبات سعدیہ بیگم اور مرزا زویا بیگم کی جانب سے تیار کردہ تحقیق پر مبنی سائنس پراجیکٹ کو ثناء ماڈل اسکول، پونا ملے، چنئی میں منعقدہ سائنس فیئر میں تیسرے انعام کا حقدار قرار دیا گیا۔

آرگنائزیشن آف مسلم ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنس اینڈ اسوسیئشن آف ٹامل ناڈو (OMEIAT) کی جانب سے 17 ویں قومی سائنس فیئر کا 24 راکتوبر کو چنئی میں انعقاد عمل میں آیا تھا۔ مانو ماڈل اسکول کی طالبات نے ''ایفیکٹ آف یووی-سی ایریڈیئشن

عظیم، جناب محمد امین نواز، جناب شریف احمد شریف اراکین اکادمی کے علاوہ اکادمی کے دفتری عملے میں جناب محمد صادق، جناب سید نظام الدین، جناب سید محمد عرفان اللہ قادری شامل رہے۔

نئے تعلیمی سال سے مانو کے ٹاپرس کی فیس معافی کا اعلان

طلبہ کا تعارفی پروگرام (SIP) دیکشارمبھ کا 5/اگست کو اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے صدارتی خطاب میں کہا کہ اردو یونیورسٹی کا شمار ملک کی باوقار یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہاں طلبہ کو تمام سہولیات دستیاب ہیں۔ اب یہ طلبہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے وقت کا مثبت استعمال کریں۔

طلبہ کے اس پروگرام میں ایس اے ہدیٰ آئی پی ایس (ریٹائرڈ)، سابق ڈی جی پی متحدہ آندھرا پردیش نے ''قبل از وقت تعینِ ہدف: بڑے خواب کے لیے'' کے زیرِ عنوان خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ اپنے پسند کے میدان کا انتخاب کریں۔ پھر اس کے حصول کے لیے سخت محنت کریں۔ کیوں کہ کامیابی کے لیے منصوبہ بندی کے ساتھ سخت محنت بھی ضروری ہے۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کے اس تعارفی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مانو میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی طرح حکومت ہند کی جانب سے سیول سروسز کوچنگ اکیڈیمی بھی کارکرد ہے۔ جس میں طلبہ کو اس اہم امتحان کی تیاری کروائی جاتی ہے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر، پروفیسر شگفتہ شاہین، پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ پروگرام کے آغاز میں پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین ایس آئی پی نے خیر مقدم کیا۔

اس پروگرام میں یو پی ایس سی امتحان کے پریلمس میں کامیابی حاصل کرنے والے یونیورسٹی کی کوچنگ اکیڈیمی کے طلبہ اُسامہ فہیم، زیبا، ونجا، خالد حسین، نعمان کو تہنیت پیش کی گئی۔ ڈاکٹر فیروز عالم نے مہمان کا تعارف پیش کیا۔

یومِ سائنس کے موقع پر مانو سیول اکیڈیمی اور مانو ماڈل اسکول کے طلبہ کا شاندار مظاہرہ

قومی یومِ سائنس کے موقع پر راشٹر پتی نیلایم، سکندرآباد میں 27 اور 28/فروری کو سائنسی مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، سیول سروسز ایگزامینیشن ریسڈنشیل کوچنگ اکیڈیمی (سی ایس ای) کے طلبہ نے سائنس کوئز مقابلے میں حصہ لے کر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ 45 کالجوں کی ٹیموں کے درمیان مانو کی ٹیم کو دوسرا مقام حاصل ہوا۔ کامیابی حاصل کرنے والی اس ٹیم کے اراکین میں ڈاکٹر منہاج احمد، محمد نظیر اور ایس ڈی سہیل شامل تھے۔ تقسیمِ ایوارڈ تقریب میں نمایاں شخصیتیں بشمول ممتاز سائنس داں ڈاکٹر مہتاب ایس باجی، ڈائرکٹر آئی سی ایم آر، نئی

سی ایس ای اکیڈیمی کے طلبہ ایوارڈ حاصل کرتے ہوئے۔

دہلی؛ جے اے چودھری ڈائرکٹر سافٹ ٹیکنالوجی پارکس آف انڈیا، ڈاکٹر کے رجنی پریہ، ڈائرکٹر راشٹر پتی نیلایم شامل تھے۔

28/فروری کو تلنگانہ سائنس فیئر اکیڈیمی کی جانب سے قومی یومِ سائنس 2025 کا مدینہ ایجوکیشن سنٹر، نامپلی میں اہتمام کیا گیا۔ جس میں مانو ماڈل اسکول نویں جماعت کی طالبہ حبیبہ بیگم نے مضمون نویسی میں پہلا انعام حاصل کیا۔ جبکہ گیارہویں جماعت کے طالب علم کو پوسٹر سازی میں تیسرا انعام حاصل کیا۔ مرزا زویا بیگم اور سعدیہ بیگم (گیارہویں جماعت) کے سائنس پراجیکٹ ورک کو ٹی ایس ایف اے کے سا وینیر میں شامل کیا گیا۔ اس پراجیکٹ کے نگران جناب وسیم الدین محمد (پی جی ٹی بائیو ٹکنالوجی)، مانو ماڈل اسکول تھے۔

فیڈکوٹا میں خواتین کا تاریخی انتخاب

فیڈریشن آف سینٹرل یونیورسٹیز ٹیچرز ایسوسی ایشنز (فیڈکوٹا) نے صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے ایک تاریخ ساز قدم اٹھاتے ہوئے اپنی اعلیٰ قیادت میں خواتین کو منتخب کیا ہے۔ جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں منعقدہ قومی ایگزیکٹو اجلاس میں جے این یو ٹیچرز ایسوسی ایشن کی پروفیسر موشومی باسو، صدر اور مانو ٹیچرز ایسوسی ایشن (مانوٹا) کی ڈاکٹر شبانہ کیسر سوری نائب صدر منتخب ہوئیں ہیں۔ ڈاکٹر شبانہ کیسر سوری کی حیثیت خاص اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ وہ مانوٹا کی پہلی خاتون صدر بھی ہیں اور مانوٹا کی نمائندگی کرتی ہیں۔ ان کا انتخاب نہ صرف خواتین کی تعلیمی اور قیادتی میدان میں بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ نوجوان خواتین کے لیے ایک متاثر کن مثال بھی ہے۔

پروفیسر عزیز بانو کو باوقار سعدی ایوارڈ

شعبۂ فارسی و مطالعاتِ وسط ایشیاء مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی پروفیسر عزیز بانو، سابق ڈین اسکول آف لینگویجس کو فارسی زبان و ادب کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں خانہ فرہنگ جمہوریہ اسلامیہ ایران، دہلی کی جانب دھمین باوقار بین

ڈیجیٹل کتب خانوں کے موضوع پر منعقدہ اس قومی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے آخر میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے شکریہ ادا کیا۔ کانفرنس کے ڈائرکٹر ڈاکٹر اختر پرویز، سابق یونیورسٹی لائبریرین، جو اس وقت جامعہ ہمدرد لائبریری کے ذمہ دار ہیں، نے کانفرنس کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر نمبس 4.0 (Knimbus) نام کے ایک سرچ انجن کا اجراء کیا گیا۔

مانو میں جلسہ تقسیم وظائف سے پروفیسر سید عین الحسن اور مظہر الدین حسینی، ڈائرکٹر سیڈ کا خطاب

ڈین بہبودیِ طلبہ کی جانب سے 14/ اگست کو سیڈ فاؤنڈیشن، امریکہ اور قرآن فاؤنڈیشن، حیدرآباد کے زیر اہتمام میرٹ کم مینس اسکالرشپ کی تقسیم کا پروگرام منعقد ہوا۔ اس موقع پر صدارتی خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ طلبہ کو چاہیے کہ اپنے ساتھ دیگر ضرورت مندوں کی بھی مدد کریں۔ اردو کے ساتھ دیگر زبانوں اور علوم میں مہارت حاصل کر کے اپنے کیریئر کو تابناک بنانے کی کوشش کریں۔

پروگرام میں مظہر الدین حسینی، ڈائرکٹر، سیڈ فاؤنڈیشن یو ایس اے نے اپنی تنظیم کی کارگزاریوں کا تعارف کرایا۔ انہوں نے اس بات کا اعلان بھی کیا کہ اگلے برس ان کی تنظیم مانو کے طلبہ کے لیے ایک کروڑ کی رقم دے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ طلبہ کے لیے کردار سازی ضروری ہے۔ انھیں مختلف زبانیں سیکھنا چاہیے تاکہ وہ مختلف زبان کے بولنے والوں کے ساتھ کمیونکیٹ کرسکیں۔ طلبہ کے لیے تعلیم، اخلاق، کردار ہر میدان میں بہترین ہونا ضروری ہے۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے سیڈ فاؤنڈیشن کے ذمہ داران بالخصوص ڈائرکٹر مظہر الدین حسینی کا شکریہ ادا کیا جن کی کوششوں سے مانو کے طلبہ کو ایم سی ایم اسکالرشپ حاصل ہو رہا ہے۔ انہوں نے ڈین بہبودیِ طلبہ پروفیسر سید علیم اشرف جائسی کی بھی ستائش کی جن کی قیادت میں مانو کے اساتذہ اور اسٹاف اور قرآن فاؤنڈیشن کی انتھک محنت سے نہایت کم وقت میں اسکالرشپ فارمس کی تنقیح کی جاسکی۔

جناب مظہر الدین حسینی، پروفیسر سید عین الحسن و دیگر اسکالرشپ چیک کی نقل کے ساتھ

پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے بتایا کہ گذشتہ برس صرف 586 طلباء وطالبات کو سیڈ فاؤنڈیشن کی جانب سے وظیفہ دیا گیا تھا۔ اس برس یہ تعداد بڑھ کر 679 ہوگئی ہے۔ ان کے مطابق بی ووک اور ایم ووک کے طلبہ کو 15000 اور دیگر طلبہ کو 10000 روپئے دیے جائیں گے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ مانو کے طلبہ کے لیے مستقبل میں نئے مواقع حاصل ہوں گے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین اور پروفیسر صدیقی محمد محمود، ہیلپنگ ہینڈ کے ڈائرکٹر محمد مجتبیٰ عسکری اور قرآن فاؤنڈیشن کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ جناب سید منور، کیریئر گائیڈنس کونسل، حیدرآباد نے بھی طلبہ کو مخاطب کیا۔

پروفیسر سید عین الحسن سے کرناٹک اردو اکادمی وفد کا تبادلہ خیال

کرناٹک اردو اکادمی بنگلور کے نمائندہ وفد نے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اگست میں منعقدہ اس اجلاس میں پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ اردو یونیورسٹی گزشتہ 28 برسوں سے اردو زبان وادب، صحافت وتہذیب اور تعلیم وتعلم کی ہمہ پہلو ترقی وفروغ کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو زبان و ادب اور تعلیم کی ترقی اور فلاح و بہبود کے ضمن میں دونوں ادارے باہمی اشتراک سے کام کرسکتے ہیں۔ شیخ الجامعہ نے کہا کہ کرناٹک اردو اکادمی مانو کا فاصلاتی تعلیم کا سنٹر قائم کرسکتی ہے، جس میں دسویں کے مماثل ایک سرٹیفکیٹ کورس کا نظم ہوگا۔

اس سے قبل ڈاکٹر معاذ الدین خان، رجسٹرار کرناٹک اردو اکادمی نے اکادمی کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اکادمی کا 30 دنوں میں اردو سیکھیں، پروگرام اور اس کے لیے تیار کی گئی کتاب غیر اردو داں طبقے کے لیے نہایت مفید اور کارآمد ہے۔ انھوں نے مانو کی رہنمائی اور اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب اعظم شاہد، رکن اکادمی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مانو کا کرناٹک اردو اکادمی کے وفد کا یہ دورہ یادگار اور مفید ثابت ہوا ہے۔ محترمہ اختر سعیدہ رکن اکادمی نے اپنے اظہار تشکر کیا۔

صدر اکادمی مولانا محمد علی قاضی نے اجلاس کو مخاطب کیا۔ رجسٹرار یونیورسٹی پروفیسر اشتیاق احمد نے اردو یونیورسٹی کے قیام تا حال تک یونیورسٹی کی کارکردگی پر اجمالاً روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر انیس صدیقی نے اکادمی کی جانب سے ہدیہ تشکر پیش کیا۔ وفد میں جناب شاہد قاضی، ڈاکٹر ناطق علی پوری، جناب عابد اسلم، محترمہ اختر سعیدہ، جناب تنویر

بنگلور اردو اکیڈیمی کے وفد کی وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن سے ملاقات

یوم اساتذہ کے موقع پر گروپ تصویر

کلاس روم کی تعلیم اور نصاب کی حد تک محدود نہیں۔ اساتذ اس بات کو ہمیشہ اپنے مطمع نظر رکھیں کہ تدریس کے تحت مختلف نقطۂ نظر کی سماعت اور اختلاف رائے کے حق کو سمجھانا بھی ضروری ہے۔ انگریزی زبان کے متعلق اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابتداء میں انگلش میڈیم کی تعلیم کا مقصد عیسائیت کا فروغ تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ دنیا کی بہت ساری اقوام نے انگریزی زبان میں تعلیم حاصل کرنا شروع کیا تب کہیں جا کر انگریزی اپنے فرقہ وارانہ قول سے باہر نکل سکی۔ ان کے مطابق اردو کبھی بھی فرقہ وارانہ زبان نہیں تھی۔ لیکن اردو کا المیہ یہ ہے کہ اردو آج مسلم فرقہ کے ساتھ جوڑ دی گئی۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطبہ میں واضح کیا کہ یومِ اساتذہ کے موقع پر ہمیں احتساب کرنا چاہیے کہ ہم علم کے ساتھ ساتھ عمل کی ضرورت پر کس قدر عمل پیراں ہیں۔ کنوینر پروفیسر ایم ونجا، ڈین شعبۂ تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ یومِ اساتذہ کی اس تقریب کو مخاطب کرنے والوں میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر شگفتہ شاہین کے علاوہ محترمہ ریوتی تھانگا ویلو اور پی ایچ ڈی اسکالر طلبہ منان بھی شامل تھے۔

مانو اور مہاتما گاندھی کاشی ودیا پیٹھ کے درمیان یادداشت مفاہمت

یونیورسٹی نے 14/اکتوبر کو وارانسی کی مہاتما گاندھی کاشی ودیا پیٹھ (ایم جی کے وی پی) کے ساتھ باہمی یادداشت مفاہمت پر دستخط کیے ہیں۔ جس میں مانو کی جانب سے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن اور ایم جی کے وی پی کی جانب سے وائس چانسلر پروفیسر آنند کمار تیاگی نے اس مفاہمت کے معاہدے پر دستخط کیے۔

یادداشت مفاہمت کے تحت دونوں تعلیمی اداروں میں ماہرین تعلیم، تحقیق، مشاورت، تربیت، معلومات کی ترسیل، اساتذہ کا فروغ وطلبہ کا آپسی تبادلہ، مشترکہ تحقیقی پروگراموں کے انعقاد جیسے امور میں تعاون کیا جائے گا۔

اس 5 سالہ معاہدے کے تحت مختلف مشترکہ یو جی و پی جی کورسز کا آغاز، تحقیقی پراجیکٹس میں اشتراک، تحقیقی وسائل سے استفادہ، ایک دوسرے کے پاس موجود خصوصی سہولیات و انفراسٹرکچر سے استفادہ، مشترکہ سمینار و کانفرنسوں کا انعقاد شامل ہے۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد کے علاوہ پروفیسر سید نجم الحسن، پروفیسر سلمٰی احمد فاروقی، پروفیسر عبدالواحد، پروفیسر محمد فریاد اور پروفیسر سنیم فاطمہ بھی موجود تھیں۔

قومی یومِ کھیل کود کا انعقاد

نظامت کھیل کود و جسمانی صحت کے زیر اہتمام 29/اگست کو محکمہ کھیل کود، وزارت امورِ نوجوانان، حکومت ہند کی ہدایت کے مطابق ہاکی کے مایا ناز کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کی مناسبت سے پر قومی یومِ کھیل کود (این ایس ڈی) کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس موقع پر طلباء وطالبات اور اسٹاف اراکین (مرد وخواتین) کے لیے 100 میٹر دوڑ کا اہتمام کیا گیا۔

مانو کے ڈائریکٹوریٹ آف فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس (DPE&S) نے مختلف کھیلوں اور فٹنس سرگرمیوں کا اہتمام کیا اور مسابقتی کھیل اور آؤٹ ڈور ایکٹیویٹی کا بھی انعقاد کیا گیا۔

پروفیسر صدیقی محمد محمود، او ایس ڈی نے فاتحین میں میڈل تقسیم کیے۔ اس موقع پر پروفیسر عبدالعظیم، صدر نشین (گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی)، نظامت کھیل کود سے ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، ڈاکٹر جے راجیش، اسسٹنٹ ڈائرکٹر؛ ڈاکٹر محمد حبیب اللہ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر؛ کوچس اور دیگر تدریسی وغیر تدریسی عملہ اور طلبہ بھی موجود تھے۔

ڈیجیٹل کتب خانوں پر قومی کانفرنس

سید حامد سنٹرل لائبریری کے زیر اہتمام ''اے آئی پر مبنی ڈیجیٹل کتب خانے: رسائی اور دریافت کا ارتقاء'' کے زیر عنوان ایک قومی کانفرنس کا 19/اگست کو اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر دیویکا مدلی، ڈائرکٹر انفلبنیٹ سنٹر مہمانِ خصوصی تھیں اور پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔

اپنے خطاب میں پروفیسر دیویکا مدالی نے مصنوعی ذہانت کے ارتقاء اور لائبریری اور معلومات کے شعبے پر اس کے گہرے اثرات کے متعلق تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے افتتاحی اجلاس میں بتایا کہ مستقبل میں جہاں لائبریریوں کا تکنیکی فروغ ہوگا وہیں صارفین کو بہتر خدمات و تجربات کی فراہمی کے لیے اے آئی کا استعمال لازمی جُز ہوگا۔

پروفیسر دیپک گرگ نے اپنے کلیدی خطبے میں لائبریریوں میں استعمال ہونے والے اے آئی کی مختلف اپلی کیشنز کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ انہوں نے متعدد امور انجام دینے کے لیے AI کے استعمال کی اہمیت پر زور دیا جس سے لائبریری کی مختلف خدمات کو تقویت مل سکے گی۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارتی خطاب میں لائبریرین کی ذمہ داری کو اجاگر کرتے ہوئے، تعلیمی اداروں میں لائبریریوں کے اہم کردار پر زور دیا۔

پروفیسر سید عین الحسن، ہیلتھ سنٹر میں طبی آلات کا افتتاح کرتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر فریدہ صدیقی و دیگر

قبل ازیں منعقدہ ایک تقریب میں وائس چانسلر نے یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں مختلف عصری طبی آلات پر مبنی سہولیات کا افتتاح انجام دیا جس میں بیڈ سائڈ ملٹی پیرامیٹر مانیٹر 2 عدد، ای سی جی مشینیں 2، ڈیجیٹل ویٹنگ اسکیلس 2، بی پی اپریٹس 6، آئی آر تھرمومیٹر 6، اسٹیٹو اسکوپ 10 شامل ہیں۔ اس موقع پر سی ایم او ڈاکٹر کے ریاض، ڈاکٹر حماد ہاشمی اور ہیلتھ سنٹر کے دیگر اراکین ڈاکٹر حمیرہ فاطمہ، ہیلتھ سنٹر انچارج پروفیسر فریدہ صدیقی، مسٹر سنجے، مسز اسماء، مسٹر تمیم الدین خواجہ اور دیگر میڈیکل اسٹاف بھی موجود تھا۔ ڈاکٹر ریاض کے مطابق کارپوریٹ سوشیل ریسپانسبلیٹی اسکیم کے تحت فیڈرل بینک نے ان آلات کا عطیہ دیا ہے جس سے ہیلتھ سنٹر میں طلبہ کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

اردو میں نصابی کتب کی تیاری، مانو کی ایک تاریخی پیش رفت: پروفیسر بی جے راؤ

اردو یونیورسٹی میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی شروع کردہ بھارتیہ بھاشا سمیتی (بی بی ایس) کے تحت اعلیٰ تعلیم کے شعبہ میں اردو نصابی کتب کی تیاری کے لیے مصنفین کے دو روزہ ورکشاپ 15/ اکتوبر 2024 کو آغاز ہوا۔ پروفیسر بی جے راؤ، وائس چانسلر، حیدرآباد، سنٹرل یونیورسٹی اس اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔ جبکہ اس پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، اردو یونیورسٹی نے کی۔ پروفیسر سلیمان صدیقی، سابق وائس چانسلر، عثمانیہ یونیورسٹی اور پروفیسر سید امتیاز حسنین (اے ایم یو) نے مہمانانِ اعزازی کی حیثیت سے شرکت کی۔

پروفیسر بی جے راؤ نے کہا کہ اردو یونیورسٹی، آل انڈیا کونسل آف ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای) کے لیے اردو میں انجینئرنگ کی کتابوں کی تیاری کے ذریعے ہندوستان میں ایک تاریخ رقم کر رہی ہے۔

پروفیسر محمد خالد مبشر الظفر، ڈائرکٹر، ڈی ٹی ٹی ایل پی نے جو بی بی ایس کے اردو کوآرڈی نیٹر بھی ہیں، مہمانوں کا استقبال کیا۔ یو جی سی نے بی بی ایس کے تحت اردو نصابی کتب کی تیاری کے لیے مانو کو نوڈل یونیورسٹی مقرر کیا ہے، پروفیسر سید عین الحسن اس پراجیکٹ کے نوڈل آفیسر ہیں۔ پروفیسر راؤ جو کہ حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے علاوہ بھارتیہ بھاشا سمیتی کے رکن بھی ہیں نے سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ نصابی کتابوں کی تیاری آسان کام نہیں ہے لیکن یہ مصنف کی ذمہ داری ہے کہ وہ کتابوں میں طالب علم کی دلچسپی پیدا کرے۔

پروفیسر عین الحسن نے اپنی صدارتی تقریر میں مصنفین کو مشورہ دیا کہ وہ راست طریقہ کار اختیار کرتے ہوئے پیچیدگی سے گریز کریں۔ کتاب پڑھنے والے کو یہ محسوس ہو کہ کتاب اسی کے لیے لکھی گئی ہے۔ علم کی منتقلی ناگزیر امر ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے جو ایک کہنہ مشق شاعر بھی ہیں، اس موقع کی مناسبت سے چند شعر بھی سامعین کی نذر کیے جنہیں کافی پسند کیا گیا۔

قبل ازیں مانو کے اولین رجسٹرار پروفیسر سلیمان صدیقی نے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اکتسابی مواد کی تیاری کے لیے اردو یونیورسٹی میں کیے گئے ابتدائی تجربات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نصابی کتابوں کی تیاری کے لیے اساتذہ کے ناموں کی فہرست تیار کرنے کا مشورہ دیا اور کہا کہ انگریزی، اردو اور متعلقہ مضمون میں مہارت کا ایک ساتھ ملنا مشکل ہے۔ پروفیسر امتیاز حسنین (شعبہ لسانیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) نے نشاندہی کی کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت بی بی ایس کا قیام عمل میں لاتے ہوئے 22 ہندوستانی زبانوں میں اعلیٰ تعلیمی مواد کی تیاری کا کام شروع کیا ہے۔ پروفیسر خالد مبشر الظفر نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں اردو کو علمی زبان بنانے حکومت ہند کے اقدام کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ تعلیمی دنیا میں اردو کے لیے یہ ایک نئی پہل ہے۔ دو روزہ ورکشاپ میں ملک کے مختلف حصوں سے تقریباً 60 مصنفین نے شرکت کی۔ اس موقع پر یونیورسٹی میگزین الکلام کے خصوصی شمارہ کا رسم اجرا بھی کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، پی آر او و اسوسی ایٹ پروفیسر ایم سی جے و مدیر الکلام نے خصوصی شمارے کے بارے میں اظہار خیال کیا۔

بی بی ایس ورکشاپ کے اختتامی اجلاس میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ بی بی ایس کے تحت اردو میں اعلیٰ تعلیمی نصابی کتب کی تیاری، حکومت ہند کی جانب سے مانو کو دی گئی ایک بڑی ذمہ داری ہے جسے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کی نگرانی میں بحسن و خوبی نبھایا جائے گا۔

مانو میں یوم اساتذہ کے موقع پر پروفیسر پنچانن موہنتی کا خطاب

اسکول برائے تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام یوم اساتذہ کی تقریب کا 5/ ستمبر 2024 کو اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر پنچانن موہنتی ماہر لسانیات حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی نے یوم اساتذہ لیکچر دیا۔ پروفیسر پنچانن موہنتی نے لیکچر کے دوران کہا کہ تدریس کے معنی صرف

یومِ آزاد یادگاری خطبہ کے موقع پر پروفیسر کرشنا کمار، پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد و دیگر

صحافت‘‘ ایوارڈ سے نوازا گیا۔

پروفیسر کرشنا کمار نے اپنے خطاب میں کہا کہ تمام لوگوں کی طرح ان کا بھی خیال تھا کہ بنیادی تعلیم کی اہمیت اعلیٰ تعلیم سے زیادہ ہے لیکن جب انہوں نے پروفیسر محمود ممدانی کے نقطۂ نظر کو سنا تو انہوں نے بھی اپنا نظریہ بدل دیا۔ ان کے مطابق بنیادی تعلیم فراہم کرنے والے اساتذہ کی تربیت اعلیٰ تعلیم کے مدارس میں ہوتی ہے۔ اگر کوئی استاد کسی اچھے کالج سے ٹیچر ایجوکیشن کی ڈگری حاصل کرتا ہے تو وہ اپنے طلبہ کی بہترین تربیت کرسکتا ہے۔ کیونکہ وہ اعلیٰ تعلیم کے دوران تدریس کے بہترین طریقے سیکھ کر آتا ہے۔ اسی طرح اعلیٰ تعلیم کے ذریعہ بنیادی تعلیم کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن نے صدارتی خطاب میں کہا کہ حصول علم کے لیے دوست بنانا مشکل کام ہے۔ لیکن اعلیٰ تعلیمی اداروں میں علمی دوستی آسان ہے۔ انہوں نے پنچ تنتر کی پہلی کہانی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ جمع ہوتے ہیں جن میں اتفاق رائے قائم ہوتا ہے اور آپ ایک دوسرے کو سمجھتے ہیں۔

قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں یونیورسٹی رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اس بات کو خوش آئند قرار دیا کہ آج ملک بھر مولانا آزاد کی یومِ پیدائش کے حوالے سے مختلف علمی، ادبی اور ثقافتی تقاریب کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

مانو یومِ آزاد تقاریب کے سلسلے میں اسٹاف کے بچوں کے پروگرام اور خطاطی مقابلوں کا انعقاد

یونیورسٹی میں 7 تا 11 نومبر 2024 مختلف تعلیمی و ثقافتی مقابلے منعقد کیے گئے۔ اس سلسلے میں اسٹاف کے بچوں کے لیے ثقافتی مقابلوں کا انعقاد عمل میں آیا۔ اسٹاف کے دو سو سے زیادہ بچوں نے ان مقابلوں میں حصہ لیا۔ LKG سے بارہویں جماعت تک کے اسٹاف کے بچوں کے لیے ڈرائنگ اور پینٹنگ، نظم خوانی، تقریری مقابلوں کے ساتھ ہی تحریری مقابلوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔

ان مقابلوں کے انعقاد کی ذمہ داری بطور کنوینر ڈاکٹر ظفر احمد گلزار نے انجام دی۔ ان کے ساتھ منتظمہ کمیٹی میں ڈاکٹر اطہر حسین، ڈاکٹر محاسنہ انجم انصاری، ڈاکٹر فردوس تبسم، ڈاکٹر رابعہ اسماعیل، ڈاکٹر مقیم احمد، ڈاکٹر محمد زبیر احمد، ڈاکٹر جے راجیش، وجیہہ الشمس، حبیب احمد اور محمد حسنین قیصر تھے۔ ساتھ ہی مختلف مقابلوں میں ڈاکٹر جمال الدین خان، ڈاکٹر اقبال خان، ڈاکٹر احمد رضا، ڈاکٹر امتیاز عالم، ڈاکٹر جرار احمد، پروفیسر وی ایس سومی، ڈاکٹر اشونی، ڈاکٹر موتھوسوامی وغیرہ جج کے طور پر شامل رہے۔

9 نومبر کو کلچرل ایکٹیویٹیز سینٹر (سی اے سی) میں ایک خطاطی مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس مقابلے میں طلبہ نے جوش و خروش سے شرکت کی اور اپنی خطاطی کی مہارت کا مظاہرہ کیا، جس سے اس فن کی ثقافتی وراثت اور فنی اہمیت کا اظہار ہوا۔

مقابلے کا فیصلہ معزز حکم کے پینل نے کیا جس میں ڈاکٹر فہیم الدین احمد، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ اور خطاطی کے ماہر جناب محمد اسلم علی، ایک اور ڈاکٹر مقیم احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، سی ایس آئی ٹی شامل تھے۔ پہلا انعام خوشی شائستہ ناز، دوسرا سید محمد عرفان، تیسرا انعام سیدہ فاطمہ کریمی کو حاصل ہوا۔

حیاتیاتی تنوع تالاب کا افتتاح

یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں جدید طبی سہولیات کا بھی آغاز

یونیورسٹی میں 7 رمئی کو حیاتیاتی تنوع تالاب اور ہیلتھ سنٹر میں جدید طبی سہولیات کا افتتاح عمل میں آیا۔ حیاتیاتی تنوع تالاب کا افتتاح انجام دینے کے بعد پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ صحت کا خیال اور ماحولیاتی تحفظ مشترکہ طور پر صحت مند ماحول کی تشکیل کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیر زمین پانی کی سطح جس تیزی کے ساتھ گھٹ رہی ہے اور شہر حیدرآباد کے درجہ حرارت میں جس طرح سے اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے یہ ایک نہایت تشویشناک امر ہے۔

پروفیسر عین الحسن کے مطابق زیر زمین پانی کی سطح کو بحال کرنے کے ایک اہم اقدام کے طور پر مانو کیمپس میں حیاتیاتی تنوع تالاب کا آغاز کیا گیا ہے جس میں پہلے تو یونیورسٹی کے استعمال شدہ پانی کو چھوڑا جارہا ہے اور اگلے مرحلے میں مانسون کے پانی کو بھی جمع کرنے کا منصوبہ ہے تاکہ اگلے موسم گرما سے قبل زیر زمین پانی کو ریچارج کیا جاسکے۔ تقریب میں ابتدائی کلمات ڈاکٹر اقبال خان، انچارج انجینئرنگ سیکشن نے ادا کیے۔ محمد انتصار الباقی، اسسٹنٹ انجینئر نے کارروائی چلائی اور مسٹر ٹی سنتوش، اسسٹنٹ انجینئر نے ہدیۂ تشکر ادا کیا۔

2.68 ایکڑ پر پھیلے تالاب کا قطر 450 میٹر ہے۔ اس میں 80 لاکھ لیٹر پانی جمع ہوسکتا ہے۔ اس تالاب میں بطخیں وغیرہ بھی موجود ہیں۔ جو اس کی خوبصورتی میں چار چاند لگاتی ہیں۔ تالاب کے اطراف چہل قدمی کے لیے راستہ بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں کو بیٹھنے کے لیے بنچ بھی رکھی گئیں۔

خواتین کا لحاظ کریں۔ پارلیمنٹ کی جانب سے خواتین کی تعلیمی ترقی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو دیئے گئے مینڈیٹ کا اہم حصہ ہے۔

یومِ جمہوریہ کی اس تقریب میں ڈاکٹر مظفر حسین خان، کی نگرانی میں یونیورسٹی کے کلچرل کلب کے طلبہ نے پرچم کشائی کے بعد قومی ترانہ پڑھا اور حب الوطنی پر مبنی نغمے پیش کیے۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر ایم اے عظیم، پراکٹر، ڈاکٹر محمد یوسف خان، صدر نشین قومی تقاریب کمیٹی وائس چانسلر کے ہمراہ موجود تھے۔ لفٹننٹ محمد عبدالمجیب، اسوسیئٹ این سی سی آفیسر کی نگرانی میں ون تلنگانہ آرٹی بیٹری این سی سی مانو سب یونٹ کے کیڈٹس نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے این سی سی کیڈٹس میں سرٹیفکیٹس کے سرٹیفکیٹس پیش کیے گئے۔ اس کے علاوہ ویجلنس اویرنیس کے موقع پر منعقدہ تحریری مقابلوں کے فاتحین کو اسناد اور انعامات دیئے گئے۔

یومِ آزاد تقاریب۔ پروفیسر عین الحسن، امجد خان پٹھان اور باشامحی الدین کی مخاطبت

مانو ماڈل اسکول میں پانچ روزہ یومِ آزاد تقاریب کا اسکولی طلبہ کے رنگا رنگ پروگرام سے آغاز ہوا۔ 7 رنومبر کو منعقدہ تقریب کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔ باشامحی الدین، بانی وصدر نشین، لارڈس انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، حیدرآباد یومِ آزاد کے افتتاحی جلسے میں مہمانِ خصوصی تھے جبکہ امجد خان پٹھان، وائس پریسڈنٹ اینڈ سنٹر ہیڈ باش گلوبل سافٹ ویئر ٹیکنالوجی، حیدرآباد مہمانِ اعزازی تھے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ مانو ماڈل اسکول، فلک نما میں ڈگری کورسس کے کامیاب آغاز کے بعد اب پی جی کالج کی شروعات کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مانو ماڈل اسکول کو ہمہ جہت ترقی دینے کے لیے وہ ہر ممکنہ اقدامات کریں گے۔

جناب امجد خان پٹھان نے کہا کہ آج ہندوستان عالمی ترقی کا ایک اہم حصہ بنا ہوا ہے اس کا سہرا اگر کسی کے سر جاتا ہے تو وہ مولانا آزاد ہیں۔ جنہوں نے ہندوستان کے تعلیمی نظام کی بنیاد بڑی دور اندیشی کے ساتھ رکھی تھی اور مانو ماڈل اسکول، ہندوستان کے ترقی یافتہ تعلیمی نظام کا ایک ثبوت ہے۔ انہوں نے اس بات کا یقین دلایا کہ باش کمپنی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے طلبہ کے بہتر پلیسمنٹ کے لیے ہر ممکنہ تعاون فراہم کرے گے۔ جناب باشامحی الدین نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کے طلبہ کل کے رول ماڈل ہیں۔ ان کے مطابق یہ طلبہ اسی صورت میں رول ماڈل بن سکتے ہیں جب ان کی تربیت کے حوالے سے صرف اساتذہ ہی نہیں بلکہ سرپرست بھی خاص توجہ دیں۔

یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے کہا کہ یونیورسٹی کے لیے ماڈل اسکول، حیدرآباد کے علاوہ دربھنگہ اور نوح (میوات) کے ماڈل اسکول بھی مساویانہ

یومِ آزاد تقاریب کے افتتاح پر ماڈل اسکول حیدرآباد کے طلبہ اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے

اہمیت کے حامل ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے ان طلبہ کی اعلیٰ تعلیم کو یقینی بنانے کے لیے یونیورسٹی کے سبھی شعبوں میں ان کے لیے نشستوں کو محفوظ کر رکھا ہے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی اور صدر نشین یومِ آزاد تقاریب کے علاوہ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی افتتاحی تقریب کو مخاطب کیا۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں پرنسپل ڈاکٹر کفیل احمد نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ اس کے بعد مانو ماڈل اسکول کے طلبا نے متنوع رنگا رنگ ثقافتی اور تعلیمی مظاہروں پر مبنی پروگرام پیش کرتے ہوئے حاضرین کا دل موہ لیا۔ اقوال آزاد، تلگو زبان کی اہمیت، یوگا ایکٹ، ایکٹ (ڈیجیٹل دھوکہ)، ایکٹ (کسوٹی وقت کی)، نظم (مولانا آزاد)، پلاسٹک کے مضر اثرات، امبریلا ڈرل، ایکٹ (ہم ایک زندہ قوم ہیں)، مکالمہ، قوالی شامل تھے۔ اس موقع پر ماڈل اسکول کے طلبہ کے تیار کردہ تعلیمی ماڈلس کی نمائش کی گئی۔

پروفیسر کرشنا کمار کا یومِ آزادیا گاری خطبہ

یومِ آزاد یادگاری خطبہ کا 11 رنومبر کو اہتمام کیا گیا۔ پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر کرشنا کمار قومی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (NCERT) کے سابقہ ڈائرکٹر نے یومِ آزاد خطبہ دیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔

پروفیسر کرشنا کمار نے یومِ آزاد خطبہ بعنوان ''اعلیٰ تعلیم اور اس کو درپیش چیلنجس'' دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں تعلیم کا سرسری نہیں بلکہ گہرائی کے ساتھ تجزیہ کرنا ہوگا۔ تعلیم جہاں ایک تصور ہے وہیں یہ ایک نظام بھی ہے۔ تصور کے طور پر تعلیم میں جہاں مثالیت اور اقدار کی بات ہوتی ہے وہیں نظام کے طور پر اس میں تاریخ اور سماجی حالات پنہاں ہوتے ہیں۔ اس موقع پر اردو کے دو صحافیوں محمد رشید الدین، بیورو چیف روزنامہ سیاست اور واجد اللہ خان، یو این آئی اردو کو ان کے صحافت میں دیرینہ خدمات پر ''ستارۂ

پروفیسر سید عین الحسن جناب رشید الدین اور جناب واجد اللہ خان کو ستارۂ صحافت ایوارڈ دیتے ہوئے

یومِ تاسیس۔شہر حیدرآباد کی نمائندہ شخصیات کی خدمات کا اعتراف

یونیورسٹی میں 9/جنوری کو 28 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر شہر حیدرآباد کی نمائندہ شخصیات کی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔ یومِ تاسیس کی تقریب میں جن شخصیتوں کو اعتراف خدمات کا ایوارڈ دیا گیا ان میں اردو زبان میں تھیٹر کو فروغ دینے کے لیے پدم شری محمد علی بیگ، اردو زبان وادب کے فروغ کے لیے جن شخصیات کو آج ایوارڈ دیا گیا ان میں مدیر شگوفہ ڈاکٹر سید مصطفیٰ کمال، پروفیسر تقی علی خان (بعد از مرگ) اور محترمہ نسیمہ تراب الحسن، شامل ہیں۔ جبکہ تعلیم کے فروغ کے لیے ڈاکٹر عبدالقدیر، چیئرمین شاہین گروپ آف انسٹیٹیوشنس، بیدر کو ایوارڈ دیا گیا اور اردو کو ٹیکنالوجی سے جوڑنے کی گراں قدر خدمات انجام دینے کے اعتراف میں جناب اشہر فرحان کو بھی یادگاری مومنٹو اور تہنیت پیش کی گئی، جو ان کے غیاب میں پروفیسر نجم الحسن نے حاصل کی۔ ان سبھی ایوارڈیافتگان کو یومِ تاسیس کی تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کے ہاتھوں شال پوشی، تہنیت نامہ اور یادگاری مومنٹو سے دیا گیا۔ پروفیسر تقی علی خان کو بعد از مرگ دیئے جانے والے اس ایوارڈ کو ان کی صاحبزادی نے حاصل کیا۔ محترمہ نسیمہ تراب الحسن، اپنی خرابیِ صحت کی وجہ سے پروگرام میں شریک نہیں ہوسکیں۔ اس لیے ڈاکٹر پریہ حسن نے ان کے غیاب میں ان کا تہنیت نامہ اور یادگاری مومنٹو حاصل کیا۔

یومِ آزادی پر پروفیسر عین الحسن کا پیام

برطانوی حکومت کے خلاف آواز اٹھانے والے برطانیہ کی نظر میں تو باغی تھے لیکن وطن کے لیے انہوں نے عظیم خدمات انجام دیں۔ خاص کر بھگت سنگھ، راج گرو، مولوی محمد باقر، گاندھی جی اور مولانا آزاد جیسے مجاہدین کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کیا۔ وہ 15/اگست کو یونیورسٹی کیمپس میں پرچم کشائی کے بعد مخاطب تھے۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر عبدالعظیم، پراکٹر بھی موجود تھے۔

پروفیسر عین الحسن نے بطور خاص اردو صحافت کے پہلے شہید مولوی محمد باقر کا ذکر کیا جنہوں نے جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنی صحافت کے ذریعہ انگریزوں کی نیندیں حرام کردی تھیں۔ وائس چانسلر نے مزید کہا کہ آزادی محض ایک اصطلاح یا لفظ نہیں ہے بلکہ ہمارے لیے یہ احساس کا نام ہے اور یہ احساس ہماری زندگی کی علامت ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن، این سی سی طالبہ کو سرٹیفکیٹ پیش کرتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر عبدالعظیم، ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری اور عبدالجیب ودیگر

پرچم کشائی کی اس تقریب کے دوران تلنگانہ ون آرٹی بیٹری، این سی سی یونٹ مانو کے کیڈٹس نے وائس چانسلر کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس موقع پر این سی سی کا امتحان کامیاب کرنے والے 23 کیڈٹس کو وائس چانسلر کے ہاتھوں سرٹیفکیٹس اور رینکس حوالے کیے گئے۔ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، پبلک ریلیشنز آفیسر انچارج نے کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر اور ڈاکٹر شیخ وسیم پٹھان، اسوسیٹ پروفیسر کی نگرانی میں طلباء وطالبات نے قومی ترانہ اور حب الوطنی گیت پیش کیے۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان کی زیر قیادت انتظامی کمیٹی نے انتظامات کی نگرانی کی۔ رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں آئی ایم سی ٹیم نے یوٹیوب چینل اور سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر پروگرام کا لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔

یومِ جمہوریہ کے موقع پر مانو میں پروفیسر عین الحسن کا خطاب

دستورِ ہند جہاں ہم ہندوستانیوں کو قانونی تحفظات فراہم کرتا وہیں یہ دستور ہم پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے پرچم کشائی کے بعد کیا۔ وہ 26/جنوری کو یونیورسٹی میں 76 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب کو مخاطب کررہے تھے۔ ان کے مطابق یومِ جمہوریہ کے موقع پر ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ ہم تمام شہری اپنی ذمہ داریوں سے بھی عہدہ برآ ہوں گے۔

پروفیسر عین الحسن کے مطابق آئین کے نفاذ کے علاوہ اس کا ادراک بھی ضروری ہے۔ ہم ایک دوسرے سے مل کر مشترکہ اہداف کے حصول کی کوشش کریں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ کئی لوگوں نے اس ملک کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے یونیورسٹی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارلیمنٹ کی جانب سے اردو کے لیے بنائی گئی یونیورسٹی ہے۔

اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے بتایا کہ محکمہ داخلہ حکومت ہند کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق پروفیسر عین الحسن، وائس چانسلر، مانو کو ہندوستان کے تیسرے بڑے سویلین ایوارڈ پدم شری کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ جس کے لیے پوری مانو برادری شیخ الجامعہ کو مبارکباد دیتی ہے۔

وائس چانسلر نے اپنا پیام میں مزید کہا کہ اس یونیورسٹی میں ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے مجھے ہر گوشہ سے احترام، محبت واعزازات ملے ہیں جس کے لیے میں سبھی کا مشکور ہوں۔ انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ ایک دوسرے کی عزت کریں اور بطور خاص

اردو یونیورسٹی کے یومِ تاسیس پر پروفیسر طارق منصور کا خطاب

یونیورسٹی کے 28 ویں یومِ تاسیس تقریب کا 9 رجنوری کو انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر طارق منصور، سابق وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی مہمانِ خصوصی تھے۔ انہوں نے یومِ تاسیس خطبہ دیا۔ یومِ تاسیس کی اس تقریب میں جناب ممتاز علی، چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی بطورِ مہمانِ خصوصی مدعو تھے جبکہ پروگرام کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کی۔ یومِ تاسیس خطبہ میں پروفیسر طارق منصور نے کہا کہ اردو کا تعلق کسی خاص علاقہ یا مذہب سے نہیں ہے۔ یہ ایک ایسی ہندوستانی زبان ہے۔ جسے اب دنیا بھر میں مقبولیت حاصل ہے۔ اوراس کے مداحوں میں آج غیر مسلم احباب زیادہ نظر آتے ہیں۔

پروفیسر طارق منصور نے مزید کہا کہ برصغیر میں اردو کا آغاز اور فروغ پنجاب اور دکن کے علاقوں میں ہوا۔ لیکن آج اردو برصغیر سے باہر نکل کر سارے عالم میں پہنچ چکی ہے۔ جہاں یہ ہندوستان کی 23 مسلمہ زبانوں میں شامل ہے، وہیں اردو کو اقوامِ متحدہ نے عالمی زبان کا درجہ دیا ہے۔ اردو کے فروغ کے لیے غیر مسلم حضرات کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر طارق منصور نے کہا کہ آج بھی غیر اردو داں حضرات تک اردو زبان کو پہنچانے میں ڈاکٹر سنجیو صراف کی ریختہ فاؤنڈیشن پیش پیش ہے۔ جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اردو کسی ایک خاص مذہب یا علاقے کی زبان نہیں ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو اپنے قیام کی 28 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مانو کی ذمہ داری ہے کہ وہ خلیجی ممالک سے ہندوستان کے بہتر تعلقات کے پس منظر میں تعلیم اور تحقیق کا کام کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی طور پر بھی حیدرآباد دکن کا خاص کر سعودی عرب سے خاص تعلق رہا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ موجودہ دور میں بھی دونوں ملکوں کے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے ایک تعلیمی ادارے کے طور پر مانو قدم بڑھائے۔ انہوں نے کہا کہ صرف سعودی عرب نہیں بلکہ پورے عرب خطے میں ہندوستانیوں کی بڑی تعداد رہتی ہے۔ جن تک اپنی رسائی کو یقینی بناتے ہوئے مانو ٹھوس خدمات انجام دے سکتی ہے۔ مہمانِ اعزازی اور علی گڑھ یونیورسٹی کے سابقہ وائس چانسلر پروفیسر منصور نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ بڑے خواب دیکھیں اور محنت کریں تاکہ ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ادا کرسکیں۔ ان کے مطابق مانو نے اپنے 28 برس کے سفر میں اس بات کو ثابت کیا کہ اردو ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے۔

مہمانِ خصوصی، چانسلر اردو یونیورسٹی جناب ممتاز علی نے بھی تقریب کو مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اردو یونیورسٹی نے جس کامیابی کے ساتھ قانون کی تعلیم کا اردو میں آغاز

پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر طارق منصور کو یادگاری تحفہ پیش کرتے ہوئے۔ چانسلر ممتاز علی، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر صدیقی محمد محمود، پروفیسر شگفتہ شاہین اور پروفیسر علیم اشرف جائسی

کیا اب وقت آ گیا ہے کہ اردو یونیورسٹی طب کی تعلیم بھی شروع کرے۔ انہوں نے مولانا ابوالکلام آزاد کو خراج پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ نہ صرف مذہبی، بلکہ عصری علوم کے بھی حامی تھے۔ اس پس منظر میں اردو یونیورسٹی سے وابستہ ہر فرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ مولانا آزاد کے مشن کو آگے بڑھائے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ یومِ تاسیس کی اہمیت سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا۔ ان کے مطابق مانو کا آغاز جس نیک نیتی کے ساتھ کیا گیا تھا آج وہ اظہر من الشمس ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ یونیورسٹی کے چانسلر صاحب کی خواہش کے مطابق اردو یونیورسٹی میں میڈیکل کالج کے آغاز کے لیے ہر ممکنہ کوشش کریں گے۔

قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ترقی میں اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور غیر مستقل اسٹاف کی انتھک محنت شامل ہے۔ یونیورسٹی کو نیک اور این آئی آر ایف رینکنگ کے حصول میں بھی یہاں کے عملہ اور اساتذہ کی مشترکہ کاوشوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ یومِ تاسیس کے حوالے سے انہوں نے مانو سے وابستہ ہر فرد اور یونیورسٹی کے تمام بہی خواہوں کو مبارکباد پیش کی۔

یومِ تاسیس کی اس تقریب میں یونیورسٹی سے سبکدوش ہونے والے ملازمین پروفیسر صداقت علی خان، ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈاکٹر عباس خان، جناب اظہر حسین خان، جناب نندا کمار کو تہنیت پیش کی گئی۔

اس موقع پر تین کتابوں کی رسم اجراء انجام دی گئی جس میں یونیورسٹی کا جریدہ ''ادب وثقافت'' کا مولانا آزاد پر خصوصی نمبر، پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ کی کتاب ''انسان زمین پر اللہ کا خلیفہ'' اور ڈاکٹر صابر علی سیوانی کی کتاب ''روضۃ الشہدا اور کربل کتھا کا تقابلی مطالعہ'' کا رسم اجراء بھی عمل میں آیا۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی نے کارروائی چلائی جبکہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈی ایس ڈبلیو نے شکریہ کے فرائض انجام دیئے۔

فہرست

سلسلہ نشان	مشمولات			صفحہ نمبر
.1	اہم تقاریب کا احوال			3
.2	خصوصی گوشہ (انٹرویوز)			
	.1	جے آر ایف آل انڈیا ٹاپر ٹاپر انعم ظفر	از ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوسیئٹ پروفیسر ایم سی جے	13
	.2	پروفیسر تبریز عالم، ڈین لاء اسکول	از محمد اکمل ہدیٰ، ایم اے ایم سی جے	14
	.3	پروفیسر شاہدہ، ڈین اسکول برائے فنون وسماجی علوم	از ڈاکٹر تبریز حسین، فیکلٹی شعبۂ تعلیمات نسواں	16
.3	اسکول، نظامت، مراکز			
	.1	اسکول برائے فنون وسماجی علوم		18
	.2	اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات		21
	.3	اسکول برائے سائنسی علوم		25
	.4	اسکول برائے ٹیکنالوجی		27
	.5	اسکول برائے تعلیم وتربیت		28
	.6	اسکول برائے مینجمنٹ وکامرس		28
	.7	اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت		29
	.8	لاء اسکول		30
	.9	مالویہ مشن ٹیچرس ٹریننگ سنٹر		30
	.10	مرکز برائے فاصلاتی وآن لائن تعلیم		31
	.11	مرکز برائے مطالعاتِ اردو ثقافت		33
	.12	مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم		33
	.13	ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن، ٹرانسلیشن اسٹڈیز، لکسیکوگرافی اینڈ پبلیکیشن		33
	.14	البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی شمولیت		34
	.15	ڈین بہبودیٔ طلبہ		34
	.16	گرلز ہاسٹلس کی سرگرمیاں		35
.4	آف کیمپسیس			36
.5	متفرق خبریں			40
.6	پی ایچ ڈی			42
.7	یادرفتگان: شفقت اور خلوص کا ہمالیائی پیکر پروفیسر نجم السحر		از جناب حسام الدین ریاض	44
.8	اردو یونیورسٹی نیوز لیٹر کے آرکائیوز سے			45
.9	داخلوں کا اعلامیہ			47
.10	مانو المنائی ایسوسی ایشن اور تعلقات عامہ کی داخلہ مہم			48
.11	پروفیسر سید عین الحسن کو پدم شری کا اعزاز ملنے پر ''نذرانۂ تہنیت''		از ڈاکٹر اسلم پرویز، ڈی ٹی ٹی ایل پی	49

اردو یونیورسٹی۔ مستقبل کا سفر

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا ترجمان رسالہ ''الکلام'' اب ہر برس دو مرتبہ شائع ہونے لگا ہے۔ گذشتہ شمارے میں ایک نیا سلسلہ ''خصوصی گوشے'' کے عنوان کے تحت متعارف کیا گیا تھا۔ اس مرتبہ خصوصی گوشے میں انٹرویوز شامل کیے جا رہے ہیں۔ الکلام میگزین کے ذریعے سے نہ صرف مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی برادری سے رابطہ قائم ہوتا ہے بلکہ یہ رسالہ ملک بھر میں چنندہ محبان اردو اور اردو اداروں و انجمنوں تک بھی پہنچایا جاتا ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، اردو زبان میں روایاتی اور پیشہ ورانہ تعلیم کا واحد مرکزی جامعہ ہے جہاں روایت علم و آگہی کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگی ہوتی ہے۔ یہاں زبان صرف ذریعہ تعلیم نہیں بلکہ تہذیب، ترقی اور خود شناسی کا وسیلہ بھی ہے۔

ایک ایسے وقت جب 'الکلام' اشاعت کے قطعی مراحل میں ہے، مجھے یہ لکھتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ نئے تعلیمی سال 26-2025 سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹورل سطح کا پی ایچ ڈی پروگرام الائیڈ ہیلتھ سائنس (میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی)، بی ٹیک (سیول انجینئرنگ)، ایڈوانس ڈپلوما ان پشتو، خوش خطی، تلگو، ترکی اور اردو میں ڈپلوما کے علاوہ سی ٹی ای در بھنگہ، بہار میں ایل ایل ایم کورسس کا آغاز کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ایک میڈیکل کالج کے آغاز کا بھی منصوبہ ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اب اردو یونیورسٹی میں ریگولر پروگراموں کی کل تعداد 120 تک پہنچ گئی ہے۔ جس میں پی ایچ ڈی کے 31 پروگرامس، پوسٹ گریجویشن کے 33 پروگرامس، انڈر گریجویٹ کے 19 اور پروفیشنل ڈپلوما کے 8 پروگرامس شامل ہیں۔

گذشتہ تعلیمی سال کے دوران مانو نے 2840 طلبہ کو داخلہ دیا تھا۔ فی الحال مانو میں 370 مستقل اساتذہ برسر کار ہیں۔ اس طرح طلبہ اور اساتذہ کا تناسب 14:1 قائم ہے۔

مجھے امید ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں تعلیم کا حصول طلبہ کے لیے صرف ایک سند کے حصول کا ذریعہ نہیں بلکہ ان کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بناتے ہوئے ان کے ذہنوں کو روشن، زبان کو زندہ اور مستقبل کو تابناک بنانا ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी
مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
A Central University under Ministry of Education
Government of India

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سابقہ نظامت فاصلاتی تعلیم)

داخلہ اعلامیہ۔ تعلیمی سال 2025-26

جولائی-اگست 2025 سے شروع ہونے والے تعلیمی سیشن کے تعلیمی سال 2025-2026 کے لیے درج ذیل اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL موڈ) پروگراموں میں داخلے کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں:

1۔ ایم اے (اردو)	2۔ ایم اے (ہندی)
3۔ ایم اے (انگریزی)	4۔ ایم اے (عربی)
5۔ ایم اے (تاریخ)	6۔ ایم اے (اسلامک اسٹڈیز)
7۔ ایم بی اے	8۔ بی ایڈ
9۔ بیچلر آف آرٹس (آنرس)	10۔ بیچلر آف کامرس (آنرس)
11۔ بیچلر آف سائنس (آنرس)	
12۔ ڈپلوما ان جرنلزم اینڈ ماس کمیونی کیشن	
13۔ ڈپلوما ان ٹیچنگ انگلش	
14۔ ڈپلوما ان ارلی چائلڈ ہوڈ کیئر اینڈ ایجوکیشن	
15۔ ڈپلوما ان اسکول لیڈرشپ اینڈ مینجمنٹ	
16۔ ڈپلوما ان ایمپلائبلٹی اسکلس	
17۔ ڈپلوما ان اردو	
18۔ سرٹیفیکیت کورس اہلیت اردو بذریعہ انگریزی	
19۔ سرٹیفیکیت ان فنکشنل انگلش	

ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ manuu.edu.in/dde داخلہ پورٹل manuuadmission.samarth.edu.in پر دستیاب رہیں گے۔ مندرجہ بالا پروگرامس میں داخلے کے لیے درخواست فارم رجسٹریشن فیس کے ساتھ آن لائن جمع کرنا ہوگا۔ اسناد کی تصدیق کے بعد پراسپکٹس 2025-26 میں دی گئی تفصیل کے مطابق پروگرام کی فیس ادا کرنی ہوگی۔

امیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہلپ لائن **040-23008463** اور **040-23120600** (**2208&2207**) پر صبح 9:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ مزید معلومات نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ، سری نگر، رانچی، امراوتی، حیدرآباد، جموں، نوح، وارانسی اور لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل/سب ریجنل سنٹرس سے بھی حاصل کر سکتے ہیں یا ویب سائٹ **manuu.edu.in/dde** ملاحظہ کریں۔

- بی ایڈ اور ایم بی اے (داخلہ جاتی پروگرامز) کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 20/اگست 2025 ہے۔
- دیگر پروگرامز کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 14 ستمبر 2025 ہے۔
- فیس ادائیگی کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2025 رات 11:59 بجے سے قبل مقرر ہے۔

ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم — manuu.edu.in/dde — رجسٹرار

अल कलाम
الکلام
Al kalam

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY MAGAZINE

ISSUE XXXIV, August 2025

وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کو پدم شری ایوارڈ

تفصیلات صفحہ 49 پر

جناب مظہر الدین حسینی، پروفیسر سید عین الحسن و دیگر اسکالرشپ چیک کی نقل کے ساتھ

تفصیلات صفحہ 9 پر

فاصلاتی تعلیم میں ایم بی اے کا آغاز ہوگا

تفصیلات صفحہ 31 پر

مانو کے بینر تلے کمیونٹی ریڈیو کا جلد آغاز تفصیلات صفحہ 12 پر

حیاتیاتی تالاب کا افتتاح تفصیلات صفحہ 6 پر